www.imroz.com.pk

بلوچستان کے عوام کا نمائندہ اخبار

Daily IMROZ Quetta A.B.C Certified

روزنامہ امروز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر حکیم اکمل

جلد نمبر 12 | بروز جمعرات 25 فروری 2021ء 12 رجب 1442ھ | شمارہ 242 | قیمت 10

احسان اللہ احسان کے فرار ہونے میں چند فوجی افسران ملوث تھے، ڈی جی آئی ایس پی آر

ملوث فوجی افسران کیخلاف کارروائی کی جاچکی ہے، معلوم نہیں احسان اللہ احسان کہاں ہیں، دوبارہ گرفتاری کی کوششیں جاری ہیں، لاپتہ افراد کا معاملہ بہت جلد حل ہو جائے گا

وزیرستان میں شدت پسندوں کے خلاف کارروائی کا ردعمل آرہا ہے، انڈیا پاکستان مخالف شدت پسندوں کی مدد کر رہا ہے اور اس کا علم افغان انٹیلی جنس کو بھی ہے، میجر جنرل بابر افتخار

راولپنڈی (این این آئی) پاک فوج کے ترجمان میجر جنرل بابر افتخار نے کہا ہے کہ کالعدم تحریک طالبان پاکستان کے سابق ترجمان احسان اللہ احسان کے فوج کی تحویل سے فرار ہونے میں چند فوجی افسران ملوث تھے جن کے خلاف کارروائی کی جاچکی ہے، معلوم نہیں احسان اللہ احسان کہاں ہیں، دوبارہ گرفتاری کی

بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

میں نے کسی روایتی سیاسی جماعت کو جوائن نہیں کیا، عمران خان

14 سال تک میرے موقف کو تسلیم نہیں کیا گیا تاہم مشکل حالات میں ہمت نہیں ہارنی چاہیے

کولمبو (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ انہوں نے کبھی روایتی سیاست جوائن نہیں کی بلکہ انہوں نے تن تنہا سیاست شروع کی جس میں اُن کے ساتھ چند لوگ تھے۔ وزیراعظم عمران خان نے سری لنکا کی وزارت کھیل کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کھیل

بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پاکستان اور اسلامی ترقیاتی بینک کے مابین 1 اعشاریہ 1 ارب ڈالر کا سالانہ پلان منظور

فنانسنگ معاہدہ بین الاقوامی مالیاتی ادارے کا پاکستان پر اعتماد کا مظہر ہے، وفاقی وزیر خسرو بختیار

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور اسلامی ترقیاتی بینک کے مابین 1 اعشاریہ 1 ارب ڈالر کا سالانہ پلان منظور ہوگیا۔ اسلامک ڈویلپمنٹ بینک کے ماتحت ادارے انٹرنیشنل اسلامک ٹریڈ فنانس کارپوریشن (آئی ٹی ایف سی) نے پاکستان کیساتھ 1 اعشاریہ 1 ارب ڈالر کا سالانہ

بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کووڈ 19 سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ملک سے کورونا کا خاتمہ کرسکتے ہیں، جام کمال

کورونا وائرس سے یقیناً پوری دنیا کی معیشت بری طرح سے متاثر ہوئی ہے لیکن اس وباء سے متعلق احتیاطی تدابیر پر عملدرآمد کے باعث موجودہ صورتحال گزشتہ سال کی نسبت یکسر برعکس ہے

حکومت نے عوام کے تعاون سے کورونا وائرس کی وبا پر بہت حد تک قابو پایا ہے، حالیہ ویکسینیشن کے آغاز سے صوبے میں مثبت کیسز کی تعداد میں نمایاں کمی دیکھنے میں آئی ہے، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی زیر صدارت کووڈ 19 سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات محترمہ بشریٰ رند، وزیراعلیٰ کے پرنسپل سیکرٹری زاہد سلیم، سیکرٹری ایس اینڈ جی اے ڈی بلال جمالی،

بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

تین مارچ کو سینیٹ کی 48 نشستوں پر انتخابات ہونگے

اسلام آباد کی جنرل نشست پر پانچ اور خواتین کی ایک نشست جمع کرائے گئے کاغذات نامزدگی کی حتمی فہرست جاری

اسلام آباد (این این آئی) تین مارچ کو سینیٹ کی 48 نشستوں پر انتخابات ہونگے۔ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کی جنرل نشست پر پانچ اور خواتین کی ایک نشست جمع کرائے گئے کاغذات نامزدگی کی حتمی فہرست الیکشن کمیشن نے جاری کردی ہے جن

بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان عوامی پارٹی کے پارلیمانی وفد کی پی ٹی آئی وفد سے اسپیکر ہاؤس میں ملاقات

اسلام آباد/ کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے پارلیمانی وفد نے پی ٹی آئی وفد سے اسپیکر ہاؤس میں ملاقات کی جس میں اسپیکر اسد

بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

گورنر بلوچستان امان اللہ خان یٰسین زئی سے سردار بہادر خان وومین یونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ساجدہ نورین ملاقات کررہی ہیں

خفیہ بیلٹ سے متعلق معاملات پارلیمنٹ طے کریگی، چیف جسٹس

جمہوریت میں فیصلے پارٹی کرتی ہے قیادت نہیں، پارٹیوں کے فیصلے بھی جمہوری انداز میں ہونے چاہیں

خفیہ ووٹ ووٹر کا اپنا راز ہے اور ووٹر اپنا راز کسی اور ووٹر سے تو شیئر کرسکتا ہے ریاست سے نہیں، ریمارکس

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان کے چیف جسٹس گلزار احمد نے سینیٹ انتخابات میں اوپن بیلٹ کے معاملے میں ریمارکس دیئے ہیں کہ جمہوریت میں فیصلے پارٹی کرتی ہے قیادت نہیں، پارٹیوں کے فیصلے بھی جمہوری انداز میں ہونے چاہیں۔ سینٹ میں اوپن بیلٹ سے متعلق معاملے کی سماعت چیف جسٹس گلزار احمد کی سربراہی میں قائم پانچ رکنی لارجر بینچ نے کی۔ دوران سماعت چیف جسٹس گلزار احمد نے ریمارکس دیئے کہ آئین میں پارٹیوں کا ذکر ہے شخصیات کا نہیں، ہمارے سامنے 3 صورتحال ہیں، کیا آرٹیکل 226

بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ہمارے نوجوان قوم کا سرمایہ ہیں، میر عمر جمالی

منشیات جیسی بیماری سے بچیں اور اسپورٹس میں بڑھ چڑھ حصہ لیں اور اپنے شہر کا نام روشن کریں، صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ

ہمارے شہر اوستہ محمد کے نوجوانوں نے پہلے بھی بیرون ملک اور اپنے ملک پاکستان میں میچز کھیل کر اپنے شہر کا نام روشن کیا ہے

اوستہ محمد (نامہ نگار احسان کریم) اوستہ محمد کے نوجوان کو چاہیے کہ منشیات جیسی بیماری سے بچیں اور اسپورٹس میں بڑھ چڑھ حصہ لیں اور اپنے شہر کا نام روشن کریں ہمارے نوجوان ہمارا سرمایہ ہیں ہمارے شہر اوستہ محمد کے نوجوانوں نے پہلے بھی بیرون ملک اور اپنے ملک پاکستان میں میچز کھیل کر اپنے شہر کا نام روشن کیا ہے مزید انکا کہنا تھا کہ وزیراعلیٰ جام کمال کا ایک ویژن ہے کہ ہر ضلع میں ایک اسپورٹس کمپلیکس بنے اسی حوالے سے ایک اسپورٹس کمپلیکس یوسی کیٹل فارم پر بننے جارہا ہے جہاں پر اسپورٹس کے متعلق مختلف ایونٹس منعقد کیے جائے

بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان بیوروکریسی میں تقرریاں وتبادلے

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی بیوروکریسی میں تقرریاں وتبادلے۔ چیف سیکرٹری بلوچستان مطہر

بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

مٹھی بھر دہشتگرد عناصر اپنے انجام کو پہنچ رہے ہیں، نور محمد دمڑ

بزدلانہ کارروائی کرنیوالے دہشتگردوں کو بلوچستان کا امن تباہ کرنے نہیں دینگے معصوم اور بے گناہ لوگوں کو نشانہ بنانیوالے انسان نہیں درندہ صفت ہیں

زیارت کلی چنہ سے تعلق رکھنے والے مدثر پانیزئی کے اپنے خاندان سمیت پشتونخوا میپ سے مستعفی ہوکر بلوچستان عوامی پارٹی میں شمولیت سے کا خیرمقدم کرتے ہے

کوئٹہ (حریف ترین) بی اے پی کے مرکزی رہنماء صوبائی وزیر پی ایچ ای/ واسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے کوئٹہ گولیمار چوک کے قریب حمام کی دوکان پر دہشت گردوں کی جانب سے ہینڈ گرنیڈ سے حملہ کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ بزدلانہ کارروائی کرنے والے دہشت گردوں کو بلوچستان کا امن تباہ کرنے نہیں دینگے معصوم اور بے گناہ لوگوں کو نشانہ بنانے والے انسان نہیں درندہ صفت ہے مٹھی بھر دہشت گرد/ شرپسند عناصر اپنے انجام کو پہنچ رہے اب وہ آخری سانسیں لے رہے ہیں زیارت کلی چنہ سے

بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پولیس نے 10 سالہ علی شیر نامی بچے کے چار قاتلوں کو گرفتار کرلیا

کوئٹہ (این این آئی) سپرنٹینڈنٹ پولیس صدر ڈویژن کوئٹہ شوکت علی مہمند نے کہا ہے کہ پولیس نے 15 فروری کو اغواء کے بعد قتل کئے جانے

بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ڈی ای او ژوب، جی ٹی اے ژوب کے درمیان مذاکرات کامیاب

ایگریمنٹ پر دونوں فریقین کے دستخط، احتجاج ختم کرنے کا اعلان کردیا گیا

ژوب (این این آئی) ڈی ای او ژوب اور جی ٹی اے ژوب کے درمیان مذاکرات کامیاب ایگریمنٹ پر دونوں فریقین کے دستخط احتجاج ختم

بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سری لنکا کا ہائی پرفارمنس اسپورٹس کمپلیکس وزیراعظم عمران خان کے نام سے منسوب

کولمبو (این این آئی) سری لنکا میں وزیراعظم عمران خان کو بطور کھلاڑی خراج تحسین پیش کرتے ہوئے

بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ایکسائز ٹیکس پیپر زلسٹ یکم مارچ 2021 کو جاری کردی جائے گی، ایف بی آر

اسلام آباد (این این آئی) ایف بی آر نے کہا ہے کہ ایکسائز ٹیکس پیپر زلسٹ یکم مارچ 2021 کو جاری کر

بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

دھاندلی کا رونا کیلبری کوئین کی منافقت ہے، شہباز گل

لسانیت کی بنیاد پر تفریق ن لیگ کی گھٹیا سیاست کی بنیاد ہے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) معاون خصوصی سیاسی ابلاغ ڈاکٹر شہباز گل نے مریم نواز کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ جہاں جیتے وہاں گھس

بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

آپریشن سوئفٹ ریٹارٹ' کو 2 برس مکمل ہونے پر پاک فضائیہ کے نغمے کا ٹیزر جاری

27 فروری 2019 کو پاک فضائیہ نے ملک کی فضائی حدود کی خلاف ورزی کرنے والے بھارتی طیاروں کو مار گرایا تھا، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) پاک فضائیہ نے آپریشن سوئفٹ ریٹارٹ کو 2 برس ہونے پر اس میں حصہ لینے والے ہیروز کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے

بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

حلقہ انتخاب آئندہ سب سے ترقی یافتہ علاقہ ہوگا، ملک نعیم بازئی

میرا ایمان عوام کی خدمت کرنا ہے، بلا رنگ ونسل عوام کی خدمت اور ان کی دہلیز پر بنیادی سہولتوں کی فراہمی ہمارا منشور ہے

عوام کی خدمت ان کی دہلیز پر سہولیات کی فراہمی اور حلقے میں ترقیاتی منصوبوں کا جال بچھا دیا ہے، صوبائی وزیر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن ملک نعیم خان بازئی نے کہا ہے کہ عوام کی خدمت ان کی دہلیز پر سہولیات کی فراہمی اور حلقے میں ترقیاتی منصوبوں کا جال بچھا دیا ہے۔ آئندہ یہ صوبے کا سب سے ترقی یافتہ علاقہ ہوگا۔ جہاں تمام سہولتیں عوام کو فراہم کی جائینگی ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنی رہائش گاہ پر مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ میرا ایمان عوام کی خدمت کرنا ہے۔ بلا رنگ ونسل عوام کی خدمت اور ان کی دہلیز پر بنیادی سہولتوں کی فراہمی ہمارا منشور ہے میرے گھر کے دروازے چوبیس گھنٹے عوام

بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ملتان اور سکھر میں موٹروے کو جلد آپریشنل کیا جائے گا، مراد سعید

آزاد کشمیر، بلوچستان اور گلگت بلتستان میں اگر حادثات ہوں تو گاڑی بھی نہیں ملتی، وزیر مواصلات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے مواصلات مراد سعید نے کہا ہے کہ ملتان اور سکھر میں موٹروے کو جلد آپریشنل کیا جائے گا ٹول پلازوں پر رش بھی ختم کیا جائے گا، آزاد کشمیر، بلوچستان اور گلگت بلتستان میں اگر حادثات ہوں تو گاڑی بھی

بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ہارے صوبے میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں، عبدالخالق ہزارہ

بلوچستان مختلف ثقافتوں اور روایات کا امین ہے کھیلوں کے فروغ سے صوبے کا مثبت پہلو دنیا کے سامنے اجاگر ہوگا

صوبائی حکومت نوجوانوں کو کھیلوں کی جانب راغب کرنے کے لیے خصوصی توجہ مرکوز رکھی ہے، صوبائی مشیر کھیل وثقافت

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر کھیل وثقافت عبدالخالق ہزارہ نے کہا ہے کہ بلوچستان مختلف ثقافتوں اور روایات کا امین ہے کھیلوں کے فروغ سے صوبے کا مثبت پہلو دنیا کے سامنے اجاگر ہوگا۔ صوبائی حکومت نوجوانوں کو کھیلوں کی جانب راغب کرنے کے لیے خصوصی توجہ مرکوز رکھی ہے۔ موجودہ حکومت صوبے میں کھیلوں کے فروغ اور مقابلوں کے انعقاد کے لیے اسپورٹس فنڈز کی فراہمی، اسپورٹس کمپلیکس کی تعمیر اور کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لیے ہر ممکن اقدامات کررہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہزارہ پریمیئر لیگ کے موقع پر ہزارہ اسٹار اور

بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، ایف آئی اے نے سوشل میڈیا پر پولیس آفسر کیخلاف پروپیگنڈہ کرنیوالے شخص کو حراست میں لے لیا

کوئٹہ (این این آئی) ایف آئی اے نے سوشل میڈیا پر پولیس آفسر کیخلاف پروپیگنڈہ کرنے والے

بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ایرانی سرحدی فورسز نے 52 پاکستانیوں کو بغیر دستاویزات کے گرفتار کرکے تفتان انتظامیہ کے حوالے کردیا

چاغی (این این آئی) ایرانی سرحدی فورسز نے 52 پاکستانیوں کو بغیر دستاویزات کے گرفتار کرکے تفتان انتظامیہ کے حوالے کردیا لیویز ذرائع کے مطابق

بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

حکومت چاہتی ہے کہ کورونا سے مکمل طور پر نجات حاصل کی جائے، بشریٰ رند

ہم سب کی بروقت کوشش کرونا جیسے موذی مرض کے خلاف کافی حد تک کامیاب ہورہی ہے، صوبائی پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات

عوام نے حکومت کی جاری کردہ ہدایت پر عمل کرتے ہوئے کرونا وائرس کے نقصانات کو کافی حد تک کم کردیا ہے، ہم سب مل کر اس موذی مرض کا تدارک کرسکتے ہیں

کوئٹہ (خ ن) پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات محترمہ بشریٰ رند نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ ہم سب کی بروقت کوشش کرونا جیسے موذی مرض کے خلاف کافی حد تک کامیاب ہورہی ہے۔ عوام نے حکومت کی جاری کردہ ہدایت پر عمل کرتے ہوئے کرونا وائرس کے نقصانات کو کافی حد تک کم کردیا ہے۔ حکومت چاہتی ہے کہ اس موذی مرض سے مکمل طور پر نجات حاصل کی جائے اس کیلئے جہاں حکومتی اقدامات جاری ہیں وہاں عوام کی بھی یہ ذمہ داری ہے کہ اپنا کردار ادا کریں کیونکہ ہم سب مل کر اس موذی مرض کا تدارک کرسکتے ہیں۔ حکومت

بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پشین، جمعیت علماء اسلام کے رکن صوبائی اسمبلی حاجی اصغر خان اچکزئی اور دیگر ترانہ میں گیس پائپ لائن کا افتتاح کررہے ہیں

کوہلو، قلت آب اور بجلی کی لوڈشیڈنگ کیخلاف شہری سراپا احتجاج

بلوچستان پنجاب قومی شاہراہ پر ٹائر جلا کر دھرنا دیا مطالبات کی منظوری تک احتجاجی مظاہرہ جاری رکھنے کا اعلان

کوہلو (نامہ نگار) کوہلو شہر میں پانی کی قلت آب اور بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے خلاف شہری سراپا احتجاج بن گئے بلوچستان پنجاب قومی شاہراہ پر ٹائر

بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

غیر مقامی لوگوں کو کسی صورت میں لوکل سرٹیفکیٹ جاری نہیں کرینگے، ڈی سی لسبیلہ

لسبیلہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر لسبیلہ ڈاکٹر حسن وقار چیمہ نے کہا ہے کہ غیر مقامی لوگوں کو کسی صورت میں لوکل

بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم ملک میں جمہوریت کی مضبوطی اور ووٹ کے تقدس کی بحالی چاہتے ہیں، شبلی فراز

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات سینیٹر شبلی فراز نے کہا ہے کہ وزیراعظم عمران

بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

اوتھل کے جمالی محلہ میں قتل کا واردات

نامعلوم ملزمان نے رات کو گھر میں گھس کر ایک شخص کو گلے میں پھندا ڈال کر بڑی بے رحمی سے قتل کردیا

اوتھل (نمائندہ امروز، شفیق چنہ) اوتھل کے جمالی محلہ میں قتل کی واردات، نامعلوم ملزمان نے رات کو گھر میں گھس کر ایک شخص کو گلے میں پھندا ڈال کر

بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

اتحادی مل بیٹھ کر سینیٹ انتخابات میں معاملات حل کرینگے، حسنین ہاشمی

فیصلے تمام اتحادیوں کی مشاورت سے کئے ہیں اور سینیٹ انتخابات میں بھی یہ سلسلہ خوش اسلوبی سے طے کیا جائیگا

سینیٹ انتخابات بارے جام کمال کی اتحادی جماعتوں کی کمیٹی بنانے کی تجویز اہمیت کی حامل ہے، ایڈیشنل جنرل سیکرٹری بلوچستان عوامی پارٹی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی ایڈیشنل جنرل سیکرٹری سید حسنین ہاشمی نے کہا ہے کہ بلوچستان عوامی پارٹی اور بلوچستان حکومت میں اتحادی جماعتیں سینیٹ انتخابات میں بھرپور انداز میں کامیابی حاصل کریں گی، سینیٹ انتخابات کے حوالے سے وزیراعلیٰ جام کمال خان کی اتحادی جماعتوں کی کمیٹی بنانے کی تجویز اہمیت کی حامل ہیں، تمام اتحادی مل بیٹھ کر سینیٹ انتخابات میں معاملات حل کریں گے، یہ بات انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہی، انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی عوام نے بلوچستان عوامی پارٹی اور اتحادی

بقیہ 30 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

اندازہ نہ تھا مستونگ میں معیاری ہسپتال دیکھنے کو ملے گا، نوابزادہ رئیسانی

شہید نواب غوث بخش رئیسانی ہسپتال میں نرسنگ ٹریننگ کیلئے بھی اقدامات اٹھائے جائینگے، نوابزادہ لشکری رئیسانی

محدود وسائل میں رہ کر صحت کے مختلف شعبوں کا ہسپتال ہذا میں مکمل فعال ہونا دور جدید کے تقاضوں کے عین مطابق علاج معالجہ کرنا انتہائی تعریف کے قابل ہے

مستونگ (این این آئی) رکن صوبائی اسمبلی و چیف آف سراوان نواب محمد اسلم خان رئیسانی، نوابزادہ حاجی لشکری رئیسانی نے بلوچستان یونیورسٹی سب

بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

جلد کوسٹل ایریا میں مرک سینٹرز کا آغاز کردیا جائیگا، عزیز جمالی

مکران کوسٹل ہائی اور سی پیک روٹ پر مرک سینٹر بنائے جانے کا عمل آخری مراحل میں ہے

اوتھل (رپورٹ، شفیق احمد چنہ) چیف ایگزیکٹو آفیسر پی پی ایچ آئی بلوچستان عزیز احمد جمالی نے کہا ہے کہ مکران کوسٹل ہائی اور سی پیک روٹ پر مرک سینٹر بنائے جانے کا عمل آخری مراحل میں ہے بہت جلد کوسٹل ایریا میں مرک سینٹرز کا آغاز کردیا

بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سینیٹ انتخابات ویڈیو اسکینڈل کی تحقیقاتی کمیٹی کا ویڈیو میں نظر آنیوالے ارکان اسمبلی کو نوٹس

سینیٹرز وضاحت کریں کہ وہ ووٹوں کی خرید وفروخت میں ملوث تو نہیں ہوئے، کمیٹی

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ انتخابات ویڈیو

بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

آمدن سے زائد اثاثہ جات کیس میں احتساب عدالت نمبر ایک کے فیصلے کیخلاف دائر اپیل منظور

اسلام آباد (این این آئی) آمدن سے زائد اثاثہ

بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

[redacted]

بقیہ صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بیروزگاری سے ہزاروں خاندان دو وقت کی روٹی کے محتاج ہوکر رہ گئے

ایرانی ڈیزل و پیٹرول پر پابندی ہٹائی جائے، غریب لوگوں کی دُہائی کی اپیل

خضدار (این این آئی) بلوچستان میں ایرانی ڈیزل اور پیٹرول پابندی سے غریب افراد بے روزگار، خاندان دو وقت کی روٹی کا محتاج ہوکر رہ گئے،

بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ڈیجیٹل پاکستان ویژن کی تکمیل کی جانب اہم قدم، پاکستان کی پہلی رائٹ آف وے پالیسی متعارف

پالیسی سے ٹیلی مواصلات کے شعبے میں انقلابی تبدیلیاں، رابطوں کی فراہمی میں حائل رکاوٹیں دور ہوں گی، سید امین الحق

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر انفارمیشن

بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

معاشی ترقی کیلئے زراعت کے شعبے کو جدید خطوط پر استوار کرنا ہوگا، گورنر بلوچستان

زمینداروں کو سستی بجلی کی فراہمی، معیاری بیجوں اور کھاد پر اعانت دینے سے زرعی پیداوار میں اضافہ ہوسکتا ہے، امان اللہ یٰسین زئی

موجودہ حکومت زمینداروں کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے اور ضروری سہولیات فراہم کا خواہاں ہے، زمینداروں کے وفد سے گفتگو

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی نے کہا ہے کہ ملک وصوبے کی معاشی ترقی کیلئے ضروری ہے کہ زراعت کے شعبے کو جدید خطوط پر استوار کیا جائے۔ زمینداروں کو سستی بجلی کی فراہمی، معیاری بیجوں اور کھاد پر اعانت دینے سے نہ صرف زرعی پیداوار میں اضافہ ہوسکتا ہے بلکہ غریب زمینداروں کو اپنی کاشتکاری سے زیادہ آمدنی بھی حاصل ہوگی ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ

بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے بلوچستان عوامی پارٹی کے رہنماء ڈاکٹر نواز خان ناصر اور سردار زادہ جمیل ناصر ملاقات کررہے ہیں

بقیہ 1

بھیجا گیا بلکہ یگر صوبوں کے طلباء کو ہمارے صوبے کے کوٹے پر بھیجا گیا ہمارے غریب صوبے کے طلباء وطالبات کو نظر انداز کرنے میں صوبے کے وزیر اعلیٰ اور وزیر اعظم برابر کے شریک جرم ہیں صوبے کے مفادات اور حقوق پر ہم کسی کو ڈھاکے کی اجازت نہیں دینگے ہم اپنے حقوق کیلئے ایوان بالا قومی اسمبلی کے فلور پر بھر پور اواز اٹھائینگے بلوچستان کے عوام اور ہمارے طالبعلموں کے ساتھ موجودہ صوبائی اور وفاقی حکومت کی غیر قانونی اور غیر ائینی و ناروا اقدام کو ہر جگہ پر بے نقاب کیا جائیگا انہوں نے کہا کہ میڈیا اس ناانصافی ظلم وجبر کے خلاف بھر پور اواز اٹھا کر حکومت کے صوبے کے ساتھ روا زیادتی پر اپنا کردار ادا کرے انہوں نے کہا کہ تبدیلی کے نام پر صوبے کے ساتھ فراڈ اور زیادتی کسی صورت قبول نہیں کرینگے سلکیٹیڈ حکومت سے ایسے ہی اقدامات کی توقع تھی عوام کو جنرل الیکشن میں حقیقی نمائندوں کے جمہوری حق سے محروم کر کے اج ہمارے مستقبل کے نونہالوں کے ساتھ سنگین زیادتی کی گئی انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ کو اس ظلم کے خلاف وفاق کے سامنے اس مسئلہ کو اٹھانا چاہیئے تاکہ ہمارے صوبے

آئے جس میں موقف اختیار کیا گیا کہ لیڈی ڈاکٹرز کی جانب سے لیڈی مریضہ کو پیسے نہ دینے پہ زبردستی ہسپتال سے نکالا گیا اور کہا کہ آپریشن ڈلیوری ہوگا اسکو جیکب آباد منتقل کیا جائے پھر وہاں پہ نارمل ڈلیوری ہوا ایک اور درخواست سامنے آیا جس میں پانچ روپے لیڈی ڈاکٹر کی ڈیمانڈ پوری نہیں ہوی تو ان لیڈی ڈاکٹروں نے اس مریضہ کو ہسپتال سے نکال دیا آئے روز لیڈی ڈاکٹرز ہسپتال میں الٹرا ساونڈ کروانے غریب خواتین کو بجلی نہ ہونے کا بہانہ بنا کر ٹال دیا جاتا ہے زرائع کے مطابق ڈسٹرکٹ ہیڈ کوائٹر گائنی وارڈ ہسپتال میں نجی این جی اوز کی جانب سے لاکھوں روپے سے سولر یو پی ایس انسٹال کیا گیا تھا کہ یہاں پہ بجلی کی بندش نہ ہو بدقسمتی سے بلڈنگ کو نیے تعمیر کرنے کے بہانے سولر سسٹم کو اکھاڑ کر رکھ دیا گیا ہے جب بلڈنگ میں تعمیراتی کام اگر تاخیر کا شکار ہے تو سولر سسٹم کو اکھاڑنے کی ضرورت کیوں پیش آیا البتہ لاکھوں روپے کے سولر سسٹم اب دوبارہ لگے گا یا پھر غائیب کر دیا جائیگا یہ تو وقت ہی بتائیگا شہریوں کی جانب سے ڈاکٹرز کے ناروا رویہ کے خلاف انکوائری کرنے کا اپیل کر دیا اور شہریوں نے سوشل میڈیا کے ذریعے با آلا احکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ کر دیا انہوں نے

...

کالونی گولہ کالونی سمیت دیگر گنجان آبادی کے محلوں سے ٹنوں کے حساب سے کچرہ ٹرالیوں کے ذریعے ٹھکانے لگا کر صفائی مکمل کرنے کے بعد دیگر علاقوں میں سینٹری اسٹاف اور رضا کار پہنچ گئے ہیں

بقیہ 45

پولیس تھانہ شہید ملک محمد علی (چتن پٹی) کے حدود گوٹھ بھنڈ میں شر برادری کے تین موٹر سائیکل سوار مسلح افراد نے ہوٹل پر بیٹھے بغدار برادری کے لوگوں پر حملہ کر دیا۔ فائرنگ کے نتیجے میں بغدار برادری کے دو افراد غلام حسین اور اللہ بخش بغدار گولیاں لگنے سے موقع پر جانبحق ہو گئے۔ جبکہ

...

گئی ہے، پی ٹی آئی کے بھگوڑے انکے قابو میں نہیں رہے۔ شیری رحمان نے کہا کہ الیکشن کمیشن نے پی ٹی آئی حکومت کو بے نقاب کر دیا، میثاق جمہوریت پر ہم نے زوم پر میٹنگ کی ہے، پیپلز پارٹی کی حکومت میں میثاق جمہوریت پر عمل درآمد ہوا ہے، خورشید شاہ ہمارے محترم، پرانے اور مستقل ساتھی ہے، خورشید شاہ پیپلز پارٹی کی مضبوط پہچان ہے، خورشید شاہ کی درخواست ضمانت پر سماعت نہیں ہو رہی۔

بقیہ 38

رئیسانی میموریل اسپتال مستونگ کے فرنٹ لائن ڈاکٹرز اور دیگر سٹاف کو کرونا ویکسین لگائی گئی۔ شہید

...

NOTICE INVITING TENDER

Office of the Medical Superintendent DHQ Hospital Dera Murad Jamali Invites bids from legible bidders the procurement of Medical Equipments, & General Furniture, Surgical Instruments and General Machinery etc for the Finical Year 2020-21for the execution of following under Balochistan Public Procurement Rules2014. Bid Security Rs. 2% of estimated cost,Tender fee Rs.1000 and Tender Opening date 05-03-2021 for the work.***(TS181869E)***

S#.	Detail	E/Cost
1.	Framework Contract Of Purchase of Medical Equipments	50.M

The bidder must have one year working experience on the closing date of tender.Bidding documents containing the detailed specifications may be obtained on payment of Rs. --1000----/- (Non-refundable) from the may be downloaded from the BPPRA Website.No bid will be accepted without bid security, in the form of Irrevocable CDR/pay order/bank draft in favor of DIVISIONAL HEADQUARTER HOSPITAL DERA MURAD JAMALI -and shall be submitted along with financial bid. The Bank Challan deposited in the National Bank of Pakistan Green Challan in the following Head of Account (C02841 Health Receipt Other, C02845-Health Receipt.The last date for submission of bids along with mentioned bid security by **05.03.2021**, 11:00AM and tenders will be opened on the same date at 12:00PM at the below mentioned address in the presence of bidders or their authorized representatives who may wish to attend.The interested bidders shall submit their bids based on single stage–Two envelope procedures. The bids shall comprise a single packet/envelope containing two separate sealed envelopes. Each envelope shall contain separately the Technical Proposal and Financial Proposal as per BPPRA rules2014.The Procuring Agency reserves the right to reject all bids or proposals at any time prior to the acceptance of bid or proposal .The Procuring Agency has the due right to disqualify a supplier or contractor if it finds at any stage that information submitted by him was false/in accurate /in complete under PPRA rule19.Address: Medical Superintendent Divisional Headquarter Hospital Dera Murad Jamali. Phone No. 0838-710603, gmail.dhqhdmjamali@gmail.com

Medical Superintendent
Divisional Headquarter Hospital
Dera Murad Jamali.

PRQ No.2357/24.02.2021

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

روزنامہ امروز کوئٹہ

روزنامہ امروز کوئٹہ بروز جمعرات 25 فروری 2021ء

جوہری معاہدے کارروائی کو نہ روکنے سے ملک عالمی سطح پر تنہائی کا شکار ہو سکتا ہے، ایرانی اخبار

جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ ایران کو جوہری معاہدے پر فوری سخت اقدام اٹھانا چاہیے، اس کی کیا ضمانت ہے کہ ایران کو ماضی کی طرح عالمی سطح پر تنہا نہیں چھوڑا جائیگا، ایرانی اخبار کی رپورٹ

آیت اللہ علی خامنہ ای کا تبصرہ 'خطرے کی علامت ہے لیکن انہوں نے 2015 کے جوہری معاہدے میں واپسی کے بارے میں ایران کے ساتھ مذاکرات میں شامل ہونے کے امریکی عزم کا اعادہ کیا، امریکی محکمہ خارجہ

تہران (این این آئی) ایران کے سرکاری اخبار نے خبردار کیا ہے کہ مغرب کے ساتھ جوہری معاملات میں حد سے زیادہ انتہا پسندی پر مشتمل رویہ ملک کو عالمی سطح پر تنہائی کی طرف دھکیل سکتا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق بین الاقوامی جوہری توانائی ایجنسی (آئی اے ای اے) میں ایران کے مندوب کاظم غریب آبادی نے کہا کہ ملک نے پیر کی درمیانی رات نام نہاد ایڈیشنل پروٹوکول پر عملدرآمد ختم کردیا۔ ایڈیشنل پروٹوکول کے تحت آئی اے ای اے ایران کے جوہری تنصیبات کا جائزہ لے سکتا تھا۔ ایران کے سرکاری روزنامہ نے بنیاد پرست قانون سازوں کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے، جنہوں نے پیر کو تہران کی جانب سے اقوام متحدہ کے انسپکٹروں کو 3 ماہ تک 'ضروری' نگرانی کی اجازت دینے کا معاہدہ کیا تھا۔ قانون سازوں نے کہا تھا کہ ایڈیشنل پروٹوکول سے متعلق معاہدہ پارلیمنٹ کے منظور کردہ قانون پر دباؤ ڈالنے کے مترادف ہے جو امریکی پابندیاں ختم کرنے کیلئے منظور کیا گیا تھا۔ اخبار کے مطابق جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ ایران کو جوہری

بقیہ 3 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

امریکا، زندگی کی پہلی برف باری دیکھ کر بچہ اچانک موت کی نیند سو گیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکا میں 11 سالہ بچہ زندگی کی پہلی برف دیکھ کر ہائپوتھرمیا میں مبتلا ہو کر چل بسا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکی ریاست ٹیکساس سمیت متعدد ریاستیں ان دنوں شدید سردی اور برفانی طوفان کی لپیٹ میں ہے، جس نے نظام زندگی درہم برہم کر دیا ہے اور ساتھ درجنوں افراد کی جان بھی لے لی ہے۔ گزشتہ روز ریاست ٹیکساس میں ایک 11 سالہ بچہ اپنی زندگی کی پہلی برف باری دیکھنے کے بعد اس وقت دنیا سے چل بسا، جب موبائل ہوم (گاڑی میں بنے گھر) میں اچانک بجلی کی بندش ہوئی اور سردی کی

بقیہ 1 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

جنوبی کوریا کا ایران کے منجمد مالی اثاثے جاری کرنے پر آمادگی کا اظہار

ایران کو اپنے تمام مسدود وسائل تک رسائی کی اجازت دینے کے لیے ہر ممکن اقدامات کرنے کو تیار ہیں، سفیر جنوبی کوریا

تہران کا مؤقف تھا کہ اس مسئلے کو سیاست کے پس منظر میں نہ دیکھا جائے اور اس کا تعلق مسدود شدہ فنڈز سے نہیں

سیول (این این آئی) جنوبی کوریا نے اپنے بینکوں میں منجمد کیے گئے ایران کے اربوں ڈالر میں سے 'ایک حصہ' جاری کرنے پر آمادگی ظاہر کردی۔ غیر میڈیا کے مطابق جنوبی کوریا نے تہران پر امریکی پابندیوں کی وجہ سے کئی عرصے سے اپنے بینکوں میں ایران کے اربوں ڈالر منجمد کر رکھے ہیں۔ اپنے ایک بیان میں ایران کے سینٹرل بینک (سی بی آئی) نے کہا کہ تہران میں جنوبی کوریا کے سفیر ریو جیانگ ہیون نے سفارتخانے میں ایک اجلاس میں نئی پیش رفت کا اعلان کیا۔ بیان میں کہا گیا کہ اجلاس میں وسائل کو مطلوبہ مقامات پر کس طرح منتقل کیا جائے

بقیہ 4 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

نصیر آباد، بلوچستان ایجوکیشن کے زیر اہتمام نصیر آباد کے کمیونٹی سکولز والدین اساتذہ کا تربیتی ورکشاپ

افغان حکام سے خوشگوار ماحول میں ملاقات ہوئی، ترجمان افغان طالبان

بین الافغان امن مذاکرات جاری رکھنے اور ایجنڈا سیٹ کرنے پر زور دیا گیا، طالبان سیاسی دفتر کے ترجمان محمد نعیم کی گفتگو

گزشتہ ماہ قطر کے دارالحکومت دوحا میں بین الافغان مذاکرات میں شروع ہونے کے بعد اچانک ختم ہو گئے تھے جس کے بعد فریقین میں ملاقات کا یہ پہلا موقع ہے

دوحہ (این این آئی) قطر میں طالبان سیاسی دفتر کے ترجمان محمد نعیم نے کہا ہے کہ گزشتہ روز دوحا میں طالبان اور افغان حکام کے درمیان خوشگوار ماحول میں ملاقات ہوئی۔ گزشتہ ماہ قطر کے دارالحکومت دوحا میں بین الافغان مذاکرات میں شروع ہونے کے بعد اچانک ختم ہو گئے تھے جس کے بعد فریقین میں ملاقات کا یہ پہلا موقع ہے۔ ترجمان طالبان محمد نعیم کے مطابق گزشتہ روز دوحا میں بین الافغان مذاکرات کے فریقین کے درمیان خوشگوار ماحول میں ملاقات ہوئی۔ ترجمان کے مطابق ملاقات میں بین الافغان امن مذاکرات جاری رکھنے اور

بقیہ 2 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

اوتھل، چیف ایگزیکٹو آفیسر PPHI بلوچستان عزیز احمد جمالی اوتھل میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ایکواڈور: 3 جیلوں میں فسادات، 75 قیدی ہلاک

ایکواڈور کی 3 جیلوں میں مخالف گروہوں کے درمیان ہونے والی ہنگامہ آرائی اور جیل سے فرار کی کوشش کے نتیجے میں 75 قیدی مارے گئے ہیں، ڈائریکٹر جیل

جرائم پیشہ افراد کے 2 گروپوں کی جانب سے قیادت کے معاملے پر ہنگامہ آرائی ہوئی، جبکہ جیلوں میں تلاشی لینے اور ہتھیار برآمد کرنے کے بعد فسادات کا خاتمہ ممکن ہوا ہے

ایکواڈور (آن لائن) ایکواڈور کی 3 جیلوں میں ہونے والے فسادات کے نتیجے میں اب تک 75 قیدی ہلاک ہو چکے ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ایکواڈور کی 3 جیلوں میں مخالف گروہوں کے درمیان ہونے والی ہنگامہ آرائی اور جیل سے فرار کی کوشش کے نتیجے میں 67 قیدی مارے گئے ہیں۔ ایکواڈور کے ڈائریکٹر جیل کے مطابق ایکواڈور کے شہروں کوئنکا، گویاکوئیل اور لاٹاکنگا میں پیر کو پھوٹنے والے ان فسادات پر 800 پولیس اہلکاروں کی مدد سے قابو پایا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ جرائم پیشہ افراد کے 2 گروپوں کی جانب سے قیادت کے معاملے پر ہنگامہ آرائی ہوئی، جبکہ جیلوں میں تلاشی لینے اور ہتھیار برآمد کرنے کے بعد فسادات کا خاتمہ ممکن ہوا ہے۔ ایکواڈور کے صدر کا اس حوالے سے کہنا ہے کہ تینوں جیلوں میں ہونے والے فسادات میں مجرم تنظیمیں ملوث ہیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا ہے کہ پولیس کی مدد کیلئے جیلوں میں فوج کو بھی تعینات کر دیا گیا ہے۔ ایکواڈور کی 3 جیلوں میں ہونے والے

بقیہ 5 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

گنداواہ، ایس ایس پی نصیر آباد جھل مگسی عبدالحئی عامر بلوچ درگاہ میں صحافی سے بات چیت کرتے ہوئے

ایران کے ساتھ معاہدے پر اعتبار نہیں، اسرائیلی وزیراعظم

ایٹمی ہتھیار نہیں بنانے دیں گے، ایرانی رجیم ایک انتہا پسند اور جنونی ہے، بنجمن نیتن یاہو

اسرائیل ایران کی جارح اور انتہا پسند کلاس کو جوہری ہتھیاروں کے حصول سے ہر قیمت پر روکے گا، گفتگو

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی وزیراعظم بنجمن نیتن یاہو نے کہا ہے کہ ان کا ملک ایران کی جارح اور انتہا پسند رجیم کو جوہری ہتھیار حاصل کرنے کی کسی صورت میں اجازت نہیں دیں گے۔ اسرائیل کو ایران کے ساتھ طے پانے والے کسی بھی معاہدے پر کوئی اعتبار نہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کی طرف سے یہ بیان ایک ایسے وقت میں سامنے آیا جب دوسری طرف یورپی ممالک ایران کے ساتھ جوہری معاہدے کو دوبارہ فعال کرنے اور امریکا کو اس میں دوبارہ شامل کرنے کی کوششیں کر رہے ہیں۔ ایک بیان

بقیہ 7 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

مکیش امبانی کا بھارت میں دنیا کا سب سے بڑا چڑیا گھر بنانے کا اعلان

افریقی شیر، بنگال کے شیر سمیت دنیا بھر سے جانوروں، پرندوں اور رینگنے والے جانوروں کی 100 سے زائد اقسام ہوں گی

نئی دہلی (این این آئی) بھارت سے تعلق رکھنے والے ایشیا کے دوسرے بڑے امیر تاجر مکیش امبانی نے دنیا کا سب سے بڑا چڑیا گھر گجرات میں تعمیر کرنے کا اعلان کیا ہے تاہم اس پروجیکٹ کو ابتدا میں ہی تنقید کا سامنا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ارب پتی تاجر مکیش امبانی نے ریاست گجرات کے شہر جام نگر میں 113 ہیکٹر یعنی 280 ایکڑ پر محیط

بقیہ 9 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

عدالت کا طلاق کے بعد شوہر کو گھریلو کام کے عوض بیوی کو معاوضہ دینے کا حکم

بیجنگ (این این آئی) چین کی ایک عدالت نے شوہر کو حکم دیا ہے کہ وہ طلاق کے بعد گھر کے کام کاج کے عوض اپنی سابق بیوی کو معاوضہ ادا کرے۔ برطانوی نشریاتی ادارے کے مطابق بیجنگ کی مقامی عدالت نے میاں بیوی کے درمیان

بقیہ 6 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

اسرائیلی فوج کی لبنان کی فضائی اور بحری دراندازی

اقوام متحدہ کی امن فوج یونیفیل کے ساتھ اسرائیلی فوج کی مسلسل فضائی اور بحری دراندازی کا معاملہ اٹھایا ہے، لبنانی حکام

بیروت (این این آئی) لبنان کی مسلح افواج نے بتایا ہے کہ اسرائیلی فوج کی طرف سے لبنان کی فضائی اور بحری حدود کی خلاف ورزیاں بدستور جاری ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق لبنانی فوج کے شعبہ مورل گائیڈنس لیڈرشپ کی طرف سے جاری ایک بیان میں کہا گیا کہ 22 فروری 2021 کو مقامی وقت کے مطابق شام 8 بج کر 45 منٹ سے

بقیہ 8 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

بھارت میں کسانوں کا احتجاج چوتھے ماہ میں داخل، فصلیں تلف کرنا شروع کردیں

نئی دہلی (این این آئی) بھارت میں کسانوں کا احتجاج چوتھے ماہ میں داخل ہو گیا۔ ہزاروں مظاہرین دلی کے باہر موجود ہیں، مودی سرکار کی ہٹ دھرمی بھی برقرار ہے، کاشتکاروں نے احتجاجاً گندم کی فصل تلف کرنی شروع کردی۔ خالصتان

بقیہ 12 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

فلسطینی اتھارٹی اور مصر میں گیس معاہدے کی تفصیلات سامنے لائی جائیں، حماس

گیس فیلڈ کے حوالے سے مصر اور فلسطینی اتھارٹی کے درمیان طے پانے والے معاہدے میں بہت سے ابہام ہیں، بیان

دوحا (این این آئی) اسلامی تحریک مزاحمت حماس کے سیاسی شعبے کے سینئر رکن ڈاکٹر موسیٰ ابو مرزوق نے حال ہی میں فلسطینی اتھارٹی اور مصر کے درمیان غزہ میں گیس فیلڈ سے متعلق ہونے والے معاہدے کی تفصیلات سامنے لانے کا مطالبہ کیا ہے۔ مرکز اطلاعات فلسطین کے مطابق حماس کے مرکزی رہ نما نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ

بقیہ 10 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

اسرائیلی دشمن کا جہاز مشرقی بحر متوسط میں تیل رسنے کا ذمے دار ہے، لبنانی وزیراعظم

بیروت (این این آئی) لبنان اور اسرائیل کو 2006 کی جنگ کے بعد پہلی مرتبہ ایک بڑے ماحولیاتی خطرے کا سامنا ہے۔ لبنانی حکام کا کہنا ہے کہ اسرائیلی دشمن کے ایک جہاز سے رسنے والا تیل اب لبنان کے جنوبی ساحلی علاقوں تک پہنچ چکا

بقیہ 13 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

حماس نے پہلی بار جماعت کے داخلی انتخابات کی تصاویر جاری کردیں

جماعت کے پارٹی انتخابات جمہوری طریقے سے منعقد ہوئے اور شفاف بنانے کے لیے اقدامات کیے تھے، بیان

مقبوضہ غزہ (این این آئی) اسلامی تحریک مزاحمت حماس کی طرف سے پہلی بار جماعت کے پارٹی انتخابات کی سوشل میڈیا کے ذریعے تصاویر جاری کی گئی ہیں۔ تصاویر اور تفصیلات کے مطابق غزہ کی پٹی میں حماس کی قیادت کے چناؤ اور انتخابی امیدواروں کے لیے ہونے والے انتخابات میں مرد و خواتین کی بڑی تعداد نے حصہ لیا۔ غیر ملکی

بقیہ 11 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

جنوبی کوریا کا ایران کے منجمد مالی اثاثے جاری کرنے پر آمادگی کا اظہار

سیول (این این آئی) جنوبی کوریا نے اپنے بینکوں میں منجمد کیے گئے ایران کے اربوں ڈالر میں سے

بقیہ 14 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

ڈیرہ اللہ یار، ڈیرہ اللہ یار کے رہائشی کریم بگٹی و دیگر سندھ پولیس کے خلاف پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ترک شوہر نے بیوی کو پہاڑ سے کیسے پھینکا؟ دل دہلانے والی ویڈیو منظر عام پر آ گئی

انقرہ (این این آئی) ترکی میں سفاک شوہر کے ہاتھوں پہاڑ سے نیچے پھینکی جانے والی بیوی کی ویڈیو منظر عام پر آ گئی جس میں موت سے کچھ دیر قبل کے مناظر قید ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی ویڈیو

بقیہ 16 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

مشرقی بیت المقدس میں فلسطینی شہریوں اور قابض اسرائیلی فوج میں تصادم

اسرائیلی فوج نے ابودیس کے مقام پر دھاوا بولا اور گھروں میں گھس کر فلسطینیوں کو ہراساں کیا گیا، عینی شاہدین

مقبوضہ بیت المقدس (این این آئی) مشرقی بیت المقدس میں ابودیس کے مقام پر اسرائیلی فوج اور فلسطینی شہریوں کے درمیان کئی گھنٹوں تک جھڑپیں جاری رہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق مقامی فلسطینی ذرائع نے بتایا کہ اسرائیلی فوج نے ابودیس کے مقام پر دھاوا بولا اور گھروں میں گھس کر فلسطینیوں کو ہراساں کرنے اور انہیں گرفتار کرنے

بقیہ 15 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

سعودی فرمانروا کا توانائی کے شعبے کی مزید حفاظت کیلئے ایک بار پھر عزم کا اظہار

ریاض (این این آئی) سعودی عرب نے عالمی وبا کورونا وائرس کی روک تھام اور توانائی کے شعبے کی مزید حفاظت کیلئے ایک بار پھر عزم کا اظہار کیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق خادم حرمین شریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز کی زیر صدارت کابینہ اراکین کا اجلاس ہوا جس میں تیل کی منڈیوں کے استحکام اور عالمی سطح پر فراہمی

بقیہ 17 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

مصر روس سے لڑاکا جیٹ نہ خرید کرے، امریکا کا انتباہ

امریکی وزیر خارجہ کا مصری ہم منصب کو فون، علاقائی امور کے بارے میں تبادلہ خیال

واشنگٹن (این این آئی) امریکا نے مصر کے روس سے لڑاکا جیٹ خرید کرنے کے معاملے پر باضابطہ طور پر اپنی تشویش کا اظہار کر دیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی وزیر خارجہ انٹونی بلینکن نے مصری ہم منصب سامح شکری سے ٹیلی فون پر گفتگو کی ہے اور انھیں روس سے لڑاکا جیٹ خرید کرنے کے معاملے پر امریکا کی تشویش

بقیہ 18 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

خلیج بحران کے خاتمے کے بعد قطری اور مصری وفود کے درمیان پہلی ملاقات

دوطرفہ تعلقات کے فروغ کے لیے مشترکہ لائحہ عمل اور ضروری طریق ہائے کار کے بارے میں تبادلہ خیال کیا گیا

قاہرہ (این این آئی) خلیج بحران کے خاتمے کے بعد قطر اور مصر کے وفود کے درمیان پہلی ملاقات ہوئی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق قطری وزارت خارجہ نے اطلاع دی ہے کہ دونوں ملکوں کے وفود کے درمیان کویت میں یہ ملاقات ہوئی ہے اور انھوں نے دوطرفہ تعلقات کی بحالی کے لیے مستقبل کا لائحہ عمل وضع کرنے کے لیے تبادلہ خیال کیا

بقیہ 19 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

ایران نے اقوام متحدہ کے معائنہ کاروں پر قدغنیں عائد کردیں

ایران اپنی جوہری تنصیبات کی نگرانی کی فوٹیج روزانہ اور ہفتہ وار بنیاد پر شیئر نہیں کرے گا، وزیر خارجہ جواد ظریف

تہران (این این آئی) ایران نے اقوام متحدہ کے تحت جوہری توانائی کے عالمی ادارے (آئی اے ای اے) کے معائنہ کاروں پر پابندیاں عاید کردی ہیں اور اب وہ اس کی حساس جوہری تنصیبات کا اچانک معائنہ نہیں کرسکیں گے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ایران نے یہ اقدام یورپی یونین اور امریکا کے صدر جو بائیڈن پر دباؤ ڈالنے کی غرض سے کیا

بقیہ 20 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

انتخابات سے قبل ماحول سازگار بنانے کیلئے ٹھوس اقدامات کے منتظر ہیں، حماس رہنماء

اب وقت آ گیا ہے کہ قاہرہ میں دو ہفتے قبل طے پائے معاہدے کو عملی شکل دی جائے، محمد نزال کی گفتگو

قاہرہ (این این آئی) اسلامی تحریک مزاحمت حماس کے سیاسی شعبے کے سینئر رکن اور جماعت کے خارجہ امور کے سربراہ محمد نزال نے کہا ہے کہ ان کی

بقیہ 21 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

گورنر بلوچستان امان اللہ خان یٰسین زئی سے سردار سلیم شیرانی کی قیادت میں ضلع شیرانی کا وفد ملاقات کر رہا ہے

ایران عرصہ دراز سے حوثی باغیوں کو اسلحہ سپلائی کر رہا ہے، امریکا

حوثی باغی میزائل شکن ہتھیار اور بمبار ڈرون طیاروں جیسی ٹیکنالوجی حاصل کر رہے ہیں

ایران عرصہ دراز سے یمن کے حوثی باغیوں کو اسلحہ اور گولہ بارود پہنچا رہا ہے، ترجمان پینٹاگون

واشنگٹن (این این آئی) یمن کے بارے میں امریکی انتظامیہ کی پالیسی دو اہم محوروں تک محدود رہی ہے۔ پہلا محور یمنی عوام کی مدد اور دوسرا یمن میں دہشت گردی کے خلاف جنگ ہے تاہم حوثی ملیشیا کی طرف سے سعودی سرزمین کو نشانہ بنانے کی بار بار کی جانے والی کوششوں اور مارب گورنری پر ان کے حملوں کے بعد امریکا کی حوثی باغیوں کے خلاف پوزیشن کے بارے میں فوری طور پر سوالات پیدا ہوئے۔ امریکی حکومت نے حوثی باغیوں کے حوالے سے ٹھوس اور اصولی موقف اپناتے ہوئے انہیں دہشت گرد قرار دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق

بقیہ 25 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

امریکا میں پیٹرول لے جانے والی ٹرین اور ٹرک میں خوفناک تصادم

واشنگٹن (این این آئی) امریکی ریاست ٹیکساس میں آئل ٹینکوں سے لدی ہوئی ٹرین ایک ٹرک سے ٹکرا گئی جس کے بعد خوفناک دھماکہ ہوا اور شعلے بھڑک اٹھے، حادثے میں خوش قسمتی سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ مقامی میڈیا کے مطابق واقعہ سینٹرل ٹیکساس میں پیش آیا، 18 وہیلر ٹرک جسے

بقیہ 27 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

حزب اللہ کی کسی حماقت کا خمیازہ پورے لبنان کو بھگتنا پڑے گا، اسرائیل

حزب اللہ نے اسرائیل کیخلاف کارروائی میں عوام کو ڈھال بنانے کی کوشش کی تو بے رحمی کیساتھ اس کا جواب دینگے، بیان

تل ابیب (این این آئی) اسرائیل نے دھمکی آمیز الفاظ میں لبنانی حزب اللہ کو خبردار کیا ہے کہ اگر اس نے اسرائیل کی سلامتی کو نقصان پہنچانے کے لیے کوئی قدم اٹھایا تو اس کے سنگین نتائج برآمد ہوں گے اور حزب اللہ کی کسی بھی حماقت کا خمیازہ پورے لبنان اور لبنانی قوم کو بھگتنا پڑے گا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اسرائیلی وزیر دفاع بینی گینٹز نے ایک بیان میں کہا کہ حزب اللہ کی طرف سے ہماری سلامتی کے خلاف کیے گئے کسی بھی اقدام کا سخت جواب دیا جائیگا۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر حزب اللہ کی طرف سے دی جانے والی

بقیہ 26 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

یمنی عوام کی مدد کے لیے سعودی عرب اور عالمی ادارہ خوراک میں 40 ملین ڈالر کا معاہدہ

معاہدے کے تحت 40 ملین امریکی ڈالر کی لاگت سے 23 لاکھ 33 ہزار 333 یمنی شہریوں کو خوراک فراہم کی جائے گی

ریاض (این این آئی) شاہ سلمان ہیومینیٹری ایڈ اینڈ ریلیف سنٹر نے یمن کے جنگ زدہ اور غربت کے شکار علاقوں میں پسماندہ خاندانوں کو خوراک کی فراہمی کیلئے عالمی ادارہ خوراک (ڈبلیو ایف پی) کے ساتھ مشترکہ تعاون کے معاہدے پر دستخط کردیئے۔ اس معاہدے کے تحت یمنی عوام کو قحط سے بچانے 40 ملین امریکی ڈالر کی لاگت سے

بقیہ 22 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

عراق میں امریکی سفارتخانے پر راکٹ حملے، ایران کے خلاف کارروائی پر زور

امریکی صدر کا عراقی وزیراعظم کو فون، راکٹ حملوں میں ملوث عناصر کے خلاف سخت کارروائی کی جائے، گفتگو

بغداد (این این آئی) عراق کے صوبہ کردستان کے علاقے اربیل میں چند روز قبل بین الاقوامی اڈے پر راکٹ حملے اور سوموار کو بغداد کے گرین زون میں امریکی سفارت خانے پر راکٹوں سے حملے کے بعد اگرچہ امریکا ان حملوں پر براہ راست ایران کو قصوروار نہیں ٹھہرایا مگر یہ واضح ہے کہ ان حملوں کے پیچھے ایران نواز قوتوں کا ہاتھ ہو سکتا ہے۔ میڈیا رپورٹس

بقیہ 23 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

خواتین کی بہبود کے لیے قانون سازی، عالمی بنک کا سعودی عرب کو کریڈٹ

خواتین کے حوالے سے اصلاحات کے میدان میں سعودی عرب 190 ممالک میں سرفہرست ہے، رپورٹ

ریاض (این این آئی) عالمی بنک کی طرف سے جاری کردہ ایک تازہ رپورٹ میں خواتین کے حقوق کے حوالے سے قانون سازی اور اصلاحات کے میدان میں نمایاں خدمات کی فراہمی کا اعتراف کرتے ہوئے سعودی عرب کو خواتین کی بہبود اور اصلاحات کے لیے کام کرنے والے ممالک میں سر فہرست قرار دیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق عالمی بنک کی رپورٹ میں کہا گیا کہ سعودی عرب کی حکومت نے ملازمت اور کاروباری سیکٹر میں خواتین کے لیے قانون سازی اور انہیں زیادہ سے زیادہ حقوق دینے کا اعتراف کرتے ہوئے مملکت کو 100 میں 80 نمبر پر ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ خواتین کے حوالے سے اصلاحات کے میدان میں سعودی عرب 190 ممالک میں سرفہرست

بقیہ 24 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

سبی، ڈپٹی کمشنر سبی ڈاکٹر یاسر خان بازئی کورونا ویکسین لگانے کا افتتاح کر رہے ہیں

سعودی عرب میں پولیس کو دھمکانے والا منشیات فروش گرفتار

ملزم کے زیر استعمال گاڑی بھی چوری شدہ ہے، قانونی کارروائی شروع کر دی گئی

اس کے قبضے سے ایمفٹامین کی 3568 گولیاں اور 1500 گرام چرس، ایک پستول، اس کی گولیاں ضبط کی گئیں

ریاض (این ای آئی) سعودی عرب میں پولیس نے دارالحکومت الریاض میں پولیس کے سامنے اسلحہ لہرانے میں ملوث ملزم کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق الریاض پولیس کے ترجمان میجر خالد الکریدس نے بتایا کہ دارالحکومت الریاض میں ایک کالونی میں گشت کے دوران پولیس نے ایک مشتبہ کار کا تعاقب کیا۔ اس پر کار کے ڈرائیور نے پولیس کو اسلحہ دکھایا اور پولیس اہلکاروں کو دھمکانے کی کوشش کی۔ ترجمان نے بتایا کہ پولیس نے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ اس کی عمر 40 سال کے درمیان ہے اور اس کے قبضے سے

بقیہ 28 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

گنداواہ، ایس ایس پی نصیر آباد جھل مگسی عبدالحئی بلوچ عرس کے حوالے دورہ کر رہے ہیں

اٹلی میں زمین کھسکنے سے دو گرجا گھر اور قبرستان سمندر برد ہو گئے

سیکڑوں قبروں میں موجود تابوت اور لاشیں سمندر میں تیرنے لگیں، ویڈیو جاری

روم (این این آئی) اٹلی میں بحیرہ روم کے کنارے پر واقع جنوی شہر میں کموگلی کے مقام پر زمین کھسکنے کے نتیجے میں اچانک دو گرجا گھروں کی عمارتیں اور ان سے متصل قبرستان سمندر برد ہو گئے جس کے نتیجے میں سیکڑوں قبروں میں موجود تابوت اور لاشیں سمندر میں تیرنے لگیں۔ مقامی ذرائع ابلاغ میں آنے والی رپورٹس میں بتایا گیا کہ جنوبی شہر سے 12 کلومیٹر کی مسافت پر واقع سیاحتی مقام کے قریب اچانک زمین پھسلنے لگی اور قبرستان سے متصل دو چرچ اور سیکڑوں قبریں پانی میں بہہ گئیں۔ مقامی شہریوں کا کہنا تھا کہ انہیں عمارتوں کے منہدم ہونے کی آواز آئی جس پر انہیں دیکھا کہ سمندر کے کنارے دو گرجا گھر پانی میں بہہ گئے۔ گرجا گھروں کے قریب موجود 200 قبروں میں موجود تابوت سمندر میں تیرنے لگے۔ مقامی باشندوں کا کہنا تھا

بقیہ 30 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

اسرائیلی فوج کی سیکیورٹی میں شرپسند یہودی آبادکاروں کے قبلہ اول پر دھاوے

مقبوضہ بیت المقدس (این این آئی) یہودی آباد کاروں کی جانب سے پولیس اور فوج کی فول پروف سیکیورٹی میں قبلہ اول پر دھاووں کا سلسلہ جاری ہے۔ کئی یہود آباد کار تلمودی تعلیمات کے مطابق مذہبی رسومات کی ادائی کی آڑ میں مسجد اقصیٰ میں داخل ہوئے اور مقدس مقام کی بے حرمتی کی۔ مرکز اطلاعات فلسطین کے مطابق 39 یہودی آباد کار پولیس کی فول پروف سیکیورٹی میں قبلہ اول

بقیہ 29 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

روزنامہ امروز کوئٹہ

ایڈیٹر و پبلشر عبدالحکیم نے قلات پرنٹنگ پریس پٹیل روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ امروز آفس نمبر TF-02 تیسری منزل اینگل پلازہ، اینگل روڈ، کوئٹہ سے شائع کیا
فون:2835212 فیکس:2835212
ای میل imroz.ad@gmail.com

بلوچستان میں تیز رفتار ترقی

ترجمان حکومت بلوچستان لیاقت شاہوانی نے کہا ہے کہ این ایف سی ایوارڈ کے موجودہ فارمولہ میں تبدیلی چاہتے ہیں۔ویں این ایف سی ایوارڈ کے بعد صوبے کو دس برسوں میں 1406 ارب روپے ملے، مگران میں سے صرف اڑھائی سوارب روپے ترقیاتی منصوبوں پر خرچ ہوئے، جبکہ دیگر رقوم تنخواہوں پنشن سمیت غیر ترقیاتی مد میں خرچ ہوئی، پاک افغان اور ایران سرحد پر حفاظتی باڑ لگانے کا کام جون تک مکمل ہوجائے گا۔صوبے میں اسپیشل اکنامک زون بنائے جارہے ہیں ۔جس سے ترقی کا نیا دور شروع ہوگا۔جنوبی بلوچستان کے لئے اعلان کردہ 6 سوارب بارے 118 نئے ترقیاتی منصوبے تیار کیئے جارہے ہیں۔کوئٹہ کراچی شاہراہ کو دورویہ کرنے کے منصوبے پر رواں سال کام شروع ہوجائے گا۔

وزیراعلیٰ جام کمال خان کی سربراہی میں مخلوط صوبائی حکومت نے بلوچستان میں ترقیاتی حکمت عملی کو ازسرنو ترتیب دیا ہے۔ ایسے منصوبے تیار کیئے جارہے ہیں۔جس سے اجتماعی مفادات وابستہ ہوں۔صوبے کے تمام اضلاع میں عوامی بہبود کی اسکیمات بنائی جارہی ہیں۔اس مقصد کے لئے شفافیت پر توجہ دی گئی ہے۔ ماضی میں مالی بدعنوانیوں بے قاعدگیوں، غلط پلاننگ کی وجہ سے جہاں اربوں روپے کا ضیاع ہوا، وہاں عوام تک ترقی کے ثمرات کو نہیں پہنچایا جا سکا۔سیاسی بنیادوں پر اسکیمات سے فنڈز بھی استعمال ہوئے، اور لوگوں کو بھی کوئی فائدہ نہیں پہنچ سکا۔اب صورتحال کو تبدیل کرتے ہوئے، سب سے زیادہ توجہ پلاننگ پر دی جارہی ہے، تاکہ ایسے منصوبے بنائے جاسکیں۔جو حقیقی معنوں میں ترقی کی رفتار کو تیز کرنے اور عوام کو سہولیات مہیا کرنے کے لئے موثر ثابت ہوسکیں۔گڈ گورننس کی پالیسی کے بہترین نتائج مرتب ہوئے ہیں۔وزیراعلیٰ ترقیاتی عمل کی خود نگرانی کررہے ہیں یہی وجہ ہے کہ اڑھائی سالوں کے دوران صوبے میں ایک خوشگوار تبدیلی کا احساس ہورہا ہے۔اگر کرونا کے منفی اثرات مرتب نہ ہوتے تو ترقی کی رفتار کو نہ صرف برقرار رکھا جاسکتا، بلکہ مزید تیز بھی کیا جاسکتا۔تاہم کورونا کی دوسری لہر کے آغاز پر ہی صوبے میں وبا کو پھیلنے سے روکنے کے لئے بہتر اقدامات اٹھائے گے، جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ بلوچستان میں کورونا وائرس کے چند کیسز روزانہ رپورٹ ہورہے ہیں۔صحت یاب ہونے والوں کا تناسب بھی دیگر صوبوں سے کہیں زیادہ ہے۔اس کامیابی سے حکومت نے فائدہ اٹھاتے ہوئے ترقیاتی منصوبوں کو مکمل کرنے کیلئے زیادہ کوشش شروع کردی ہیں۔تاکہ جو نقصانات ہوئے ان کا سدباب کیا جاسکے۔وزیراعلیٰ نے ہدایت کی ہے کہ آئندہ مالی سال کے بجٹ کی تیاری میں عوامی ضروریات اور تجاویز کا بھی خیال رکھا جائے۔ہم اس مناسبت سے ایک بار پھر صوبائی حکومت کے منصوبہ ساز اداروں اور حکام کو یہ کہنا چاہیں گے کہ لوگ قلت آب کے مسئلہ سے سب سے زیادہ پریشان ہیں۔آبی وسائل کی ترقی کی اسکیمات کو بجٹ میں زیادہ سے زیادہ ترجیح دی جائے۔امن، تعلیم اور صحت کی اہمیت سے انکار نہیں کیا جاسکتا۔لیکن جب تک عوام کو پانی جیسی بنیادی سہولت نہیں ملے گی۔دیگر سہولتوں سے انہیں استفادہ سے زیادہ فوائد حاصل نہ ہوسکیں گے۔محکمہ موسمیات نے صوبے میں کم درجہ کے قحط جیسی صورتحال کی پیشگوئی کی ہے۔خشک سالی نے گزشتہ عشرہ میں بھی بلوچستان پر منفی اثرات مرتب کیئے تھے۔جس کے اثر سے ابھی تک مکمل طور پر باہر نہیں نکلا جاسکا۔ہم وزیراعلیٰ کی اس ہدایت کا بھی خیر مقدم کرتے ہیں کہ حکومتی کارکردگی سے عوام کو آگاہی فراہم کی جائے۔اس مقصد کے لئے ہمارے نزدیک لوکل میڈیا سے بڑھ کر کوئی ذریعہ حکومتی کاموں کو عوام تک اجاگر نہیں کرسکتا۔تاہم کسی بھی تشہیری مہم کے لئے ان اخبارات وجرائد کا انتخاب کیا جائے جو حقیقی ہیں۔ان کے پاس اپنی اسٹیبلشمنٹ، دفاتر اور ادارتی و نیوز سٹاف موجود ہو، اور صفحات کا حجم بھی ہو، جس میں صرف نقل شدہ مواد ہی پر انحصار نہ کیا جاتا ہو، اپنا ایڈیٹوریل اور مضامین بھی ہوں، ایسے لکھاری بھی ان کے پاس موجود ہوں، حکومت کے مثبت کاموں کی تفصیلات عوام تک پہنچانے کیلئے تخلیقی صلاحیت کے حامل ہوں۔ہم حکومت کی جانب سے جاری اور نئی اسکیمات کو تیزی سے مکمل کرنے کی پالیسی کا خیر مقدم کرتے ہوئے توقع رکھتے ہیں کہ آئندہ مالی سال کیدوران زیادہ سے زیادہ ترقیاتی کاموں کو بجٹ میں شامل کرنے کے ساتھ ساتھ بے روزگاری کے مسئلہ پر قابو پانے کیلئے بھی نئی اسامیاں پیدا کی جائیں گی۔اعلیٰ تعلیم یافتہ افراد کو ملازمتیں دینے کے لئے بجٹ کا بڑا حصہ مختص کرنا ہوگا۔تاکہ نوجوانوں میں پائی جانے والی مایوسی ختم ہوسکے۔

صوبہ بلوچستان کا بڑا مسئلہ منشیات کا استعمال ہے

عابد عمر
جنرل نالج بلوچستان

پیارے بھائیو! ہمارے بلوچستان کا ایک بڑا مسئلہ منشیات کا استعمال ہے جیسے سماجی برائی یا سماجی لعنت قرار دیا جاتا ہے۔منشیات کی پیداوار اور نشے میں استعمال کی مختلف صورتیں اوران کے نتیجے میں اثر انداز ہونے والے عوامل انسانی زندگی کو بیحد نقصان پہنچاتے ہیں منشیات کا استعمال کس دور اورکس مرحلے میں شروع ہوا؟ یہ تو معلوم نہیں تاہم نشے کے استعمال سے تکلیف، درد وغم ذہنی دبا صرف وقتی طور پر ختم ہوجاتا ہے۔بعض لوگ پریشانیوں سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لئے منشیات کا بے دریغ استعمال کرتے ہیں۔ نشے کو چھوڑنے کا احساس پیدا ہو بھی جائے تو شدید مشکلات سے دو چار ہونا پڑتا ہے منشیات انسان کے ذہن، دل، جسم اور اخلاق کے علاوہ اجتماعی معاشرتی زندگی کو بھی اپنے برے اثرات کی بدولت تباہ و برباد کر دیتا ہے نشے کا استعمال کرنے والے افراد حقیقت میں کمزور قوت ارادے کے مالک ہوتے ہیں بعض اوقات بے چینی اور اضطرابی کی کیفیت بھی انسان کو نشے میں مبتلا کرنے کا سبب بنتی ہے منشیات کے فوائد کم اور نقصانات زیادہ اور دیرپا ہیں چرس، افیون ،گانجا، سگریٹ یہاں تک کہ سگریٹ اور نشے کے ٹیکے انسان کو تیزی کے ساتھ اس کے منطقی انجام تک پہنچاتے ہیں منشیات کے استعمال سے نفسیاتی ، روحانی طور پر ہولناک نتائج برآمد ہوتے ہیں اور جسمانی اعضاء بھی اپنا کام صحیح طور پر نہیں کرتے منشیات کے عادی افراد دوسرے لوگوں کی نظروں میں گر جاتے ہیں۔ ایسے افراد اپنے آبا اجداد کی جائیداد نشے کے لالچ میں اڑا دیتے ہیں۔خاندان کے خاندان ٹوٹ پھوٹ جاتے ہیں۔ بچے رل جاتے ہیں اس سے ذاتی زندگی ہی نہیں گھر، معاشرہ، صوبہ، بلکہ ہمارے آنے والے نوجوان نسل بھی تباہ و برباد ہو کر رہ جاتا ہے۔ والدین، اساتذہ، علما، اہل قلم اور میڈیا کو چاہیے کہ لوگوں میں منشیات کے خلاف شعور بیدار کریں

تاریخ کے آئینے میں، سکھوں کا اقتدار

شہزاد افق

افکارِ افق
شہزاد افق
Email: Ufaq0786@gmail.Com

اگر ہم سکھ مت کی تاریخ کا مطالعہ کرتے ہیں تو بابا گرونانک کے کردار میں انسانیت ہی نظر آتی ہے، اور محبت کا پیغام ملتا ہے ان کی تعلیم صرف وفا انسانیت تھی ان کے عقیدے سے یہ بات ثابت ہوتا ہے کہ انہوں نے خدا کی واحدانیت کو تسلیم کیا۔بابا گرونانک کے حج کے بارے میں بھی ذکر ملتا ہے، روزے بھی رکھے انہوں نے۔ہم یہ بات مکمل یقین کے ساتھ کہہ سکتے ہیں بابا گرونانک نے اپنی زندگی آپ ﷺ کے بتائے ہوئے اصولوں پر گزاری۔ایک مشہور ہندو وودان ڈاکٹر تاراچندجی بیان کرتے ہیں کہ "یہ حقیقت واضح ہے گرونانک صاحب حضرت بانی اسلام ﷺ کی تعلیم اور اسلام سے خود کو مکمل طور پر رنگ لیا تھا۔اس طرح کے بہت سارے حوالے موجود ہیں مگر چند اہم حقائق یہاں پر عیاں کرتا چلو، بابا گرونانک نے مکہ مکرمہ و مدینہ منورہ میں ایک سال بسر کیا۔بابا گرونانک نے بغداد شریف میں چھ سال گزارے۔آپ نے ایک ،مسلمان بزرگ حضرت مراد ؒ ہاتھ پر بیعت کی اور ان کی خدمت میں چھ سال گزارے، ان سے روحانیت سیکھتے رہے۔دریائے راوی کنارے کرتار پور کا ایک قصبہ آباد کیا، جو آج کل تحصیل شکر گڑھ دربار صاحب کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ وہاں ایک مسجد تعمیر کرائی اور نماز با جماعت ادا کرنے کے لیے ایک امام مقرر کیا۔بابا گرونانک نے اذان دی ،نماز پڑھی روزے رکھے، حج ادا کیا تاریخ گواہ کہ بابا گرونانک نے اپنی ساری عمر ایک سچے مسلمان کی طرح گزاری۔مگر سکھوں نے اپنی حکومت قائم کرنے 1699ء سے لے کر 1801ء تک جس کارگردگی کا مظاہرہ کیا انسانیت شرمندہ ہے۔ بابا گرونانک کے پیغام کے برعکس ایسے ایسے کارنامے سرانجام دیئے ہیں، کہ انہیں یاد کرتے ہوئے بھی رونگھٹے کھڑے ہوجاتے ہیں۔انسانیت اس کی تاب نہ لاتے ہوئے شرم سے منہ چھپاتی لیتی ہے۔ بابا گرونانک جس امن اور صلح کا پیغام لے کر آئے تھے۔ان کے پیروکار منافق لوگوں نے ان کی تعلیم کے برعکس اپنی خواہشات اور امنگوں پر پیرا عمل ہوکر وہ گل کھلائے کہ انسانیت شرمسار ہے۔ ہزاروں کی تعداد میں بے گناہوں کا خون بہایا، معصوم بچوں کو اپنے ظلم کا نشانہ بنایا، بے بس عورتوں اور بوڑھوں پر اپنے ظلم کی داستان لکھی، ہزاروں بے کس شریف زادیوں کی عصمت دری کی گئی ،ہزاروں کی تعداد میں ان بچوں کو بھی نہ بخشا گیا جو ابھی اپنی ماؤں کے پیٹ میں تھے دنیا میں نہیں آئے تھے، ان ماؤں کے پیٹ چاک کر ان معصوموں کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا گیا، ہزاروں ماؤں کی گودیں ویران کردی گئی، ہزاروں سہاگنوں کے سہاگ اجاڑ دیئے گئے ،ہزاروں کی تعداد میں بے گناہوں کو زندہ جلا کر راکھ کر دیا گیا، اس بربریت کی انتہا دیکھیے کہ قبروں کو کھود کر ان میں مردوں کو باہر نکال کر نذر آتش کیا گیا، ایک معمولی سے حصول جانور کے لئے سیکڑوں انسانوں کو موت کی آغوش میں ہمیشہ ہمیشہ کے سلا دیا گیا ،لا تعداد دکانیں ،باغات اور پیر خانے تباہ و برباد کر دیئے گئے یا پھر جلا کر راکھ کے ڈھیر بنا دیئے گئے، ہزاروں کی تعداد میں مساجد شہید کردی گئیں، بہت سی مساجد میں سور کا گوشت پھینکا گیا، امن سے بسنے والی ہندوستان کی کئی ریاستوں کو روندڈالا گیا، قرآن مجید کے ان گنت نسخے نذر آتش کر دیئے، مسلمانوں کو اذانیں دینے ،نماز پڑھنے سے روک دیا گیا، مسلمانوں کو ذکر الہی بھی کرنے کی اجازت نہ تھی، اور جبر کا عالم یہ تھا کہ ان دنوں کوئی کلمہ طیبہ بھی نہیں پڑھ سکتا تھا، (گیانی گیان سنگھ نے بیان) کیا ایک وقت ایسا بھی آیا جب سکھ لوگ مسلمانوں کو پکڑ کر کھا جایا کرتے تھے، ''حوالہ پنتھ پرکاش۔ چھاپہ پتھر۔صفحہ نمبر 348 ہے" یعنی جو مسلمان سکھ کے ہاتھ لگ جاتے وہ انہیں ٹکڑے ٹکڑے کر کے کھا جایا کرتے تھے۔ تاریخ شاہد ہے کہ سکھوں کو جب بھی موقع ملا انہوں نے مختلف دیہات پر چھاپے مار مار کر مسلمانوں کا بے تحاشہ کشت وخون کیا، حتی ایک ایک دن میں ہزاروں کی تعداد میں عورتوں، مردوں، بچوں اور بوڑھوں کے خون سے ہولی کھیلی گئی۔شہروں کے شہر تباہ و برباد کر دیئے جن میں، شہر سامانہ، شہر سرہند، سچانند دیوان سرہند، مالیر کوٹلہ پربندہ، سہارن پور، سرہند، شہر بٹالہ، ضلع گورداسپور پربندہ، امیٹھ سمیت وغیرہ وغیرہ جالندھر کی سیدزایوں ،اور مغلانیوں پر ظلم بربریت کی داستان رقم کی۔افسوس تاریخ بھی شرمندہ ہے راجہ رنجیت سنگھ کے کارنامے ،اپنی بیوی کے پچاس لاکھ کے زیور ضبط کر لئے، ساس سے احسان فراموشی، جن کے ہاتھ سے تاج پوشی ہوئی ان کی جاگیریں ضبط کرلیں، راجہ رنجیت سنگھ نے مسلمانوں کی جائیدادیں چھین کر سکھوں کے نام کردیں، سکھ ملتان کو بے دردی سے چار دن تک لوٹتے رہے اور ظلم کی داستان رقم کرتے رہے حوالہ ''تاریخ خالصہ اردو حصہ سوم صفحہ 92 پر" مہاراجہ مسلمانوں سے جو بھی وہ چھین لیتے تھے۔راجہ رنجیت سنگھ نے بھی مساجد بے حرمتی ۔مساجد شہید ،مساجد میں شراب نوشی سمیت مسلمان کو ہر طرح سے اذیت دینے میں کوئی کسر نہ چھوڑی۔تاریخ کے آئینے میں سکھوں کو جب بھی اقتدار ملا انہوں نے تباہی و بربادی کی تاریخ رقم کی ہے۔خصوصی طور پر مسلمانوں کے ساتھ جو ظلم کیا ہے انگریز، ہندو سمیت کسی بھی مذہب نے اتنا ظلم نہیں تاریخ شاہد انسانیت بھی شرمندہ ہے سکھوں کے ظلم سے پردہ اٹھاتے ہوئے۔ بابا گرونانک کی تعلیم سے سکھ لوگ کوسوں دور ہیں بابا گرونانک جتنی محبت مسلمانوں سے کرتے تھے اس سے ہزار گنا زیادہ نفرت سکھ مذہب نے مسلمانوں کے ساتھ کی ہے۔تاریخ آج بھی ان کے مظالم سے شرمندہ ہے، انسانیت شرمسار ہے ۔یہ انسان نہیں تاریخ کے آئینے میں انسانی شکل میں درندے ہیں۔

کیا اسرائیل کو تسلیم کرنا چاہیئے یا نہیں؟ (تاریخی و علمی جائزہ)

پروفیسر ڈاکٹر شمشاد اختر



پیغامِ فکر
پروفیسر ڈاکٹر شمشاد اختر

اسرائیل کو تسلیم کرنے کے حوالے سے گذشتہ ادوار کا جائزہ لیں تو دبی دبی زبان سے اس کو تسلیم کیے جانے کی باتیں ہوتی رہی ہیں ، بلکہ قرائن بتاتے ہیں کہ فیصلہ ہو چکا تھا اور اعلان کرنے کے وقت کا تعین کیسے اور کب کیا جائے یہ مسئلہ باقی تھا اور اس وقت کے دانشوڑ ٹی وی اور اخبارات میں بڑھ چڑھ کر یہ دلائل دے رہے تھے کہ اسرائیل کو تسلیم کرنے میں کیا قباحت ہے ؟ آج بھی یہ مسئلہ انہی مراحل سے گزر رہا ہے آیا کہ اسرائیل کو تسلیم کرنا چاہئے یا نہیں کرنا چاہئے؟ لہذا آیئے اس مسئلے کا تاریخی اور علمی اعتبار سے جائزہ لیتے ہیں کہ یہ مسئلہ ہے کیا؟ اس کا پس منظر کیا ہے اور ہمیں اسرائیل کو کیوں تسلیم نہیں کرنا چاہئے۔اس حوالے سے اسرائیل اور پاکستان میں کچھ قدریں مشترک ہیں: یہ قدریں بظاہر مشترک ہیں، اگرچہ باطنی طور پر یہ اشتراک حقیقی نہیں بلکہ ان میں کچھ فرق ہیں۔وہ مشترک چیزیں کیا ہیں؟

(۱)۔یہ دونوں ملک مذہب کے نام پر قائم ہوئے۔پاکستان کے بارے میں کسی شک وشبہ کی گنجائش نہیں ، یہ مسلمہ حقیقت ہے کہ یہ وطن اسلام کے نام پر بنا۔اسرائیل بھی بظاہر یہودی مذہب کے نام پر قائم ہوا لیکن یہود مذہب باطنی طور پر ایک نسلی مذہب ہے، اس لئے اس کے قیام کی بنیاد مذہبی نہیں بلکہ نسلی ہے۔جس طرح کچھ عرصہ پہلے ڈربن ساؤتھ افریقہ میں ایک عالمی کانفرنس میں یہ قرار داد سامنے آئی تھی کہ اسرائیل ایک نسل پرست ریاست ہے اور یہ نسل کی بنیاد پر فلسطینیوں پر ظلم ڈھا رہا ہے۔ وہاں سے اسرائیل اور امریکہ نے واک آؤٹ کیا اور امریکہ نے اس قرار داد کو روکنے کے لئے پورا زور لگا دیا۔ بہر حال پوری دنیا متفق تھی کہ اسرائیل ایک نسل پرست ریاست ہے، جو دوسری نسلوں پر ظلم ڈھارہی ہے۔

(۲)۔دوسری مشترک قدر یہ ہے کہ دونوں ملک تقریباً ہم عصر ہیں یعنی ایک ہی وقت میں وجود میں آئے ۔دونوں میں اتفاقاً ٹھیک نو ماہ کا وقفہ ہے۔پاکستان ۱۴ اگست ۱۹۴۷ء کو بنا جبکہ اسرائیل ۱۴مئی ۱۹۴۸ء کو قائم ہوا اگر دیکھا جائے اس میں بھی ایک معنوی ربط بنتا ہے جیسا کہ حدیث مبارکہ میں "اللہ نے کوئی مرض ایسا پیدا نہیں کیا، جس کی دوا نہ پیدا کی ہو۔" گویا اللہ نے ٹھیک نو ماہ قبل اسرائیل کے علاج کے طور پر پاکستان کو قائم فرمایا جس نے آگے چل کر آخری معرکہ حق و باطل میں اسرائیل کے سامنے آنا تھا ۔

(۳)۔دونوں ملک (Tips of the Iceberg) کی حیثیت رکھتے ہیں اسرائیل ایک چھوٹا سا ملک ہے لیکن پورا عالم عیسائیت اور مغرب اس کی پشت پر ہے۔اسی طرح پاکستان بھی کوئی بڑا ملک نہیں لیکن پوری امت مسلمہ میں احیائے اسلام کا جو جذبہ کار فرما ہے، اس کی ساری امیدیں پاکستان سے وابستہ ہیں ۔قیامت سے قبل یہ دونوں بڑے تودے آپس میں ٹکرانے والے ہیں جیسا کہ احادیث میں قیامت سے قبل آخری جنگ کے طور پر حق و باطل میں ایک بہت بڑے معرکے کی خبر دی گئی ہے۔ان دونوں میں ایک بڑا فرق وہ یہ ہے کہ اس اشتراک کے علاوہ جو ان دونوں ممالک میں پایا جاتا ہے، وہ یہ ہے کہ پاکستان ایک خطے میں مقیم ایک قوم کی دستوری اور پرامن جدوجہد کے نتیجے میں وجود میں آیا جبکہ اسرائیل کا معاملہ بالکل برعکس ہے۔ایک قوم جو ساڑھے اٹھارہ سو سال قبل فلسطین سے نکلی تھی، آج ظلم اور دھاندلی سے یہاں آکر دوبارہ قابض ہوگئی۔انہیں ۷۰ء میں یہاں سے نکالا گیا، نیز جب یہ یہاں سے بے دخل ہوئے تو حاکم نہ تھے بلکہ چار سو برس سے رومیوں کے غلام تھے۔یہودیوں کے ایک فرقے ذی لوٹس نے حضرت عیسیٰؑ کے رفع سماوی کے ۳۷ برس بعد ۷۰ عیسوی میں رومیوں کے خلاف بغاوت کی تو ٹائٹس رومی نامی جرنیل نے ان پر حملہ کیا اور ایک دن میں ایک لاکھ تین ہزار یہودیوں کو قتل کیا اور انہیں یہاں سے نکال دیا۔اس وقت یہ پوری دنیا میں پھیل گئے۔اس عرصے کو یہ اپنا دور انتشار کہتے ہیں ۔اس عرصے کے دوران انہیں کہیں پناہ نہ ملی۔البتہ طارق بن زیاد نے جب سپین پر حملہ کیا تو وہاں آباد یہودیوں نے طارق بن زیاد کی مدد کی انہیں سپین کی مسلمان حکومت میں بہت زیادہ اثر رسوخ حاصل ہو گیا، جس کو استعمال کرتے ہوئے یہودیوں نے فرانس، اٹلی اور برطانیہ سے سپین میں مسلمانوں کی قائم کردہ یونیورسٹیوں میں حصول علم کے لئے آنے والے نوجوانوں میں اپنا اثر و رسوخ بڑھایا جس کے نتیجے میں عیسائیت دو حصوں میں تقسیم ہوگئی۔ایک حصہ کیتھولک اور دوسرا پروٹسٹنٹ بن گیا۔ یہودیوں نے پروٹسٹنٹ فرقے کے ذریعے سود اور سیکولر ازم کو رواج دیا۔ یوں انہوں نے سودی کاروبار کی اجازت لے کر بینکنگ سسٹم قائم کیا اور عیسائی حکومتوں کو سودی قرضے دے کر اپنے شکنجے میں جکڑ لیا۔ گویا فرنگ کی رگ و جاں پنجہ یہود میں آگئی۔اس دوران انہوں نے فلسطین پر قبضہ حاصل کرنے کی منصوبہ بندی شروع کردی۔ بالآخر انہوں نے برطانیہ کے ذریعے ۱۹۱۷ء میں یہاں آباد ہونے کا حق حاصل کرلیا۔ پہلے انہوں نے پیسے سے مکانات اور زمینیں خریدیں جب ان کی تعداد زیادہ ہوگئی تو انہوں نے دھونس اور زبردستی سے علاقوں پر قبضہ شروع کر دیا اور مقامی لوگوں کو طاقت کے بل بے گھر کر دیا۔ یہاں تک کہ یہودی ریاست اسرائیل کے قیام کا اعلان کردیا۔

آج امریکہ انہی پروٹسٹنٹس کا امام ہے جبکہ برطانیہ چھوٹا بھائی بنا ہوا ہے یہی وجہ ہے کہ عراق کے خلاف یہ دونوں ایک تھے جبکہ اولڈ یورپ ان کے خلاف تھا کیونکہ وہ کیتھولک ہیں۔ کیتھولک اکثریت والے ممالک جنہیں قدیم یورپ کہا جاتا ہے، یروشلم میں ایک عیسائی حکومت قائم کرنا چاہتے ہیں، جبکہ پروٹسٹنٹس وہاں یہودی حکومت قائم کر کے ہیکل سلیمانی تعمیر کرانا چاہتے ہیں ۔البتہ تمام تر اختلافات کے باوجود یہ دونوں اس بات پر متفق ہیں کہ یہاں سے مسلمانوں کو نکال باہر کیا جائے ۔ جہاں تک یہودیوں کا تعلق ہے وہ فلسطین ہی کا علاقہ نہیں بلکہ مصر، شام، اردن اور سعودی عرب کے بعض علاقوں تک گریٹر اسرائیل کے قیام کی منصوبہ بندی کر رہے ہیں۔ اس کے علاوہ مسجد اقصیٰ اور قبۃ الصخراہ گرا کر ہیکل سلیمانی بھی تعمیر کرنا چاہتے ہیں۔ اگر ایسا ہوا تو احادیث کی رو سے قبل از قیامت اسلام اور کفر کے درمیان فیصلہ کن ٹکر ہوگی۔

اب ہم اسرائیل کو تسلیم کرنے کے حوالے سے اپنے اکابرین کے خیالات کا جائزہ لیتے ہیں ۔علامہ اقبال ؒ نے اپنے شعر میں اس کی وضاحت یوں کی۔(ہے خاک فلسطین پہ یہودی کا اگر حق ہسپانیہ پر حق نہیں کیوں اہل عرب کا) اگر دو ہزار سال قبل نکلی ہوئی قوم کو دوبارہ فلسطین میں لا کر آباد کیا جا سکتا ہے جو یہاں حاکم نہیں محکوم تھی تو پھر عربوں کا ہسپانیہ واپس ملنا چاہئے کیونکہ وہ کئی صدیوں تک وہاں حاکم رہے۔اسی طرح قائد اعظم ؒ نے ۲۵ اکتوبر ۱۹۴۷ء کو رائٹر نیوز ایجنسی کے نمائندے کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ "فلسطین کے بارے میں ہمارے موقف کی وضاحت اقوام متحدہ میں پاکستانی وفد کے سربراہ محمد ظفر اللہ خان نے کر دی ہے مجھے اب بھی یہ امید ہے کہ تقسیم (فلسطین) کا منصوبہ مسترد کر دیا جائے گا ورنہ ایک خوفناک چپقلش کا شروع ہو جانا ناگزیر اور لازمی امر ہے۔ یہ چپقلش عربوں اور منصوبہ تقسیم نافذ کرنے والوں کے درمیان نہ ہوگی بلکہ پوری اسلامی دنیا اس فیصلے کے خلاف عملی طور پر بغاوت کرے گی کیونکہ ایسے فیصلے (گریٹر اسرائیل کے قیام) کی حمایت نہ تو تاریخی اعتبار سے کی جاسکتی ہے اور نہ ہی سیاسی اور اخلاقی طور پر۔" ایسے حالات میں عالم عرب کو بھی چاہئے کہ وہ پاکستان کا ساتھ دے اور اسرائیل کو تسلیم نہ کرے۔علامہ اقبال اور قائد اعظم ؒ کے خیالات سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ اسرائیل کو تسلیم کرنا ظلم اور ناانصافی کا ساتھ دینا ہے۔دراصل یہ جنگ یہودیوں اور عربوں کی نہیں مسلمان اور یہودیوں کے درمیان ہے۔ اگر عرب ممالک کے حکمران امریکہ کی طاقت کے آگے جھک کر اسرائیل کو تسلیم کرتے ہیں جیسا کہ کچھ نے کیا ہے کچھ تیاری میں ہیں تو یہ ہمارے لئے دلیل نہیں بن سکتی کیونکہ اسرائیل پاکستان کو اپنا سب سے بڑا دشمن سمجھتا ہے۔لہذا ہمیں اسرائیل کو تسلیم نہیں کرنا چاہئے۔

5 فروری یوم کشمیر اس سال بھی گزر گیا

تحریر طارق مسعود

ریاست آزاد جموں کشمیر سمیت اندرون ملک و بیرون ملک بسنے والے کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کے طور پر ہر سال 5 فروری کو یوم کشمیر منایا جاتا ہے بھارتی ظلم و جبر کے خلاف کشمیریوں سے ہمدردی اور بھارتی بربریت کے خلاف احتجاج ریکارڈ کروایا جاتا ہے ۔ایک وقت تھا جب جماعت اسلامی کے قائد مرحوم قاضی حسین احمد صاحب اس دن کے حوالے سے اپنی ایک پہچان رکھتے تھے ۔ اپنی ساری عمر انہوں نے کشمیریوں کیلئے وقف کر رکھی ہوئی تھی۔ کراچی سے لیکر سرینگر تک احتجاج کیا جاتا تھا اس احتجاج میں صرف جماعت اسلامی ہی نہیں بلکہ تمام چھوٹی بڑی سیاسی ، مذہبی جماعتیں اور صحافتی و سماجی تنظیمیں بھی حصہ لیتی تھیں۔ قاضی حسین احمد کی قیادت میں ملک گیر انسانی ہاتھوں کی زنجیر بنتی تھی ، چھوٹے بڑے شہروں میں تمام سڑکوں اور بازاروں میں انسانی ہاتھوں کی زنجیریں بنائی جاتی تھیں، جو کہ کئی کئی کلومیٹر پر محیط ہوتی تھیں اور اس میں شامل لوگوں کا جذبہ دیدنی ہوتا تھا خاص کر اسلام آباد سے لیکر مظفر آباد کوہالہ پل کے آر پار اور مظفر آباد سے چکوٹھی تک، دریا جہلم کے دونوں کناروں پر انسانوں کے ہاتھوں میں پاکستان کے سبز ہلالی پرچم آزاد کشمیری پرچم اور بھارتی ظلم و جبر بربریت کے خلاف پوسٹرز اور کتبے تھامے ہوئے لوگ ہی لوگ نظر آتے تھے۔ بوڑھے ، عورتیں اور جوان بغیر کسی مذہبی تفریق کے جوق در جوق شرکت کرتے تھے۔

اس سال بھی 5 فروری یوم کشمیر منایا گیا بظاہر تو کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کے طور پر تمام مذہبی و سیاسی جماعتوں نے پروگرام منعقد کیے تھے دو پروگرام منفرد تھے ، اول مظفر آباد میں پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے زیر اہتمام ایک بہت بڑے جلسے کا انعقاد کیا گیا جس میں پاکستان اور آزاد کشمیر سے اس میں شامل تمام قائدین کو شرکت کی دعوت دی گئی مظفر آباد جو کہ آزاد کشمیر کا دارالحکومت ہے اور پوری دنیا میں بسنے والے کشمیریوں کی نظروں کا مرکز ہے ویسے بھی اس شہر کو بھارتی جبر و ظلم کے خلاف جاری تحریک کا بیس کیمپ تصور کیا جاتا ہے یہاں پر منعقد ہونے والے جلسے میں بھارت کو ایک سخت پیغام دینے کی ضرورت تھی لیکن یہاں پر اس کے بالکل برعکس ہوا سوائے پاکستان مسلم لیگ (ن) کے اس اتحاد میں شامل دوسری جماعتوں کا بھارت مخالف ایجنڈا کبھی نہیں رہا اور نہ ہی ان کو بھارتی ظلم، جبر و بربریت کے خلاف جاری تحریک سے کوئی سروکار رہا اور نہ ہے۔شاید اس لئے اس جلسے کا بھی کوئی بھارت مخالف احتجاج کا کوئی ایجنڈا نہ تھا اس سٹیج کو بھارت مخالف کم اور عمران مخالف زیادہ سے زیادہ استعمال کیا گیا۔ ایسے لگ رہا تھا جیسے مقبوضہ کشمیر پر قبضہ بھارت کا نہیں عمران خان کا ہو یا آپ یوں کہہ لیجئے کہ آج کا دن بھارت کے خلاف نہیں بلکہ عمران خان اور حکومت کے خلاف احتجاج کا دن ہو ۔بغض عمران خان میں ان لوگوں نے 5 فروری یوم کشمیر کو بھی اپنی انا کی سیاست کی نظر کر دیا ان لوگوں کو کوئی سمجھانے والا نہیں تھا کہ آپ سارا سال اپنی سیاسی مخالفت ایک دوسرے کے خلاف ملک بھر میں جلسے جلوسوں، دھرنے، احتجاج، لانگ مارچ میں کرتے رہتے ہو اور سال میں صرف ایک دن اپنے کشمیری بھائیوں سے یکجہتی کے طور پر مناتے ہیں اور وہ بھی ان کشمیری بھائیوں کے لئے جو بھارتی قبضہ کے اندر مقبوضہ کشمیر ہیں۔کشمیر بنے گا پاکستان کے نعروں پر اپنی جانوں کے نذرانے پیش کرتے ہیں ان میں خواہ جوان ہوں ،مرد ہوں یا خواتین یا بچے سب کی ایک ہی آواز ہے کشمیر بنے گا پاکستان اس نعرہ کی وہ قیمت بھی ادا کرتے ہیں اپنے خون اور اپنے پیاروں کی لاشوں کو اٹھاتے ہوئے۔

تحریک حریت کے عظیم سپہ سالار اور بھارتی ظلم و جبر کے خلاف سے توانا آواز غازی ملت ، مجاہد ملت اور بھارتی ظلم و جبر کے خلاف سینہ تان کر کھڑا انسان سید علی گیلانی جس نے ساری عمر بھارتی قید و صعوبت میں گزار دی کیا ہم صرف ایک دن بھی ان کے لئے وقف نہیں کر سکتے وہ بھارتی توپ خانوں اور رائفلوں کی سنگینوں سامنے با آواز بلند ببانگ دہل ایک ہی نعرہ لگاتے ہیں جو اس کی زندگی کا مشن ہے۔ جس کی خاطر اس عظیم انسان نے اپنی جوانی ، بڑھاپا ، گھر ، خاندان وقف کر دیا۔ کشمیر بنے گا پاکستان۔

پاکستان سے ہمارا رشتہ کیا لا الہ الا اللہ۔اور یہی نعرہ اس سے پہلے بانی پاکستان قائد اعظم محمد علی جناح ؒ نے بھی لگایا تھا اور یہ ہمارے دستور، منشور اور تحریک آزادی کا نعرہ بھی ہے بلکہ ہر پاکستانی اور کشمیری کی زندگی کا مقصد بھی ہے ۔ تحریک حریت کشمیر کا کسی مذہبی، سیاسی، علاقائی سیاست سے کوئی تعلق نہیں ہے یہ تحریک بغیر کسی مذہبی تفریق ، رنگ و نسل کے ہے خالصتا خطہ کشمیر کی بھارتی ظلم ، جبر و بربریت کے خلاف اور ہندوستان سے آزادی کی تحریک ہے۔ سید علی گیلانی ہو یا یسین ملک یا امیر واعظ عمر فاروق ان تمام کی زندگی کا ایک ہی مقصد ہندوستان سے آزادی ہے۔ جس کی خاطر ایک لاکھ سے زائد کشمیری و پاکستانی اپنی جانوں کا نذرانہ دے چکے ہیں ہزاروں خواتین بیوہ ہوئیں اور ہزاروں کی تعداد میں بچے یتیم بھی ہوئے اور سینکڑوں نوجوان بھارتی پیلٹ گنوں کی وجہ سے معذوری کی زندگی گزار رہے ہیں اور یہ تمام اپنے پاکستانیوں بھائیوں کی طرف دیکھ رہے ہیں اور ہم کیا کر رہے ہیں یہ ایک لمحہ فکریہ ہے جو کہ اس سال ہم نے انکی یکجہتی کیلئے کیا میری اس تحریر کا مقصد کسی کی دل آزاری نہیں بلکہ ایک قوم ایک آواز بن کر 5 فروری کو اندرون و بیرون ملک بھر پور اتحاد یکجہتی کے ساتھ بھارتی جبر، تشدد و ظلم کو بے نقاب کرنا چاہئے اور عظیم کشمیری قوم جو بھارتی ظلم سہ کر بھی کشمیر بنے گا پاکستان کا نعرہ لگاتی ہے انکی جرت اور بہادری کو سلام پیش کرنا چاہیے تھا اللہ پاک ہم سب کو مل کر اس تحریک میں اپنا اپنا کردار ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے ۔امین۔

(عظیم شخصیت۔ عظیم اصول۔ عظیم سوچ)

سرتاج مینگل چاغی

سیاست پرستی ہمارے معاشرے میں سرائیت کر چکی ہے۔ جو شخص کسی کو سپورٹ کرتا ہے تو وہ سمجھتا ہے کہ وہ جماعت اور شخصیت ہی بالکل ٹھیک ہے اور باقی تمام جماعتیں سیاسی افراد کرپٹ، چور اور ملک دشمن ہیں۔ سیاسی مداریوں نے محدود مفادات کے عوض ان نوجوانوں کو اپنی سحر انگیزیوں میں اس طرح جکڑ لیا ہے کہ وہ اب کسی دوسرے کا موقف سننے کو تیار نہیں ہیں جس کی وجہ سے صحت مند بحث ختم ہوتی جا رہی ہے۔ صرف مخالفت برائے مخالفت کر کے مدمقابل عظیم شخصیت عظیم اصول عظیم سوچ رکھنے والے شخصیت کو غلط ثابت کرنا اور اپنے سیاسی مداریوں کو درست ثابت کرنا رہ گیا ہے۔

آج کل سوشل میڈیا لوگوں کی پگڑیاں اچھالنا اور پروپیگنڈا کرنے کے لیے استعمال ہو رہا ہے۔ ہزاروں فیک اکاؤنٹس بن چکے ہیں سوچ نامی گروپ بنانے والے انتشاری تعصب پرست متعصبانہ سوچ کے حامل سوچ کے ایڈمن سیاسی مینڈک جو دن رات افواہیں پھیلانے اور ایک دوسرے کو گالیاں دینے میں لگے ہوئے ہیں۔ کیا یہ وہ سیاسی شعور ہے ملک کی کوئی سیاسی جماعت ہے اس کریڈٹ لینا چاہے گی؟ ہرگز نہیں کیوں کے سیاسی لبادے میں چھپے ان سیاسی مداریوں کو تو ان کے اپنے بھی اعلانیہ قبول کرنے سے قاصر ہیں۔

سینیٹ چیئرمین صادق سنجرانی جس کی صداقت اخلاقی اصولوں کی گواہی اور حمایت حکومت میں شامل سینیٹرز اور وزراء ہی نہیں بلکہ اپوزیشن اراکین کی اکثریت بھی کرتی ہی بالخصوص سینیٹ اخلاقیات ایک دوسرے کیخلاف ناشائستہ الفاظ کو ان کی ہی کی زبان سے حذف کروادیا چاہے حکومتی سینیٹرز ہی کیوں نہ ہوں۔

ہمیں تعجب ہے ان سیاسی نابالغوں پر جنہیں پولیٹیکل سائنس کی معلومات ہی نہیں اور وہ اسمبلیوں تک پہنچ جاتے ہیں افسوسناک صورتحال ہے۔ وہ افراد آج سینیٹ چیئرمین حاجی صادق سنجرانی پر سیاسی مفادات کے حصول کیلئے بیانات داغ رہے ہیں شاید ان کو ادارے کہیں اہمیت دیں۔

رہی بات چاغی میں ترقیاتی کاموں کی اگر سیاسی مداریوں کی خوامخواہ کی واویلا اگر انہیں سیاسی طور کامیاب کرے گی یہ ان کی شیخ چلی کی طرح خام خیالی ایسا ہرگز ممکن نہ ہوسکتا ہے کیوں تنقیدی سیاست ہمیشہ خود اس کا بدترین شکار ہو جاتی ہے یاد رہے سینیٹ چیئرمین کا عہدہ ملکی انتظامی امور چلانے کا عہدہ نہیں ہے بلکہ یہ ادارہ دراصل قانون سازی میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔

سینیٹ چیئرمین صادق سنجرانی اعتدال پسندی کے ساتھ سینیٹرز کے درمیان مقبولیت رکھتے ہیں جس کی اس وقت ملک میں اشد ضرورت ہے۔

مگر دوسری جانب بدقسمتی سے ہماری نوجوان نسل حقائق کو بھول کر سیاسی مداریوں کی سحر انگیزیوں میں گرفتار ہو چکی ہے۔ کوئی کسی کا موقف سننے کو تیار نہیں۔ پوری دنیا میں سیاسی جماعتوں نے اور ان کے لیڈروں نے نوجوانوں کو اپنے مفادات کے لیے استعمال کیا ہے۔ نوجوانوں کو چاہیے کہ وہ ہر شخص کا موقف سنے اور دلیل کے ساتھ اس سے اختلاف کریں اور یہ اختلاف اخلاقیات کے دائرے میں رہ کر کیا جائے۔

بہت زیادہ پڑھے لکھے لوگ سوشل میڈیا پر ایسی اخلاقیات سے عاری پوسٹس کرتے ہیں گویا گمان ہوتا ہے کہ یہ کسی ان پڑھ اور جاہل شخص کی پوسٹ ہو۔ آج ضرورت اس امر کی ہے کہ ہمیں چاہیے کہ اندھادھند سیاسی تقلید سے نکلیں اور حقائق اور دلیل کی راہ پر گامزن ہوں۔ جب تک یہ نام نہاد سیاسی شعور ہمارے اندر رہا تو ہم دنیا کی مہذب قوم کبھی بھی نہیں بن سکتے ہیں۔ آخر میں تمام سیاسی جماعتوں کے لیڈروں کو چاہیے کہ وہ اپنے سیاسی کارکنوں کی تربیت کریں۔ اساتذہ کرام، دانشوروں، کالم نگاروں اور اینکر پرسن حضرات سے بھی گزارش ہے کہ وہ اس سماجی برائی کو ختم کرنے میں اپنا کردار ادا کریں۔

آپ کی رائے اور تحریروں کا خیر مقدم
سیاسی، سماجی معاشی موضوعات کے متعلق اپنی مختصر تحریریں، پریس ریلیز ہمیں بھیجیے ہم انہیں اپنے اخبار کی زینت بنائیں گے۔
imroz.ad@gmail.com
whatsapp no :03327971944

ادارہ امروز میڈیا گروپ میں چھپنے والے مضامین / کالم اور تجزیئے تحریر کنندگان کا اپنا نظریہ ہوسکتا ہے اس سے ادارہ کا متفق ہونا ضروری نہیں
(ایڈیٹر)

میرے اللہ اور رسول ﷺ کا شیر جناب علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

اُمید سحر
محمد ریاض
riazsurge@gmail.com

آپ رضی اللہ عنہ کا نام علی ابن ابی طالب آپکی کنیت ابوالتراب ہے، آپکی پیدائش 13 رجب ہجرت سے □ 21 سال پہلے ہوئی۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے فضائل اور حسب ونسبت کی بات کی جائے تو بنی نوع انسان کے ہر فرد کو رشک آجائے، پیارے نبی حضرت محمد ﷺ کے پیارے صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین میں سے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ جیسی شان عظیم کسی اور صحابی رسول رضی اللہ عنہ کے حصہ میں نہیں آئی، حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نبی کریم ﷺ کے ساتھ نسبت کے کیا ہی کہنے، حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، نبی کریم ﷺ کے سب سے زیادہ محسن چچا جناب حضرت ابو طالب کے بیٹے ہیں گویا حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ور نبی کریم ﷺ آپس میں چچازاد بھائی ہیں، حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو سب سے بڑا اعزاز یہ بھی ملا کہ انکا خاتون جنت حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کیساتھ نکاح ہوا۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے خاندان کی بات کی جائے تو باپ نبی کریم ﷺ کے چچا، ماں نبی کریم ﷺ کی چچی، بیوی خاتون جنت حضرت فاطمہ رضہ اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کی بیٹی ہیں، جنت کے سردار جناب حضرت حسن اور حسین رضوان اللہ علیہم اجمعین ہیں جنکی بچپن میں پرورش رحمت اللہ العالمین کے ہاتھوں میں ہوتی ہے۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بچوں میں سب سے اول شخص ہیں جو حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے بعد اسلام لائے آپ کے بے شمار فضائل وکمالات بے اور شجاعت وبہادری سے دین اسلام کی تاریخ بھری پڑی ہے آپ انتہائی بہادر اور۔ شجاع تھے آپ نے اسلام کی سب سے پہلی جنگ غزوہ بدر سمیت قریبا تمام غزوات میں شرکت فرمائی اور نبی کریم ﷺ کے دنیا سے پردہ فرمانے کے بعد بھی اسلامی جنگوں میں آپ بنفس نفیس شریک ہوتے رہے۔ قرآن کریم ایسےمیں کئی مقامات ہیں جن میں خالق کائنات اللہ کریم نے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی فضیلت ومنقبت کو اجاگر کیا ہے۔ جیسا کہ ارشاد خداوندی ہے: (البقرۃ:137) یعنی اگر تم ایمان اس طرح لاؤ جیسا کہ ایمان صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین لائے ہیں تو تحقیق تم فلاح پا جاؤ گے، اس لحاظ سے بھی صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کا ذکر کرنا بہت ضروری ہے، تاکہ امت محمد یہ ان کے مقام اور مرتبہ کو سمجھے اور ان کے مطابق اپنے ایمان کو مضبوط تر کرنے کی کوشش کریں۔ قرآن مجید وفرقان حمید کی واضح ترہدایات کے مطابق کہ اللہ کے پیارے رسول ﷺ کے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی اقتدا کروگے تو فلاح پا جاؤ گے، اس لئے ہمیں جہاں صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی اقتدا کرنی ہے وہی پر صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی شان اور انکو خراج عقیدت بھی پیش کرنے کی سعادت حاصل کرتے رہنا چاہئے، اس لیے بھی ان عظیم ہستیوں کی تعریف کرنا کار خیر ہے کہ قرآن کریم نے ان مقدس انسانوں کے ایمان کو بعد میں آنے والے انسانوں کے لیے معیار اور پیمانہ بنایا ہے۔

نبی کریم ﷺ سے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی عقیدت، محبت اور جانثاری بے مثال ہے ہجرت کے وقت آپ ﷺ نے اپنے بستر پر حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو لٹایا اور امانتیں ان کے سپرد کی اور کہا کہ صبح امانتیں جن لوگوں کی ہیں ان کے حوالے کرکے مدینہ منورہ آجائیں۔ ادھر دارلندوہ میں یہ فیصلہ ہوچکا کہ نعوذ باللہ حضور ﷺ جیسے ہی گھر سے باہر نکلیں ان کو تلواروں کے وار سے یک بارگی میں شہید کردیا جائے یہ وہ دشمنان خدا اور رسول تھے جن کی امانتیں حضور ﷺ کے پاس رکھی تھی جو کہ حضور ﷺ کی سچائی اور دیانتداری کے قائل تھے اور آپ ﷺ کو صادق اور امین کہتے تھے۔ آدھی رات کو حضور ﷺ سورہ یٰسین کی تلاوت کرتے ہوئے اپنے گھر سے روانہ ہوگئے اور صبح کفار قریش نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو جب دیکھا تو انکی ساری مکاریاں اللہ کے فضل وکرم سے دم توڑ چکی تھیں اور اللہ کی تدبیر کے سامنے انکی کوئی مکاری کام نہ آئی۔ اور حضور ﷺ اللہ کریم کی حفاظت سے مدینہ منورہ کی طرف روانہ ہوچکے تھے۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کی خلافت وحکومت کی خصوصیت یہ تھی کہ یہ قرآن وسنت کی بنیاد پر قائم نظامِ حکومت تھا۔ خلیفۃ المسلمین حضرت مولیٰ علی رضی اللہ عنہٗ نے 656 سے 661ء چار سال آٹھ مہینہ نو دن تک امور خلافت کو انجام دیا۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ علم کے اعتبار سے بھی علمائے صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین میں بہت اونچا مقام رکھتے ہیں آپ کے فتوے اور فیصلے اسلامی علوم کے جواہر پارے ہیں۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ہم نے جب بھی آپ سے کسی مسئلہ کو دریافت کیا تو ہمیشہ درست ہی جواب پایا۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے سامنے جب حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ذکر ہوا تو آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ علی رضی اللہ عنہ سے زیادہ مسائل شریعہ کا جاننے والا کوئی نہیں ہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں کوئی مشکل مقدمہ پیش ہوتا اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ موجود نہ ہوتے تو وہ اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگا کرتے تھے کہ مقدمہ کا فیصلہ کہیں غلط نہ ہو جائے۔ (تاریخ الخلفاء، خطبات محرم:ص204) مشہور ہے کہ حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے سامنے ایک ایسی عورت پیش کی گئی جسے زنا کا حمل تھا۔ ثبوت شرعی کے بعد آپنے اسے سنگسار (ایک قسم کی شرعی سزا جس میں آدمی کو کمر تک زمین میں گاڑ کر پتھر مار، مار کر اسے ختم کر دیا جاتا تھا، یہ سزا زانی (RAPEST) اور زانیہ کو دی جاتی تھی) کا حکم فرمایا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے یاد دلایا کہ حضور ﷺ کا فرمان ہے کہ حاملہ عورت کو بچہ پیدا ہونے کے بعد سنگسار کیا جائے۔ اس لیے کہ زنا کرنے والی عورت اگرچہ گناہ گار ہوتی ہے مگر اس کے پیٹ کا بچہ بے قصور ہوتا ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی یاد دہانی کے بعد حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے اپنے فیصلہ سے رجوع کرلیا اور فرمایا: لَوْلَا عَلِیٌّ لَھَلَکَ عُمَرُ یعنی اگر علی نہ ہوتے تو عمر ہلاک ہو جاتا (رضی اللہ تعالیٰ عنہما) (خطبات محرم: ص، 204 سے 205)

حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کا علمی مقام ومرتبہ، ان کی قرآن فہمی، حقیقت شناسی اور فقہی صلاحیت تمام اولین وآخرین میں ممتاز ومنفرد تھی۔ اللہ رب العزت نے انھیں عقل وخرد کی بے شمار صلاحیتوں سے نوازا تھا کہ جو مسائل دوسرے حضرات کے نزدیک پیچیدہ اور مشکل ترین سمجھے جاتے تھے، انہیں مسائل کو وہ آسانی سے حل کر دیتے تھے۔ اکابر صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین ایسے اوقات سے پناہ مانگتے تھے کہ جب کوئی مشکل مسئلہ پیش آجائے اور اس کے حل کے لیے حضرت علی کرم اللہ وجہہ موجود نہ ہوں۔ حضرت سعید بن المسیب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: *کَانَ عُمَرُ یَتَعَوَّذُ بِاللّٰہِ مِنْ مُعْضِلَۃٍ لَیْسَ فِیھَا وفی روایۃ: لَیْسَ لَھَا اَبُوْحَسَنٍ "حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس پیچیدہ مسئلہ سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتے تھے جسے حل کرنے کے لیے ابوالحسن علی رضی اللہ عنہ ابن طالب نہ ہوں۔ (فضائل الصحابہ، ج:2، ص:803، رقم)۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا علمی مقام بہت بلند تھا اور کیوں نہ ہو کہ ان کی شان میں نبی کریم ﷺ کا فرمان عالیشان ہے کہ "میں علم کا شہر ہوں اور علی اس کا دروازہ ہیں۔" پوری حدیث پاک انا مدینۃ العلم وابو بکر اساسھا وعمر حیطانھا وعثمان سقفھا وعلی بابھا۔ (رواہ الحاکم، الطبرانی، 1089-1090، الشوقانی، 307-308، القول المجموعۃ) ترجمہ: میں شہر علم ہوں، ابوبکر اس کی بنیاد ہیں، عمر اس کی دیواریں ہیں، عثمان اس کی چھت ہیں اور علی اس کا دروازہ ہیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے بہت سے ایسے کاموں کی ابتدا فرمائی جس کے آثار نہ صرف یہ کہ باقی و پائندہ ہیں بلکہ جب تک عربی زبان اور اس کے قواعد نحو وصرف باقی ہیں حضرت علی رضی اللہ عنہ کا کارنامہ زندہ و جاوید رہے گا۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم عربی گرامر کے موجد ہیں (ایجاد کرنے والے ہیں) آپ ایسے علم کے موجد ہیں جس کے بغیر کوئی شخص عالم نہیں بن سکتا۔ آج اگر کوئی انسان عالم ہے اور قرآن وحدیث کو سمجھنے کی صلاحیت رکھتا ہے تو یہ صلاحیت صرف اسی علم کی بدولت ہے جس کے موجد باب العلم حضرت علی کرم اللہ وجہہ ہیں اور وہ علم عربی گرامر (Grammer) یعنی علم نحو ہے۔ اہل علم اس بات کو جانتے ہیں کہ کسی زبان کو سمجھنے کے لیے اس کی لغت کی معرفت کس قدر ضروری ہے پھر عربی لغت کی اہمیت تو اور بڑھ جاتی ہے قرآن وحدیث کو پڑھنا، سمجھنا، علم نحو اور صرف یعنی عربی گرامر کے بغیر ممکن نہیں، اسی لیے عربی گرامر کے متعلق کہا گیا ہے "*اَلصَّرْفُ اُمُّ الْعُلُوْمِ وَالنَّحْوُ اَبُوْھَا*" "علم صرف تمام علوم کی ماں ہے اور علم نحو ان سب کا باپ ہے" اور ان دونوں علوم کے موجد یعنی بانی کہا جاسکتا ہے، حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم نے سب سے پہلے آپ ہی نے ان دونوں علوم کے بنیادی قوانین املا کرائے اور اسم، فعل اور حرف کی پہچان بتائی۔ پھر ان کے بتائے ہوئے علم کو بغرض سہولت دو حصوں میں تقسیم کرکے ایک کو "صرف" کا نام دیا گیا اور دوسرے کو "نحو" کا۔ حقیقت میں "صرف" "نحو" ہی کا ایک حصہ ہے اور اس کے موجد حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم ہیں۔

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ہم حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ سفر پر تھے، (راستے میں) ہم نے وادی غدیر خم میں قیام کیا۔ وہاں نماز کے لیے اذان دی گئی اور حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے دو درختوں کے نیچے صفائی کی گئی، پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نمازِ ظہر ادا کی اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑ کر فرمایا: کیا تمہیں معلوم نہیں کہ میں کل مومنوں کی جانوں سے بھی قریب تر ہوں؟ انہوں نے عرض کیا: کیوں نہیں! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیا تمہیں معلوم نہیں کہ میں ہر مومن کی جان سے بھی قریب تر ہوں؟ انہوں نے عرض کیا: کیوں نہیں! راوی کہتا ہے کہ پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑ کر فرمایا: "جس کا میں مولا ہوں اُس کا علی مولا ہے۔ اے اللہ! اُسے تو دوست رکھ جو اِسے (علی رضی اللہ عنہ کو) دوست رکھے اور اُس سے عداوت رکھ جو اِس سے عداوت رکھے۔" راوی کہتا ہے کہ اس کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ملاقات کی اور اُن سے کہا: "اے ابن ابی طالب! مبارک ہو، آپ صبح وشام (یعنی ہمیشہ کے لئے) ہر مومن اور مومنہ کے مولا بن گئے ہیں۔ اس حدیث کو امام احمد اور ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ہے۔"

الحدیث رقم 65: أخرجہ أحمد بن حنبل فی المسند، 4 / 281، وابن أبی شیبۃ فی المصنف، 12 / 78، الحدیث رقم: 12167

مدینے ہجرت کے بعد حضور ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کا نکاح اپنی سب سے پیاری بیٹی حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے کیا سرور کائنات ﷺ کی صاحبزادی کا یہ نکاح سادگی کی ایک مثال ہے چونکہ حضور ﷺ حضرت علی کے کفیل تھے اس لیے آپ نے ان کو کچھ ضروریات زندگی کا سامان خرید کردیا یہ جہیز نہیں تھا اور ایک کرایے کے مکان کا بندوبست کیا اور اپنی پیاری بیٹی کو خود رخصت کرآئے۔ اور ایسی مثال اور سنت جاری فرمائی کہ جس پر عمل پیرا ہوکر ہی خیر وبرکات حاصل ہوسکتی ہیں۔

اک موقع پر حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ "ہارون علیہ السلام کو جو نسبت موسیٰ علیہ السلام سے ہے وہی نسبت علی رضی اللہ عنہ کو مجھ سے ہے مگر میرے بعد کوئی نبی نہیں" حضرت علی رضی اللہ عنہ بھی حضور اکرم ﷺ سے بے حد محبت کرتے، جانثاری میں آپ اپنی مثال تھے مواخات کے موقع پر آنحضور نے دنیا اور آخرت میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اپنا بھائی بنایا۔ آپ رضی اللہ عنہ ذہین اور صاحب علم تھے آپ ایک بہادر اور نڈر شہسوار تھے۔ دربار رسالت ﷺ سے آپ کو اسد اللہ کا خطاب ملا۔ اس کے علاوہ حیدر اور کرار بھی آپ کے القاب ہیں۔

غزوہ خیبر کے موقع پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کے دن میری طرف پیغام بھیجا، اس حال میں کہ میری آنکھ دکھ رہی تھی، میں نے کہا: اے اللہ کے رسول! میری آنکھیں دکھ رہی ہیں، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے میری آنکھ پر اپنا لعاب (مبارک) لگایا، پھر فرمایا: اے اللہ! اس سے گرمی اور سردی کو دور کردے۔ اس کے بعد میں نے گرمی اور سردی کو محسوس نہیں کیا، فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں ایسے آدمی کو علم دے کر بھیجوں گا جس سے اللہ اور اللہ کے رسول محبت کرتے ہیں اور وہ اللہ اور اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کرتا ہے اور میدان سے فرار نہیں ہوگا۔ (راوی) نے فرمایا کہ اس کے بعد لوگ دیکھنے لگے، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو بھیجا۔ (فضائل الصحابۃ: 5 6 5 / 2، رقم الحدیث:950)

حضرت علی رضی اللہ عنہ کے مکمل فضائل لکھنا کسی شخص کے بس کی بات نہیں ہے، میرے جیسا گناہگار انسان چھوٹی سی کوشش کرکے اپنا نام صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے محبت کا اظہار کرنے والوں کی لسٹ میں لکھوانے کا متلاشی ہوتا ہے۔ حقیقت تو یہ ہے کہ دنیا میں اسلام کا بڑے سے بڑا عالم دین بھی میرے پیارے آقا سرور کونین حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ اور آپ ﷺ کے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے فضائل کو مکمل طور پر قلمبند نہیں کرسکتا اور نہ ہی کسی میں اتنی ہمت اور طاقت ہے۔ کیونکہ میرے آقا ﷺ اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے فضائل صرف اور صرف اللہ کریم کی ذات اقدس ہی مکمل طور پر جانتی ہے۔

میرے پیارے رسول ﷺ کے عظیم ساتھی جناب علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فتنہ خارجیت سے لڑتے ہوئے خارجی دشمنوں کی زد میں آئے، یہاں تک کہ رمضان شریف کے اک بابرکت دن اک خارجی ابن ملجم نے زہر پلائی ہوئی تلوار سے آپ پر ایسی ضرب لگائی کہ آپ بالآخر شہید ہوگئے۔ مگر شہید ہونے سے قبل ہی ابن ملجم کو گرفتار کرلیا گیا، اور آپ کے سامنے حاضر کیا گیا، اس کی شکل و صورت کو دیکھتے ہی آپ نے حکم دیا کہ مقتول سے پہلے قاتل کی پیاس بجھائی جائے۔ اس جملے میں کتنی معنویت اور اخلاقی تعلیمات مضمر ہیں۔ یعنی کہ آپ کو بھی پیاس کی شدت تڑپا رہی ہے مگر حکم دیتے ہیں کہ پہلے میرے قاتل کی پیاس بجھائی جائے، آپ کے اس اخلاق سے ابن ملجم بہت شرمندہ ہوا، اس کے بعد ابن ملجم کے حق میں اپنے بیٹے کو وصیت کی کہ: "اے عبدالمطلب کے فرزندو! مسلمانوں کا بے تکلف خون نہ بہانا، تم کہوگے کہ امیرالمومنین شہید کردیئے گئے، مگر خبردار سوائے میرے قاتل کے کسی کو قتل نہ کرنا، دیکھو اگر میں اس وار سے مرجاتا ہوں تو اس پر بھی ایک ہی وار کرنا، اس کا مثلہ نہ کرنا، کیوں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ وہ فرماتے تھے: خبردار کسی ذی روح کو مار کر اس کا مثلہ نہ کیا جائے خواہ وہ کتنا ہی بُرا کیوں نہ ہو۔" بلکہ آپ نے اس بات پر بھی زور دیا کہ: "اس کے ساتھ حسن سلوک کا معاملہ کیا جائے، اگر زندہ رہا تو سوچوں گا، معاف کروں یا قصاص لوں اور اگر شہید ہوجاؤں تو ایک جان کا بدلہ ایک ہی جان لیا جائے، اس کا مثلہ ہرگز نہ کیا جائے۔" آپ رضی اللہ عنہ 21 رمضان المبارک 40ھ میں شہادت کے اعلیٰ ترین مرتبہ پر فائز ہوکر اپنے اللہ اور اسکے پیارے رسول ﷺ کے پاس چلے گئے۔

اللہ کی لاکھوں کروڑوں رحمتیں اور برکتیں نازل ہوں آپ ﷺ پر اور آپکی آل پاک رضوان اللہ علیہم اجمعین پر اور آپ ﷺ کے اصحاب پاک رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین پر۔ آمین ثم آمین

نوٹ: اس تحریر میں کسی بھی قسم کی غلطی بشمول حوالہ نمبر معنی، املاء، لفظی یا پرنٹنگ کی غلطی پر اللہ کریم کے ہاں معافی کا طلبگار رہوں، اور اگر کسی مسلمان بھائی کو اس تحریر میں کسی بھی قسم کا اعتراض یا غلطی نظر آئے تو براہ کرم معاف کرتے ہوئے اصلاح کی خاطر نشان دہی ضرور فرمادیجئے گا۔ واللہ تعالیٰ اعلم

بقیہ 1

شدت میں مزید اضافہ ہوگیا۔ ڈاکٹرز اور والدین کا کہنا تھا کہ بچے کو موت سے قبل کسی قسم کی کوئی شکایت یا بیماری نہیں تھی، وہ پیر کی شام زندگی کی پہلی برف باری دیکھ کر رات کو اپنے بستر پر سونے گیا اور پھر صبح نیند سے جاگا ہی نہیں۔ ماں نے اگلی صبح اپنے بیٹے کو مردہ حالت میں دیکھ کر 911 پر اطلاع دی، جس کیبعد پولیس اور میڈیکل ٹیموں نے تحقیقات کا آغاز کیا۔ تحقیق کاروں کا کہنا تھا کہ بچہ شدید سردی کے باعث ہائپوتھرمیا کا شکار ہوکر موت کی آغوش میں گیا، کیونکہ جس گھر میں وہ رہائش پذیر تھا وہ ایک موبائل ہوم ہے اور بچہ شدید سردی میں ایک کمبل اوڑھ کر سو رہا تھا کہ ایسے میں بجلی بھی چلی گئی جس کے

شدہ فنڈز سے نہیں۔ بحری جہاز اور منجمد رقم کے بارے میں تبادلہ خیال کرنے کے لیے جنوبی کوریا کا ایک وفد کچھ دن بعد تہران پہنچا لیکن وہ کسی معاہدے پر نہیں پہنچ سکے، بعدازاں ایران تیل بردار جہاز کے عملے کی رہائی پر راضی ہوگیا تھا۔ سابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے 2018 میں ایران کے ساتھ جوہری معاہدے کو منسوخ کرتے ہوئے اس پر دوبارہ پابندیاں عائد کی تھیں۔ اس ضمن میں امریکی صدر جو بائیڈن نے امید ظاہر کی تھی کہ ایران کے ساتھ جوہری معاہدے کو بحال کرنا چاہتے ہیں۔ رواں ہفتے کے آغاز میں جو بائیڈن انتظامیہ نے نیویارک میں ایرانی سفارتکاروں پر پابندیاں ختم کردی تھیں۔

بقیہ 5

گیا ہے کہ اسرائیلی فوج کے دو طیارے جنوبی سرحد اور وای البقاع میں کئی کلو میٹر اندر گھس آئے اور دائرے کی شکل میں پرواز کے بعد واپس ہوئے۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ قبل ازیں منگل کے روز دن 4 بجے سے رات 11 بجے تک دشمن فوج کی جنگی کشتیاں لبنان کی بحری حدود میں داخل ہوئیں اور سیکڑوں میٹر اندر گھس آئیں اور سمندری علاقے میں روشنی کے گولے داغے۔ لبنانی فوج کا کہنا تھا کہ اس نے ملک میں متعین اقوام متحدہ کی امن فوج یونیفیل کے ساتھ اسرائیلی فوج کی مسلسل فضائی اور بحری دراندازی کا معاملہ اٹھایا ہے اور لبنان کی خود مختاری کی خلاف ورزیاں بند کرانے پر زور دیا ہے۔

بقیہ 9

دیشاروی پر خالصتان تحریک کی مدد کا الزام لگایا تھا۔

بقیہ 13

ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق لبنانی وزیراعظم حسان دیاب کا دفتر اسرائیلی جہاز سے سمندر میں تیل بہنے کے معاملے کو دیکھ رہا ہے۔ وزیراعظم نے نگران کابینہ میں وزیر دفاع اور وزیر ماحول کے علاوہ قومی کونسل برائے سائنسی تحقیق کو لبنان میں اقوام متحدہ کی عبوری فورس (یونیفل) کو اس معاملے سے آگاہ کرنے کی ذمے داری سونپی ہے اور انھیں اس واقعہ کے بارے میں ایک رپورٹ تیار کرنے کی ہدایت کی ہے۔ لبنان میں قائم گرین پیس مڈل ایسٹ اور شمالی افریقا کی ڈائریکٹر پروگرام جولیاں ریاشی نے وزارت ماحول پر زور دیا کہ وہ سمندر میں تیل رسنے

انشورنس کی رقم حاصل کرنے کے لیے بیوی کو پہاڑ کی چھوٹی سے گرا کر مارا ہے۔

بقیہ 17

سے متعلق تبادلہ خیال کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق سعودی کابینہ کا ہفتہ وار اجلاس ہوا جس میں مختلف امور پر بات چیت کی گئی۔ سعودی وزیر اطلاعات ماجد القصابی کا کہنا تھا کہ کابینہ نے توانائی کے میدان میں مزید اقدامات پر زور دیا اور مختلف چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے حکمت عملی پر غور کیا۔ انہوں نے بتایا کہ کابینہ اجلاس میں کورونا وائرس کے خاتمے کے لیے ویکسی نیشن کی صورت حال پر بھی گفتگو کی، اراکین نے وبا کے خلاف اٹھائے جانے والے اقدامات پر اطمینان کا اظہار کیا۔

اپنے پاس رکھنے کا وعدہ کیا اور کہا کہ اس کے بعد اس فومیج کو آئی اے ای اے کے حوالے کردیا جائے گا لیکن یہ اسی صورت میں ہوگا جب ایران کو پابندیوں میں ریلیف کی ضمانت دی جائے گی۔

بقیہ 21

جماعت فلسطین میں پارلیمانی اور صدارتی انتخابات سے قبل ماحول سازگار بنانے کے لیے فلسطینی اتھارٹی سے ٹھوس اقدامات کی منتظر ہے۔ فلسطینی میڈیا کے مطابق ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ اب وقت آ گیا ہے کہ قاہرہ میں دو ہفتے قبل طے پائے معاہدے کو عملی شکل دی جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ اس معاہدے کو عملی شکل دینے کے لیے صدر عباس کی طرف سے ایک فرمان جاری کیا گیا مگر حماس کو ابھی

مصطفی الکاظمی کا کہنا ہے کہ وہ غیرملکی سفارت خانوں اور اتحادی فوج پر حملے کرنے والوں سے کوئی نرمی نہیں برتیں گے۔ عراق میں گرین زون میں ایک ذریعے نے بتایا کہ امریکی سفارت خانے میں موجود فضائی دفاعی نظام راکٹ حملے کو نہیں روک سکا کیونکہ یہ راکٹ سفارت خانے کی عمارت کی سمت میں نہیں تھا۔ ذرائع نے بتایا کہ ایک راکٹ امریکی سفارت خانے کے قریب عراق کی نیشنل سیکیورٹی ہیڈ کوارٹر کی عمارت پر لگا جس کے نتیجے میں وہاں پر کھڑی متعدد گاڑیوں کو نقصان پہنچا ہے۔

بقیہ 24

ہے۔ عالمی بنک کی رپورٹ میں کہا گیا کہ سعودی عرب نے مسلسل دوسرے سال بھی خواتین کے لیے

ڈھال بنانے کوشش کی ہے۔ ادھر اسرائیلی وزیراعظم بنجمن نیتن یاہو نے ایک بیان میں کہا کہ ان کا ملک ایران کو شام میں اپنے پاؤں جمانے کی اجازت نہیں دے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ شام میں ایران کی مضبوط اسرائیل کی سلامتی کے لیے خطرہ بن سکتی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم شام اور لبنان میں پیچیدہ اور تباہ کن میزائل ذخیرہ کرنے کی اجازت نہیں دے سکتے۔ ایک بیان میں اسرائیلی وزیراعظم کا کہنا تھا کہ ہمیں ایران کے ساتھ طے پانے والے کسی بھی معاہدے پر کوئی اعتبار نہیں۔ ایرانی رجیم ایک انتہا پسند اور جنونی ہے۔ اسرائیل ایران کی جارح اور انتہا پسند کلاس کو جوہری ہتھیاروں کے حصول سے ہر قیمت پر روکے گا چاہے۔ ایران کو جوہری

پاوری گرل کی رمضان ٹرانسمیشن میں بھی نظر آنے کا امکان

یہ ہم ہیں اور یہ ہماری پاوری ہو رہی ہے، مشہور ٹک ٹاکر

سوشل میڈیا پلیٹ فارمز سمیت حقیقی زندگی میں بھی شوبز انڈسٹری کا حصہ بن چکی ہے، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) رات ورات انٹرنیٹ پر اپنے دلچسپ جملے 'یہ ہماری کار ہے، یہ ہم ہیں اور یہ ہماری پاوری ہورہی ہے' سے مشہور ہونے والی دنانیر سے متعلق سوشل میڈیا پر مختلف افواہیں زیر گردش ہیں کہ وہ اب رمضان ٹرانسمیشن میں بھی نظر آئیں گی۔ تفصیلات کے مطابق پوری دنیا کو پاوری کے نشے پر لگانے والی بلاگر دنانیر مبین دن دگنی رات چگنی ترقی کر کے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز سمیت حقیقی زندگی میں بھی شوبز انڈسٹری کا حصہ بن چکی ہے۔ دنانیر مبین کو شوبز انڈسٹری کی معروف شخصیات سمیت پاکستان سپر لیگ 6 کی ٹیم پشاور زلمی کی نمائندگی کرتے ہوئے بھی دیکھا گیا، جہاں دنانیر مبین کے شوبز میں انٹری دینے کی افواہیں سچ ثابت ہوتی دکھائی دے رہی ہیں وہیں دنانیر کے لیے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کی مختلف پوسٹس پر یہ بھی امکان ظاہر کیا جارہا ہے کہ اب وہ رمضان ٹرانسمیشن میں بھی نظر آئیں گی۔ واضح رہے کہ گزشتہ دنوں سوشل میڈیا پر ایک مختصر سی ویڈیو وائرل ہوئی تھی جس میں دنانیر مبین پاکستان کے شمالی علاقے نتھیا گلی میں اپنے دوستوں کے ساتھ موجود پارٹی کر رہی تھیں۔ دنانیر کا انگریزی بولنے کا انوکھا انداز سوشل میڈیا صارفین کو اس قدر بھایا کہ رات ورات اس پر سیکڑوں میمز ویڈیوز بنا ڈالیں اور صرف پاکستان ہی نہیں سرحد کے اُس پار بھارت میں بھی بالی ووڈ اسٹارز بھی پاوری کرتے نظر آئے۔ صرف پاکستان ہی نہیں سرحد کے اُس پار بھارت میں بھی بالی ووڈ اسٹارز بھی پاوری کرتے نظر آئے۔

برکھا برائیڈل ایوارڈ و بیوٹیشن کلاس کا اجراء و برکھا انسٹیٹیوٹ کا افتتاح

کھڈیاں خاص (این این آئی) برکھا برائیڈل ایوارڈ و بیوٹیشن کلاس کا اجراء و برکھا انسٹیٹیوٹ کا افتتاح کر دیا گیا، اس موقع پر برکھا بیوٹی سیلون کی سی ای او غزل شاہ کی سالگرہ کا کیک بھی کاٹا گیا۔ گلوکارہ و اداکارہ عینی طاہرہ و بھنگڑا کوئین میگھا نے خصوصی شرکت و پرفارمنس کا مظاہرہ کر کے شائقین کے دل جیت لئے۔ تفصیلات کے مطابق معروف ماڈل، بیوٹیشن، اینکر و برکھا بیوٹی سیلون، برکھا انسٹیٹیوٹ اور و برکھا ٹی وی کی سی او غزل شاہ نے برکھا بیوٹی سیلون میں برکھا برائیڈل ایوارڈ و بیوٹیشن کلاس کا اجراء کیا گیا، جس میں مختلف بیوٹی سیلونز سے بیوٹیشن و ماڈلز نے شرکت کی اس برائیڈل شو میں شوبز و صحافت سے وابستہ افراد نے بھی جس میں مختلف بیوٹی سیلونز سے بیوٹیشن و ماڈلز نے شرکت کی اس برائیڈل شو میں شوبز و صحافت سے وابستہ افراد نے بھی کہا تھا۔

ہدایتکار نوید رضا نے اپنی اردو فلم ''ایک رشتہ'' کا کیمرہ کلوز کر دیا

گذشتہ روز ایک گھر کی لوکیشن پر عکسبند کیئے گئے

کھڈیاں خاص (این این آئی) معروف ہدایتکار نوید رضا نے اپنی نئی اردو فلم ''ایک رشتہ'' کا کیمرہ کلوز کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق فلم کے اختتامی سین گذشتہ روز ایک گھر کی لوکیشن پر عکسبند کیئے گئے جن میں اداکارہ نیناں سیناں، عاشی علی، عباس باجوہ، کنول رانا، جانو بابا، اور ڈاکٹر اشرف سلطان سمیت دیگر شامل تھے۔ اس فلم کے مصنف، ہدایتکار، فلمساز نوید رضا ہیں جبکہ دیگر کاسٹ میں سلمان شیخ، جاوید شاکا، عارف گوندل، شبانہ، شہناز، نذیر انجم، صائمہ سونو، حمیرا ناز، حرابٹ، شیخ نور، رانا ریحان، فرح خان، شازیب علی اور مزمل لطیف شامل ہیں۔ اس فلم کا میوزک امتیاز علی نے ترتیب دیا ہے جبکہ اس کے گلوکاروں میں بابر انجم، راگنی اور سحر ملک شامل ہیں۔

گلوکار طاہر عباس نے پاکستان سپر لیگ کیلئے گانا ''کھیلو رے'' کرلیا

پاکستان میں ایک خاص سوچ کے تحت انٹرنیشنل برانڈز متعارف ہو رہے ہیں

کھڈیاں خاص (این این آئی) گلوکار طاہر عباس نے پاکستان سپر لیگ کے لئے گانا ''کھیلو رے'' تیار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق اس خصوصی گانے کی ویڈیو گذشتہ روز باری سٹوڈیو کے پنڈ میں عکسبند کی گئی۔ اس گانے کے ویڈیو ڈائریکٹر علی عون تھے جبکہ اسسٹنٹ ڈائریکٹرز کریا ہاشمی، ایسوسی ایٹ مبشر حسن موبی تھے۔ اس گانے کی ویڈیو ریکارڈنگ میں طاہر عباس کے ساتھ گلوکارہ رافیل اعجاز، نمرہ علی، ثانیہ، قدیر خان اور معروف کامیڈین غفار لہری سمیت سو کے قریب لڑکے لڑکیوں نے پرفارم کیا۔ اس گانے میں خواتین کی انٹرنیشنل کرکٹ ٹیم نے بھی خصوصی طور پر پرفارم کیا جبکہ دیگر ماڈلز نے چاروں صوبوں کی نمائندگی کرتے ہوئے ان کے کلچر سے بھرپور ملبوسات زیب تن کر کے ماڈلنگ کی۔ اس موقع پر گلوکار طاہر عباس نے کہا کہ پاکستان میں ایک خاص سوچ کے تحت انٹرنیشنل برانڈز پاکستان کے کلچر کو ختم کر کے زبردستی انگلش کلچر تھوپ رہے ہیں۔ ایک سوال کے جواب میں طاہر عباس نے کہا کہ کروڑوں روپے کا بجٹ لگا کر پاکستان کے لئے جو ترانے بنائے جاتے ہیں ان میں پاکستانیت اور پاکستان کی قومی اور صوبائی زبانوں، کلچر اور لہجوں کو مکمل نظر انداز کر دیا جاتا ہے اور ایک خاص کلاس کے لئے کمرشلز اور ترانے بنائے جاتے ہیں جن میں زبردستی انگریزی زبان کو گھسیڑ دیا جاتا ہے، برانڈز اپنی دولت کے ذریعے ہمارے کلچر اور ہماری زبان کو ختم کرنا چاہتے ہیں تو میں نے اپنے وطن کی محبت، کرکٹ سے لگاؤ اور سامعین کی پرزور فرمائش پر پاکستان کی صوبائی زبانوں میں ہمارے کلچر کی ترجمانی کرتے ہوئے ہمارے علاقائی سازوں سے یہ ترانا بنایا ہے تاکہ دنیا کو یہ پیغام دیا جا سکے کہ ہمارے کلچر، ساز اور آوازیں بانجھ نہیں ہیں کہ ہمیں دوسروں کا سہارا لینا پڑے اور نہ ہی وطن سے محبت کروڑوں روپوں کے بجٹ کی محتاج ہے۔

گلوکار عارف لوہار نے نیا گانا ''تنہائی'' لانچ کر دیا

کرونا وباء کی وجہ سے لوگوں کے بہت سارے پیارے بیرون لک پھنس چکے ہیں

کھڈیاں خاص (این این آئی) گلوکار عارف لوہار نے نیا گانا ''تنہائی'' لانچ کر دیا، تفصیلات کے مطابق اس ویڈیو سونگ کو گذشتہ روز عارف لوہار نے اپنے آفیشل یوٹیوب چینل و دیگر سوشل سائٹس پر ریلیز کیا ہے، اس گانے کے ڈائریکٹر سید علی بخاری ہیں، گانے کی شاعری، کمپوزیشن خود عارف لوہار نے کی جبکہ گانے کی شاعری کی ترتیب ایس ایم صادق نے کی ہے۔ اس گانے کا میوزک سونو علی نے ترتیب دیا ہے۔ ''تیرے عشق نے آگ لگائی ہے یادیں ہیں اور تنہائی ہے'' گانے میں دکھایا گیا کہ کسی کے پیارے کرونا کی وجہ سے پہنچ نہیں پاتے اور وہ تنہائی کا شکار ہو کر زندگی کے آخری لمحوں تک جا پہنچتے ہیں۔ ایک ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے عارف لوہار نے بتایا کہ کرونا کی صورتحال میں بہت سے لوگ دوسرے ملکوں میں پھنس کر رہ گئے ہیں جنہیں سفری پابندیوں سمیت اپنوں کی جدائی برداشت کرنا پڑ رہی ہے، عارف لوہار کا کہنا تھا کہ میں نے اس صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے اس وقت یہ گانے کی شاعری سوچی اور آواز میں پرو کر لوگوں تک پہنچا دیا۔ عارف لوہار نے امید کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ انکے مداح یہ گانا ضرور پسند کریں گے کیونکہ یہ ان سب کے دل کی آواز ہے جن کے اپنے پیارے پردیسوں میں پھنس کر رہ گئے ہیں اور اس وباء کی بدولت واپس آنے سے قاصر ہیں۔ عارف لوہار نے امید کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ انکے مداح یہ گانا ضرور پسند کریں گے کیونکہ یہ ان سب کے دل کی آواز ہے۔ جن کے اپنے پیارے پردیسوں میں پھنس کر رہ گئے ہیں اور اس وباء کی بدولت واپس آنے سے قاصر ہیں۔ گلوکار عارف لوہار نے نیا گانا تنہائی لانچ کر دیا۔

استاد نصرت فتح علی خان ابھی ہمارے دلوں میں زندہ ہیں، ناز نصرت بھلے شاہی

کھڈیاں خاص (این این آئی) استاد نصرت فتح علی خان ابھی بھی ہمارے دلوں میں زندہ ہیں۔ ان خیالات کا اظہار معروف گلوکارہ قوال ناز نصرت بھلے شاہی نے انٹرویو میں بتایا۔ ناز نصرت نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ میں ملک پاکستان کی واحد قوال خاتون ہوں جو نامور قوال مرحوم گلوکار استاد نصرت فتح علی خان کی شاگرد بھی ہوں۔ ان کا کہنا تھا کہ میں نے بہت کم عرصہ میں نام بنایا اور قوالی میں مقام حاصل کیا ہے میرے پرستاروں کا کہنا ہے کہ میری خوبصورت حسین آواز جب ان کے کانوں تک جاتی ہے تو ان کا جسم کانپ جاتا ہے اور ان پر وجد طاری ہو جاتا ہے۔ ناز نصرت کا کہنا تھا کہ استاد نصرت فتح علیخان نے دنیا بھر میں نام بنایا تھا آج میں ان کے نقش قدم پر چلتے ہوئے اپنے استاد کا نام روشن کر رہی ہوں۔

زارا نور عباس، شہزاد شیخ، یشمال، سمیع خان کا ''پھانس'' پیش کر دیا گیا

کھڈیاں خاص (این این آئی) پاکستانی ڈرامہ انڈسٹری میں ہم نیٹ ورک کا منفرد مقام ہے جس کی اہم ترین وجہ اس نیٹ ورک کی جانب سے پیش کئے جانے والے وہ ڈرامے ہیں جو معاشرے کے حساس موضوعات کو منظر عام پر لاتے ہیں۔ ماضی میں ہم نیٹ ورک نے متعدد معرکتہ آراء ڈرامے پیش کئے ہیں، ہم ٹی وی کا نیا ڈرامہ سیریل ''پھانس'' بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے جو ہر ہفتے کی شب 8 بجے ہم نیٹ ورک سے پیش کیا جائے گا۔ مومنہ اینڈ دُرید پروڈکشنز کے بینر تلے بننے والے اس ڈرامے کی ہدایات احمد کامران کی ہیں جب کہ مصنف ہیں ثمینہ اعجاز۔ ڈرامے کے نمایاں اداکاروں میں زارا نور عباس، شہزاد شیخ، یشما گل، سمیع خان، علی طاہر، ارجمند رحیم، زین افضل اور دیگر شامل ہیں۔ ''پھانس'' معاشرے کے ایک ایسے اہم مسئلے کی جانب اشارہ کرتا ہے

معروف ہدایتکار عدنان قاضی کی شوبز مصروفیات میں اضافہ

کھڈیاں خاص (این این آئی) معروف ہدایتکار عدنان قاضی کی شوبز مصروفیات میں اضافہ ویڈیو سونگز، ٹی وی کمرشل فیشن شوٹس سمیت شارٹ فلموں میں بطور ہدایتکار حصہ لینے میں مصروف ہیں، اداکار شان شاہد، علی ظفر، حمائمہ ملک، آئمہ بیگ، فرحان سید، عروا حسین، ماورا حسین، نومی انصاری، عمارہ حکمت، سمیت دیگر شوبز شخصیات کے ساتھ بطور ہدایتکار کام کر چکے ہے جبکہ گزشتہ ماہ علی ظفر کا ریلیز ہونے والا سونگ 'وے ماہیا'' بھی عدنان قاضی نے ڈائریکٹ کر رکھا ہے جبکہ اپنی صلاحیتوں کا لوہا بالی وڈ میں بھی منوا چکے ہیں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ہدایتکار عدنان قاضی نے کہا کہ یو کے سے اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے بعد نیو یارک فلم اکیڈیمی سے ڈپلومہ کیا اور یو کے میں بننے والی فلموں کا حصہ بنتے ہوئے تجربہ حاصل کیا

شاہد سونو نے ہدایتکار شہزاد گجر کی نئی فلم ''کورٹ کیلئے بھنگڑا ریکارڈ کروادیا

فلم کا افتتاح جلد کر دیا جائیگا اس بھنگڑے میں شاہد سونو کو بھی کسبند کیا جائیگا

کھڈیاں خاص (این این آئی) نامور بھنگڑا کنگ شاہد سونو نے فلمساز و ہدایتکار شہزاد گجر کی نئی فلم ''کورٹ میرج'' کیلئے بھنگڑا ریکارڈ کروادیا۔ تفصیلات کے مطابق اس بھنگڑے کی ریکارڈنگ گذشتہ روز مقامی سٹوڈیو میں مکمل کی گئی جس کا میوزک ساجد حسین چھکو نے ترتیب دیا تھا اس بھنگڑے کی شاعری معروف شاعر ملک آصف شہزاد کی لکھی ہوئی ہے، ایک ملاقات کے دوران ''کورٹ میرج'' کے فلمساز و ہدایتکار شہزاد گجر نے بتایا کہ شاہد سونو نے ان کی فلم کیلئے جو بھنگڑا ریکارڈ کروایا ہے وہ بہت اعلیٰ ہے اور انشاءاللہ انہیں امید ہے فلم بینوں کے دلوں پر راج کرے گا۔ ایک سوال کے جواب میں شہزاد گجر نے بتایا کہ ان کی نئی فلم ''کورٹ میرج'' کا افتتاح بہت جلد باری سٹوڈیو میں اسی بھنگڑے کے سیٹ سے لیا جائیگا جس میں فلم کے ہیرو ہیروئین کے ساتھ شاہد سونو کو بھی عکسبند کیا جائیگا۔ گلوکار شاہد سونو نے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ وہ اس سے قبل بھی چند فلموں کے لیئے گیت ریکارڈ کروا چکے ہیں مگر کسی فلم کے لیئے بھنگڑا پہلی مرتبہ ریکارڈ کروایا ہے۔ شاہد سونو کا کہنا تھا کہ ''کورٹ میرج'' کی کہانی بہت عمدہ اور سبق آموز ہے اور شہزاد گجر پاکستان فلم انڈسٹری کے ایک کہنہ مشق ہدایتکار ہیں انہیں امید ہے کہ ان کی نئی فلم ''کورٹ میرج''، فلم انڈسٹری کی بحالی میں اہم کردار ادا کرے گی اور ناراض فلم بینوں کو سینما گھروں تک لانے میں کامیاب ہو جائیگی۔ اہم کردار ادا کرے گی اور ناراض فلم بینوں کو سینما گھروں تک لانے میں کامیاب ہو جائیگی۔

عینی طاہرہ نے اے ایس کے نام سے اپنا پروڈکشن ہاؤس بنالیا

پہلی ٹی وی سی ایم ایس پریشر ککر کی بنالی جلد دیگر پروڈکشنز کا آغاز کر دیا جائیگا

کھڈیاں خاص (این این آئی) معروف اداکارہ، کمپیئر، گلوکارہ عینی طاہرہ نے اے ایس پروڈکشن کے نام سے اپنی پروڈکشن کمپنی بنالی۔ گذشتہ روز عینی طاہرہ نے اپنے پروڈکشن ہاؤس سے پہلی ٹی وی کمرشل کی ریکارڈنگ کی جو ایک پریشر ککر بنانے والی کمپنی کی تھی اس ٹی وی سی میں انہوں نے خود ماڈلنگ کی۔ ایم ایس پریشر ککر کی اس نئی ٹی وی کی ریکارڈنگ ڈی ایچ اے کے ایک کچن وئیر میں کی گئی جس میں عینی طاہرہ نے مختلف کچن کے سیٹ پر ماڈلنگ کی۔ اس ٹی وی سی کے ڈائریکٹر اور ڈی او پی عطاء مہرو تھے جبکہ ایم ایس پریشر ککر کے سی ای او ملک آصف بھی موقع پر موجود تھے۔ اس موقع پر بات چیت کرتے ہوئے عینی طاہرہ کا کہنا تھا کہ پروڈکشن ہاؤس کا قیام انہوں نے بطور بزنس کیا ہے۔ ایک سوال کے جواب میں عینی طاہرہ کا کہنا تھا کہ اپنا بزنس شروع کرنا ہر ایک کا حق ہے اسی سوچ کو لے کر میں نے اے ایس پروڈکشن کے نام سے ادارہ بنایا ہے جس کے پلیٹ فارم سے میوزک ویڈیوز، برانڈز TVC، ٹی وی سیریلز اور شارٹ سٹوریز بنائی جائنگی جن میں نامور اداکاروں سمیت نیو ٹیلنٹ کو بھی اپنی بھرپور صلاحیتیں دکھانے کا موقع دیا جائیگا۔ عینی طاہرہ کا کہنا تھا کہ ان دنوں مختلف ڈراموں، سٹ کام کے سکرپٹس پر کام جاری ہے انشاء اللہ بہت جلد ان کی ریکارڈنگز کا آغاز کر دیا جائیگا اور انہیں امید ہے کہ ان کے پرستار ان کے اس فیصلے کو سراہیں گے کیونکہ ان کے اس پروڈکشن ہاؤس سے کووڈ کی وجہ سے بیروزگار ہونیوالے بہت سارے اداکاروں کو روزگار ملے گا۔ عینی طاہرہ نے مذید کہا کہ اپنے پروڈکشن ہاؤس سے بننے والے مختلف پراجیکٹ کا وہ خود بھی حصہ ہوں گی۔ عینی طاہرہ نے مذید کہا کہ اپنے پروڈکشن ہاؤس سے بننے والے مختلف پراجیکٹ کا وہ خود بھی حصہ ہوں گی۔ عینی طاہرہ نے مذید کہا کہ اپنے پروڈکشن ہاؤس سے بننے والے مختلف پراجیکٹ کا وہ خود بھی حصہ ہوں گی۔



کراچی، پشاور زلمی کے کھلاڑی حیدر علی سلپ پر ملتان سلطان کے بلے باز کرس لین کا کیچ پکڑ رہے ہیں

ڈومیسٹک سیزن 2020-21 کے کامیاب انعقاد پر احسان مانی کا خوشی کا اظہار

کورونا وائرس کی عالمی وباء کے ان غیر معمولی حالات کے باوجود سیزن کے کامیاب انعقاد

9 ایونٹس پر مشتمل 220 میچوں کا کامیاب انعقاد شعبہ ہائی پرفارمنس کا قابل قدر کارنامہ ہے، چیئرمین پی سی بی

کراچی (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیئرمین احسان مانی نے ڈومیسٹک سیزن 21-2020 کے ایونٹس کیلنڈر کے کامیاب انعقاد پر شعبہ ہائی پرفارمنس کو سراہا، کورونا وائرس کی عالمی وباء کے ان غیر معمولی حالات کے باوجود سیزن کے کامیاب انعقاد نے انٹرنیشنل ہوم کرکٹ اور ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ 2021 کو منعقد کرانے میں بھی اہم کردار ادا کیا۔ احسان مانی جو آئی سی سی کی بااثر فنانس اینڈ کمرشل افیئرز کمیٹی کے سربراہ بھی ہیں نے کورونا وائرس کے ان غیر معمولی حالات میں ڈومیسٹک کرکٹ کے انعقاد سے معاشی حالات میں بہتری پر بھی روشنی ڈالی ہے۔ 30 ستمبر 2020 سے شروع ہونے والا ڈومیسٹک سیزن 21-2020 نیشنل ٹی ٹونٹی کپ فرسٹ الیون سے شروع ہوا۔ سیزن کا اختتام 23 فروری 2021 کو کھیلے گئے نیشنل انڈر 16 ون ڈے ٹورنامنٹ سے ہوا۔ 30 ستمبر سے 23 فروری تک جاری رہنے والے اس ایونٹ میں شعبہ ہائی پرفارمنس تھا۔

سوات بورڈ کی ٹیم کے چناؤ کے سلسلہ میں ایک روزہ ٹرائلز 25 فروری کو ہونگے

سوات (این این آئی) بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کے زیر اہتمام بورڈ کی ٹیم کے چناؤ کے سلسلہ میں ایک روزہ ٹرائلز 25 فروری کو گراسی فٹ بال گراؤنڈ، سوات میں ہونگے، ٹرائلز کے لئے بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن نے چار رکنی سلیکشن تشکیل دی ہے، جن میں طاہر اللہ، محمد صالح، محمد ایاز خان اور افضل احمد خان شامل ہیں، منتخب ٹیم آل پاکستان انٹر بورڈ فٹ بال چمپئن شپ میں شرکت کریگی اور چمپئن شپ 27 مارچ سے راولپنڈی میں کھیلی جائے گی، ممبر سلیکشن کمیٹی ایاز خان نے بتایا کہ سوات میں فٹ بال کے ٹیلنٹ کی کمی نہیں بلکہ کھلاڑیوں کو سہولیات فراہم کرنے کی ضرورت ہے، انہوں نے کہا کہ سوات کے کھلاڑیوں کے لئے یہ اچھا موقع ہے کہ وہ سوات بورڈ کی نمائندگی کریں گے، انہوں نے کہا کہ بورڈ کی ٹیم میرٹ پر منتخب کی جائے گی۔ بلکہ کھلاڑیوں کو سہولیات فراہم کرنے کی ضرورت ہے، انہوں نے کہا کہ سوات کے کھلاڑیوں کے لئے یہ اچھا موقع ہے کہ وہ سوات بورڈ کی نمائندگی کریں گے، انہوں نے کہا کہ بورڈ کی ٹیم میرٹ پر منتخب کی جائے گی۔

کرس گیل کے گگلی چیلنج پر حسن علی کی ڈانس ویڈیو وائرل

پی ایس ایل شائقین کو بھی گگلی چیلنج پر اپنی ویڈیو شیئر کرنے کی پیشکش

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) 6 کی ٹیم کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے کھلاڑی کرس گیل کی جانب سے متعارف کروائے گئے گگلی چیلنج پر اسلام آباد یونائیٹڈ کی نمائندگی کرنے والے پاکستانی کھلاڑی حسن علی کی ڈانس ویڈیو وائرل ہوگئی سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر پاکستان سپر لیگ کے آفیشل ہینڈل کی جانب سے اسلام آباد یونائیٹڈ کے کھلاڑی حسن علی کی ویڈیو شیئر کی گئی ہے جس میں حسن علی کو گگلی چیلنج پر ڈانس کرتے ہوئے جا سکتا ہے۔ ٹوئٹر پر پاکستان سپر لیگ آفیشل ہینڈل کی جانب سے پی ایس ایل شائقین کو بھی گگلی چیلنج پر اپنی ویڈیو شیئر کرنے کی پیشکش کی گئی ہے۔ واضح رہے کہ پی ایس ایل 6 کے سیزن میں گگلی چیلنج ٹیم کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے کھلاڑی کرس گیل نے حال ہی میں متعارف کروایا جس کی ویڈیو ٹوئٹر پر پی ایس ایل کے آفیشل ہینڈل پر شیئر کی گئی تھی۔ خیال رہے کہ پی ایس ایل 6 کے میچز کراچی میں جاری ہیں، حسن علی اسلام آباد یونائیٹڈ کی نمائندگی کر رہے ہیں جبکہ اس سے قبل کے سیزن میں حسن علی پشاور زلمی کا حصہ تھے۔

پکا لاہوری ہوں اس لیے قلندرز کو ہی سپورٹ کروں گا، اعصام

لاہور قلندرز کی ٹیم پہلے دونوں میچز میں کامیابی حاصل کر کے ٹیبل پر پہلے نمبر پر ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان کے ٹینس اعصام الحق نے کہا ہے کہ وہ پکے لاہوری ہیں اس لیے پاکستان سپر لیگ میں لاہور قلندرز کو ہی سپورٹ کریں گے۔ میڈیا سے گفتگو میں اعصام الحق نے کہا کہ پاکستان سپر لیگ کے آغاز میں لاہور قلندرز کی ٹیم کو تنقید کا سامنا کرنا پڑا کیونکہ ٹیم کی کارکردگی اچھی نہیں تھی لیکن اب خوشی ہے کہ لاہور قلندرز کی ٹیم اچھا کھیل رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ لاہور قلندرز کی ٹیم پہلے دونوں میچز میں کامیابی حاصل کر کے پوائنٹس ٹیبل پر پہلے نمبر پر ہے۔ اعصام الحق نے کہا کہ امید ہے کہ آنے والے میچز میں بھی لاہور قلندرز اچھا کھیلے گی، مکمل سپورٹ اور نیک خواہشات لاہور قلندرز کے ساتھ ہیں۔ ٹینس اسٹار نے کہا کہ پاکستان سپر لیگ کے تمام میچز ایک بار پھر پاکستان میں ہونے پر خوش ہوں، انٹرنیشنل سپر اسٹارز کے پاکستان آنے پر شکریہ ادا کرتا ہوں، انٹرنیشنل کھلاڑیوں کے لیے انتظامات بہت اچھے کیے گئے ہیں، وہ یہاں آکر خوش ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سپر لیگ کے علاوہ بھی کرکٹ کی سیریز پاکستان میں اب باقاعدگی سے ہو رہی ہیں، اس کی وجہ یہ ہے کہ انٹرنیشنل کھلاڑی اب خود کو یہاں محفوظ سمجھتے ہیں، ہمارے لیے اعزاز کی بات ہے کہ کھلاڑی پاکستان کو محفوظ سمجھ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پاکستان اور سکیورٹی فورسز کو اس کا کریڈٹ جاتا ہے کہ سب کھلاڑی خوش ہیں، پاکستان کرکٹ بورڈ نے بھی اس حوالے سے بہت کام کیا ہے۔ وہ یہاں آکر خوش ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سپر لیگ کے علاوہ بھی کرکٹ کی سیریز پاکستان میں اب باقاعدگی سے ہو رہی ہیں، اس کی وجہ یہ ہے کہ انٹرنیشنل کھلاڑی اب خود کو یہاں محفوظ سمجھتے ہیں، ہمارے لیے اعزاز کی بات ہے کہ کھلاڑی پاکستان کو محفوظ سمجھ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پاکستان اور سکیورٹی فورسز کو اس کا کریڈٹ جاتا ہے کہ سب کھلاڑی خوش ہیں۔

محمد زاہد نیشنل ہائی پرفارمنس سینٹر کے بولنگ کوچ کے عہدے سے سبکدوش

محمد زاہد لاہور میں اکیلے رہ رہے تھے، مجبوراً اپنے عہدے سے لگ ہونا پڑا

لاہور (این این آئی) محمد زاہد نیشنل ہائی پرفارمنس سینٹر کے بولنگ کوچ کے عہدے سے دستبردار ہو گئے۔ نیشنل ہائی پرفارمنس سینٹر بننے کے بعد پاکستان کرکٹ بورڈ نے مختلف تقرریاں کیں جن میں بولنگ کوچ کی حیثیت سے سابق فاسٹ بولر محمد زاہد کی بھی تقرری شامل تھی۔ نیشنل ہائی پرفارمنس سینٹر کے ہیڈ آف انٹرنیشنل پلیئرز ڈویلپمنٹ ثقلین مشتاق، فیلڈنگ اور وکٹ کیپنگ کوچ عتیق الزمان کی طرح محمد زاہد بھی انگلینڈ میں رہائش پذیر ہیں اور محمد زاہد دسمبر میں اپنی فیملی کے پاس چھٹیاں گزارنے گئے جس کے بعد واپس نہیں آئے۔ ذرائع کے مطابق محمد زاہد کی فیملی نہیں چاہتی تھی کہ وہ پاکستان جا کر دوبارہ ذمہ داریاں سنبھالیں اور ان کی فیملی محمد زاہد کے ساتھ ہی انگلینڈ میں رہنے کی خواہشمند تھی۔ محمد زاہد لاہور میں اکیلے رہ رہے تھے جس کی وجہ سے مجبوراً انہیں اپنے عہدے سے الگ ہونا پڑا۔

قومی ویمن والی بال چمپئن شپ کرونا وائرس کے باعث ملتوی

چمپئن شپ میں ملک بھر سے 11 ٹیمیں حصہ لیں گی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان والی بال فیڈریشن کے زیر اہتمام 9 مارچ سے کراچی میں شروع ہونے والی قومی ویمن والی بال چمپئن شپ کرونا وائرس کے باعث ملتوی کردی گئی، گذشتہ روز پاکستان والی بال فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل انجینئر شاہ نعیم ظفر نے بتایا کہ پاکستان والی بال فیڈریشن نے یہ چمپئن شپ عیدالفطر کے بعد منعقد کروانے کا فیصلہ کیا ہے، جس میں پاکستان واپڈا کی ٹیم اپنے ٹائٹل کا دفاع کرے گی۔ چمپئن شپ میں ملک بھر سے 11 ٹیمیں حصہ لیں گی جن میں پاکستان آرمی، پاکستان واپڈا، ہائر ایجوکیشن کمیشن، پاکستان پولیس، سندھ، پنجاب، خیبر پختونخوا، آزاد جموں و کشمیر، گلگت بلتستان، بلوچستان اور اسلام آباد شامل ہیں۔ پاکستان والی بال فیڈریشن کے زیر اہتمام 9 مارچ سے کراچی میں شروع ہونے والی قومی ویمن والی بال چمپئن شپ کرونا وائرس کے باعث ملتوی کردی گئی، گذشتہ روز پاکستان والی بال فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل انجینئر شاہ نعیم ظفر نے بتایا کہ پاکستان والی بال فیڈریشن نے یہ چمپئن شپ عیدالفطر کے بعد منعقد کروانے کا فیصلہ کیا ہے

لاہور قلندرز اور دراز کے درمیان شراکت داری کے موقع پر شرکاء کا گروپ فوٹو

گورنمنٹ ٹیچنگ ہسپتال شاہدرہ میں کرکٹ میچ کے فاتح کپتان کو ٹرافی دی جا رہی ہیں

اسلام فٹ رائل پلیئرز کلب اور یونائیٹڈ کلب نے اپنے، اپنے میچز جیت لئے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد چیلنج کپ فٹ بال ٹورنامنٹ میں رائل پلیئرز کلب اور یونائیٹڈ کلب نے اپنے، اپنے میچز جیت لئے۔ گذشتہ روز ٹی اینڈ ٹی فٹ بال گراؤنڈ میں کھیلے گئے ٹورنامنٹ کے پہلے میچ میں رائل پلیئرز کلب نے ماڈل ٹاؤن کلب کو دو کے مقابلے میں چار گول سے ہرا دیا، وقفے تک رائل پلیئرز کلب کو ماڈل ٹاؤن کلب کے خلاف دو کے مقابلے میں تین گول سے برتری حاصل تھی، دوسرے ہاف میں رائل پلیئرز کلب نے مزید ایک گول کر کے مقابلہ دو کے مقابلے میں چار گول سے جیت لیا، فاتح ٹیم کی جانب سے محسن، اختر، رفیق اور حامد نے ایک، ایک گول کیا فاتح ٹیم کی جانب سے محسن، اختر، رفیق اور حامد نے ایک، ایک گول کیا

قلندرز اب کمزور اور ٹیبل پر آخری نمبر پر رہنے والی ٹیم نہیں ویزے

کھلاڑی پاور ہٹنگ کو بہتر کرنے کیلئے گالف کھیلنا شروع کریں

کراچی (این این آئی) پی ایس ایل کی ٹیم لاہور قلندرز کے جنوبی افریقی آل راؤنڈر ڈیوڈ ویزے نے کہا ہے کہ قلندرز اب وہ ٹیم نہیں رہی کہ جسے کوئی کمزور یا ٹیبل پر آخری پوزیشن پر رہنے والی ٹیم سمجھے، یہ ایک مضبوط ٹیم اور پی ایس ایل جیتنے کی سنجیدہ امیدوار ہے۔ ایک انٹرویو میں 35 سالہ آل راؤنڈر نے کہا کہ لاہور قلندرز نے ابتدائی دو میچز میں شاندار پرفارمنس کا مظاہرہ کر کے ٹورنامنٹ میں فاتحانہ آغاز کیا ہے، کسی بھی ٹورنامنٹ میں اچھا آغاز بہت ضروری ہے ورنہ آخر کے میچز میں ٹیم پر بہت پریشر آ جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ پہلی بار ہی ہوا ہے کہ قلندرز نے اس طرح ٹورنامنٹ شروع کیا ہو، کھلاڑی گراؤنڈ میں بھرپور محنت کر رہے ہیں۔ چھ ایک روزہ میچز اور 20 ٹی ٹوئنٹی میچز میں جنوبی افریقا کی نمائندگی کرنے والے کرکٹر نے لاہور قلندرز کے فینز سے وعدہ کیا کہ لاہور قلندرز کی ٹیم اس بار بھی فینز کو اچھی یادیں دے گی۔ انہوں نے کہا کہ فینز نے ہر حالات میں لاہور قلندرز کا ساتھ دیا جو کافی حوصلہ افزا ہے۔ لاہور قلندرز کی کارکردگی پر بات کرتے ہوئے ڈیوڈ ویزے نے کہا کہ سب سے اہم بات یہ ہے کہ لاہور قلندرز نے اچھے برے حالات میں اپنے کھلاڑیوں کی بھرپور سپورٹ کی، خراب رزلٹ کے باوجود بھی کھلاڑیوں کو ساتھ رکھا اور ان کو اپنا کھیل بہتر کرنے کا موقع دیا جس کا نتیجہ یہ ہے کہ ٹیم ایک وننگ کا مبی نیشن میں تبدیل ہو چکی ہے۔

مسٹر پنجاب تن سازی کے 28 فروی کو ہونگے

اسلام آباد (این این آئی) پنجاب باڈی بلڈنگ ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام مسٹر پنجاب تن سازی کے مقابلے 28 فروی کو لاہور میں ہونگے۔ پاکستان باڈی بلڈنگ فیڈریشن کے صدر شیخ فاروق اقبال نے بتایا کہ مقابلوں کی تیاریاں زور وشور پر ہیں اور ان مقابلوں میں پنجاب بھر سے نو ڈویژنوں کے تن ساز حصہ لیں گے جن میں فیصل آباد، لاہور، گوجرانوالہ، راولپنڈی، سرگو، ساہیوال، ملتان، ڈیرہ غازی خان اور بہاولپور شامل ہیں۔ 27 فروری کو ایونٹ میں شرکت کرنے والی کے ٹیموں کے کھلاڑی لاہور پہنچیں گے، اور اسی روز ہی نیجرز میٹنگ ہوگی جس میں ٹورنامنٹ کے ڈراز کا اعلان کیا جائیگا۔ 27 فروری کو ایونٹ میں شرکت کرنے والی کے ٹیموں کے کھلاڑی لاہور پہنچیں گے، اور اسی روز ہی نیجرز میٹنگ ہوگی۔

لاہور، اتحاد پنجاب پولو کپ کے پہلے روز ری ماؤنٹس اور کولونی ایف جی کے درمیان میچ کا منظر

بقیہ 1

زندگی میں جدوجہد کرنا سکھاتا ہے۔عمران خان نے کہا کہ کھیل اور سیاست میں اچھا اور برا وقت آتا رہتا ہے جبکہ ہمیں برے وقت سے سیکھنے کا موقع ملتا ہے۔وزیراعظم نے کہا کہ کامیاب وہی ہے جو شکست سے سبق حاصل کرتا ہے۔انہوں نے کہا کہ جب میں سیاست میں آیا تو وہ میرے لیے پہلے ٹیسٹ میچ جیسا تھا کیونکہ 14 سال تک میرے موقف کو تسلیم نہیں کیا گیا تاہم مشکل حالات میں ہمت نہیں ہارنی چاہیے۔عمران خان نے کہا کہ سیاست میں ہم نوجوانوں کے آگے لائے، کھیل کے میدان کے چیمپئن زندگی میں شکست نہیں کھاتے۔اُن کا کہنا تھا کہ شکست تب ہوتی ہے جب ہمت ہار دیتے ہیں، بڑے خواب جیت کی جانب گامزن کرتے ہیں۔

بقیہ 2

کوششیں جاری ہیں، لاپتہ افراد کا معاملہ بہت جلد حل ہوجائے گا، ہزارہ برادری سے تعلق رکھنے والے گیارہ کان کنوں کے قتل سے تعلق کی بنا پر چند افراد گرفتار ہیں، وزیرستان میں شدت پسندوں کے خلاف کارروائی کا ردعمل آ رہا ہے، انڈیا پاکستان مخالف شدت پسندوں کی مدد کررہا ہے اور اس کا علم افغان انٹیلی جنس کو بھی ہے، پاکستان کو کابل میں طالبان حکومت قبول نہیں۔بدھ کو اپنے دفتر میں غیر ملکی میڈیا کے نمائندوں کے ساتھ بات چیت میں میجر جنرل بابر افتخار نے کہا کہ احسان اللہ احسان کا فرار ہوجانا ایک بہت سنگین معاملہ تھا اور اس پر مکمل تحقیقات کے بعد اس کے ذمہ دار فوجی افسروں کے خلاف کارروائی کی جاچکی ہے۔بی بی سی ایک بیان میں آئی ایس پی آر کے مطابق میجر جنرل بابر افتخار نے جن فوجی اہلکاروں کے خلاف کارروائی کی بات کی ان سے مراد انٹیلی جنس اہلکار ہیں۔انھوں نے کہا کہ احسان اللہ احسان کی دوبارہ گرفتاری کی کوششیں بھی جاری ہیں تاہم فی الوقت انھیں علم نہیں ہے کہ احسان اللہ احسان کہاں ہیں۔تحریک طالبان پاکستان کے سابق ترجمان کی جانب سے نوبیل انعام یافتہ سماجی کارکن ملالہ یوسفزئی کو ٹوئٹر پر دھمکی کے متعلق انھوں نے کہا کہ میری معلومات کے مطابق جس ٹوئٹر اکاؤنٹ سے ملالہ کو دھمکی دی گئی وہ ایک جعلی اکاؤنٹ تھا۔پاکستان کی فوج کے ترجمان میجر جنرل بابر افتخار نے پاکستان میں غیر ملکی خبر رساں اداروں سے تعلق رکھنے والے صحافیوں کے ساتھ افغانستان امن مذاکرات، سابق قبائلی علاقوں میں شدت پسندی کے واقعات اور انڈیا کے ساتھ تعلقات سمیت مختلف قومی اور علاقائی معاملات پر بات کی۔فوجی ترجمان میجر جنرل بابر افتخار نے صحافیوں کی جانب سے جبری طور پر لاپتہ افراد کے بارے میں پوچھے گئے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ مسنگ پرسنز کے معاملے پر بننے والے کمیشن نے بہت پیش رفت کی ہے، انھوں نے کہا کہ اس کمیشن کے پاس چھ ہزار سے زائد افراد کے گمشدہ ہونے کے مقدمات تھے جن میں سے چار ہزار حل کیے جا چکے ہیں، ان کا واضح طور پر کہنا تھا کہ مسنگ پرسنز کا معاملہ بہت جلد حل ہو جائیگا، ڈی جی آئی ایس پی آر میجر جنرل بابر افتخار نے اپنی گفتگو میں انکشاف کیا کہ گذشتہ ماہ بلوچستان کے علاقے کچھ میں ہزارہ برادری سے تعلق رکھنے والے گیارہ کان کنوں کے قتل سے تعلق کی بنا پر چند افراد کو حراست میں لیا گیا ہے۔انھوں نے کہا کہ یہ بہت اہم گرفتاریاں ہیں لیکن ان کی مزید تفصیل دینے سے معذرت کی۔گذشتہ کچھ عرصے کے دوران ملک کے سابق قبائلی علاقوں، خاص طور پر شمالی وزیرستان میں شدت پسندی کے بڑھتے واقعات کے بارے میں ایک سوال پر فوجی ترجمان کا کہنا تھا کہ ان علاقوں میں منظم شدت پسند تنظیموں کو تو بہت عرصہ پہلے ختم کردیا گیا تھا اور اب ان میں اس علاقے میں بڑا حملہ کرنے کی صلاحیت نہیں ہے لیکن کچھ عرصے سے ان علاقوں میں ایک بار پھر تشدد کے اکا دکا واقعات رپورٹ کیے جا رہے ہیں۔ڈی جی آئی ایس پی آر میجر جنرل بابر افتخار نے ان تازہ شدت پسند حملوں کی وجہ بتاتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے سکیورٹی اداروں نے بچے کھچے شدت پسندوں کے خلاف بہت جارحانہ کارروائیاں شروع کی ہیں اور تازہ تشدد اسی کا نتیجہ ہے۔جنرل بابر افتخار نے کہا کہ گذشتہ دنوں خواتین کی کار پر حملہ اسی سلسلے کی ایک کڑی تھی۔انھوں نے کہا کہ اب اس علاقے میں کوئی منظم گروہ باقی نہیں رہ گیا اور چھوٹے موٹے شدت پسند مختلف ناموں سے کارروائیاں کر رہے ہیں جن کا جلد ہی مکمل خاتمہ کر دیا جائے گا۔ڈی جی آئی ایس پی آر میجر جنرل بابر افتخار نے کہا کہ پاکستان میں شدت پسندوں کی مدد افغانستان سے کی جارہی ہے جہاں انڈیا ان تنظیموں کو نا صرف اسلحہ اور پیسے دے رہا ہے بلکہ نئی ٹیکنالوجی سے بھی نواز رہا ہے۔انھوں نے کہا کہ ہمارے پاس ایسے شواہد ہیں کہ جن سے ثابت ہوتا ہے کہ پاکستان مخالف شدت پسندوں کو نا صرف اسلحہ اور پیسے مل رہے ہیں بلکہ نئی ٹیکنالوجی بھی دی جا رہی ہے، اس کا مقصد ان دہشت گردوں کی صلاحیت کو بڑھانا ہے۔ایک سوال کے جواب میں فوجی ترجمان نے کہا کہ یہ بات بعید از قیاس نہیں ہے کہ یہ سب کارروائی افغان انٹیلی جنس کے علم میں ہے۔ڈی جی آئی ایس پی آر میجر جنرل بابر افتخار نے کافی تفصیل کے ساتھ افغانستان میں امن عمل اور فوجی انخلا پر بات کی۔ان کی گفتگو کا خلاصہ یہی تھا کہ پاکستان ہر قیمت پر افغانستان میں امن چاہتا ہے اور اس سلسلے میں اس سے جو کچھ ہوسکتا تھا، وہ پاکستان کر چکا ہے۔انھوں نے کہا کہ پاکستان نے طالبان پر اپنا اثر و رسوخ جس قدر ممکن تھا وہ استعمال کر لیا ہے، اس بات کی گواہی اب تو افغان رہنما بھی دے رہے ہیں کہ پاکستان نے افغانستان میں امن کے لیے اخلاص کے ساتھ ہر ممکن کوشش کر لی ہے۔انھوں نے کہا کہ افغانستان کا مستقبل کیا ہوگا، مذاکرات آگے کیسے بڑھیں گے اور کس فریق کو کیا کرنا ہے، یہ سب افغانستان کے شہریوں اور حکومت کے کرنے کے کام ہیں۔انھوں نے زور دے کر کہا کہ اس بات پر ضرور دھیان دینا ہوگا کہ افغانستان میں خلا ہرگز پیدا نہ ہو پائے۔افغانستان سے اتحادی افواج کے ممکنہ انخلا اور اس کے بعد وہاں طالبان کی واپسی کے بارے میں ایک سوال پر فوجی ترجمان نے کہا کہ اب افغانستان بھی نوے کی دہائی والا نہیں ہے کہ اس کا ریاستی ڈھانچہ اتنی آسانی سے ڈھے جائے اور پاکستان بھی بدل چکا ہے، یہ ہرگز ممکن نہیں ہے کہ کابل پر طالبان دوبارہ سے قابض ہوں اور پاکستان ان کی حمایت کرے۔ایسا ہرگز نہیں ہوگا۔پاک فوج کے ترجمان نے کہا کہ پاکستان میں شدت پسندوں کی مدد افغانستان سے کی جا رہی ہے اور ہمارے پاس ایسے شواہد ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے کہ پاکستان مخالف شدت پسندوں کو بھارت، نا صرف اسلحہ اور پیسے دے رہا ہے بلکہ ان کی صلاحیت کو بڑھانے کے لیے نئی ٹیکنالوجی بھی دی جا رہی ہے۔

بقیہ 3

پلان کی منظوری دے دی ہے، اس حوالے سے معاہدے پر دستخط کی تقریب وزارت اقتصادی امور میں منعقد ہوئی جس میں خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر برائے اقتصادی امور خسرو بختیار نے کہا کہ آئی ایف سی پاکستان کا اہم مالیاتی پارٹنر رہا ہے، اور فنانسنگ معاہدہ بین الاقوامی مالیاتی ادارے کا پاکستان پر اعتماد کا مظہر ہے۔خسرو بختیار نے کہا کہ حکومت کی معاشی پالیسیوں کو بین الاقوامی سطح پر سراہا جارہا ہے، کورونا سے متاثر معیشت بحال ہونا شروع

نوجوان ملک وقوم کا سرمایہ ہیں، ضیاء لانگو

موجودہ حکومت نوجوان کو با اختیار بنانے اوران کی فلاح و بہبود پر خصوصی توجہ دے رہی ہے

صوبائی حکومت اصلاحات کے ایجنڈے کی تکمیل کے لئے موثر اقدامات اٹھارہی ہے، صوبائی وزیر داخلہ

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے بلوچستان میں قانون نافذ کرنے والے صوبائی اداروں میں اصلاحات اور گڈ گورننس کو صوبائی حکومت کی اولین ترجیحات میں سے ایک قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ صوبائی حکومت اصلاحات کے ایجنڈے کی تکمیل کے لئے موثر اقدامات اٹھارہی ہے، اداروں میں اصلاحات کے عمل کے ساتھ ساتھ عوامی فلاح و بہبود کے ترقیاتی منصوبوں پر بھی کام تیزی سے جاری ہے اور صوبائی حکومت کے ان اقدامات کے مثبت نتائج سامنے آرہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان ملک وقوم کا سرمایہ ہیں اور

بقیہ 28 صفحہ نمبر2 پر ملاحظہ فرمائیں

خادم بن کر ہی عوام کی بہتر خدمت کی جاسکتی ہے، عبدالحی عامر

عوام کی جان و مال کی حفاظت کرنا پولیس کی ذمہ داری ہے، ایس ایس پی نصیر آباد

گنداواہ (نامہ نگار) ایس ایس پی نصیر آباد، جھل مگسی عبدالحی عامر بلوچ نے کہا ہے کہ عوام کی جان و مال کی حفاظت کرنا پولیس کی ذمہ داری ہے خادم بن کر ہی عوام کی بہتر خدمت کی جاسکتی ہے پولیس جوان امن وامان کی بحالی کیلئے کردار ادا کر رہے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایس پی ہاؤس گنداواہ میں خصوصی نمائندے سے بات چیت کرتے ہوئے

بقیہ 32 صفحہ نمبر2 پر ملاحظہ فرمائیں

غریب لوگ نان وشبینہ کے محتاج ہوکر رہ گئے ہیں، مولانا خلیل بلیدی

مہنگائی، بیروزگاری عروج پر ہے، غریب کی قوت خرید جواب دے گئی

خضدار (این این آئی) جے یو آئی کے بلوچستان سے سینٹ کے امیدوار اور مرکزی مجلس شوریٰ کے رکن مولانا خلیل احمد بلیدی نے کہا ہے کہ ملک میں اس وقت جو صورتحال قائم ہے وہ ملک وقوم کے بالکل بھی مفاد میں نہیں ہے، مہنگائی، بے روزگاری جس طرح عروج پر ہے اس سے غریب کی قوت خرید جواب دے گئی ہے غریب لوگ نان وشبینہ کے

بقیہ 33 صفحہ نمبر2 پر ملاحظہ فرمائیں

دالبندین، ٹریفک جام نے تاجروں کو سخت پریشانی میں مبتلا کر دیا ہے، صمد مینگل

دالبندین (نامہ نگار) ضلع چاغی کے قبائلی رہنماؤں حافظ عبدالصمد مینگل، امان اللہ مینگل، عبدالرشید محمد حسنی، محمد ہاشم مینگل نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا ضلع چاغی کے ہیڈکوارٹر دالبندین سے پچیس کلومیٹر کے فاصلے پر واقع افغان مہاجر کیمپ گردی

بقیہ 29 صفحہ نمبر2 پر ملاحظہ فرمائیں

بولان، بھاگ مین بازار میں جاری ترقیاتی کام ایک سال گزرنے کے باوجود تعطل کا شکار

بولان (رمضان بھٹو) بھاگ مین بازار سے کریم بمھان محلہ تک جانے والی سڑک کا کام ایک سال گزرنے کے باوجود بھی مکمل نہ ہوسکا جس کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ حالیہ میونسپل کمیٹی بھاگ کی

بقیہ 30 صفحہ نمبر2 پر ملاحظہ فرمائیں

اسسٹنٹ کمشنر چمن کی زیر صدارت پرائس کنٹرول کمیٹی کا اجلاس

چمن (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر چمن سلیم خان کاکڑ کی سربراہی میں پرائس کنٹرول کمیٹی کا اجلاس ہوا جس میں ایس ایچ او مقصود سینیٹری چیف انسپکٹر اصغر اچکزئی رسالدار میجر نصیب اللہ خان اچکزئی فتح محمد جمعیت علماء اسلام رہنماء مفتی محمد قاسم اور انجمن تاجران صدر

بقیہ 31 صفحہ نمبر2 پر ملاحظہ فرمائیں

پشین، چیف افسر میونسپل کارپوریشن کے ہدایت پر کلی مچان میں سٹریٹ لائٹس کی مرمت کی جارہی ہیں

کوہلو میں موسم بہار شجرکاری مہم جاری ہے

اب تک مختلف علاقوں میں 3 ہزار سے زائد پودے لگائے گئیں ہیں

کوہلو (خ ن) کوہلو میں موسم بہار شجرکاری مہم جاری ہے اب تک ضلع میں محکمہ جنگلات کی جانب سے مختلف علاقوں میں 3 ہزار سے زائد پودے لگائے گئیں ہیں جبکہ 10 ہزار سے زائد پودے سرکاری محکموں، شہریوں اور سوشل سیکٹر کیلئے تقسیم کئے گئے ہیں گزشتہ روز ڈویژنل فوریسٹ آفیسر محمد اعظم خان مجک نے ضلع کے مختلف علاقوں میں جاری شجرکاری

بقیہ 35 صفحہ نمبر2 پر ملاحظہ فرمائیں

سینٹرل پولیس آفس بلوچستان کوئٹہ کے اعلامیے

کوئٹہ (خ ن) سینٹرل پولیس آفس بلوچستان کوئٹہ کے ایک اعلامیہ کے مطابق لیفٹیننٹ (ر) عطاء الرحمٰن (پی ایس پی / بی ایس-18) ایس پی ڈیرہ بگٹی کا تبادلہ کر کے انہیں ریجنل آفیسر سی ٹی ڈی سبی لیفٹیننٹ (ر) محمد بلوچ (پی ایس پی / بی ایس

بقیہ 34 صفحہ نمبر2 پر ملاحظہ فرمائیں

ڈسکہ کی دھند نے حکومت کو بے نقاب کر دیا ہے، شیری رحمٰن

پی ڈی ایم حکمرانوں کے اعصاب پر سوار ہوگئی ہے، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی نائب صدر شیری رحمٰن نے کہا ہے کہ ڈسکہ کی دھند نے حکومت کو بے نقاب کر دیا ہے، یزیدی سرکاری یتیمی سرکار ہوگئی ہے، پی ڈی ایم حکمرانوں کے اعصاب پر سوار ہوگئی ہے، پی ٹی آئی کے بھگوڑے انکے قابو میں نہیں رہے۔ بدھ کو سینیٹر شیری رحمان نے میڈیا سے گفتگو کرتے کہا کہ اہم نوعیت کا مسئلہ

بقیہ 37 صفحہ نمبر2 پر ملاحظہ فرمائیں

شہید نواب غوث بخش رئیسانی میموریل ہسپتال میں کرونا ویکسینیشن کا افتتاح کیا گیا

کوئٹہ (خ ن) شہید نواب غوث بخش رئیسانی میموریل اسپتال مستونگ کے ترجمان کے جاری کردہ بیان کے مطابق ہسپتال میں کرونا ویکسینیشن کا افتتاح کیا گیا پہلے مرحلے میں شہید نواب غوث بخش

بقیہ 38 صفحہ نمبر2 پر ملاحظہ فرمائیں

ڈپٹی کمشنر سبی کے تبادلے کی شدید الفاظ میں مزمت کرتے ہیں، ملک ساجد بنگلزئی

سبی (نمائندہ امروز) ڈپٹی کمشنر سبی ڈاکٹر محمد یاسر بازئی کے تبادلے کی شدید الفاظ میں مزمت کرتے ہیں ملک ساجد بنگلزئی. تفصیلات کے مطابق ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشن سبی کے صدر ملک ساجد بنگلزئی نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ ایک سچے اور ایماندار آفیسر کا تبادلہ کسی صورت قبول نہیں کریں گے ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر محمد یاسر کا بلاوجہ تبادلہ کر کے ایک کرپٹ ڈپٹی کمشنر ہم پر مسلط کیا جارہاہے جو پہلے وقت گزار کر گیا ہے اور اسکے

بقیہ 36 صفحہ نمبر2 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال سے سینیٹر سرفراز احمد بگٹی ملاقات کررہے ہیں

لسبیلہ کے مقامی قدیمی قبائل کے وفد کی ڈپٹی کمشنر لسبیلہ سے ملاقات

لسبیلہ میں غیر مقامیوں کو لوکل سرٹیفکیٹس جاری کرنے پر پابندی کا مطالبہ

اوتھل (رپورٹ، شفیق احمد چنہ) لسبیلہ کے مقامی قدیمی قبائل کے وفد کی ڈپٹی کمشنر لسبیلہ سے ملاقات، لسبیلہ میں غیر مقامیوں کو لوکل سرٹیفکیٹس جاری کرنے پر پابندی کا مطالبہ، لسبیلہ کی گزٹیڈ لسٹ میں شامل قبائل کے علاوہ غیر مقامیوں کو لوکل سرٹیفکیٹ کسی صورت جاری کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، غیر مقامیوں کو لوکل سرٹیفکیٹ جاری

بقیہ 6 صفحہ نمبر2 پر ملاحظہ فرمائیں

ڈپٹی کمشنر جھل مگسی ڈاکٹر شرجیل نور کا جھل مگسی رولر ہیلتھ سنٹر کا دورہ

عوام کو دی جانے والی طبی سہولیات کے متعلق آگاہی حاصل کی

جھل مگسی (خ ن) ڈپٹی کمشنر جھل مگسی ڈاکٹر شرجیل نور نے جھل مگسی رولر ہیلتھ سنٹر کا دورہ کیا عوام کو دی جانے والی طبی سہولیات کے متعلق آگاہی حاصل کی اور ڈاکٹر پیرا میڈیکل اسٹاف کا حاضری رجسٹرڈ چیک کیا اس موقع پر انہوں نے ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل اسٹاف سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو طبی سہولیات کی فراہمی میں کوئی کسر نہ

بقیہ 7 صفحہ نمبر2 پر ملاحظہ فرمائیں

ضلع میں طویل عرصے سے پانی کی شدید قلت برقرار ہے، غازی خان مری

محکمہ پی ایچ ای خواب غفلت میں ہے، جس سے شہری پانی کے بوند بوند کے لئے ترس گئے ہیں

کوہلو (این این آئی) کوہلو میں شہری پانی کے بحران پر سڑکوں پر نکل گئیں ہیں شہریوں نے گزشتہ روز ضلع میں پانی اور بجلی کی عدم فراہمی کے خلاف ڈی سی آفس کے قریب بلوچستان پنجاب قومی شاہراہ پر ٹائر جلا کر ہر قسم کی ٹریفک کے لئے شاہراہ بند کردی۔ بلوچستان پنجاب قومی شاہراہ بند ہونے سے گاڑیوں کی طویل لائنیں لگ گئی جبکہ احتجاجی

بقیہ 8 صفحہ نمبر2 پر ملاحظہ فرمائیں

پنجگور سے متصل بارڈر بند ہونے کی وجہ سے شہر میں ٹریفک پچاس فیصد کم

تیل اور دیگر اشیاء کی قیمتوں میں بھی اضافہ شہری مشکلات کا شکار

پنجگور (این این آئی) ایران کے سرحدی علاقوں میں کشیدگی کے باعث پنجگور سے متصل بارڈر بند ہونے کی وجہ سے شہر میں ٹریفک پچاس فیصد کم تیل اور دیگر اشیاء کی قیمتوں میں بھی اضافہ شہری مشکلات کا شکار ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق ایران میں گزشتہ روز کے ناخوشگوار واقعہ جس میں ایک درجن کے قریب لوگوں کی شہادت اور زخمی ہوئے تھے

بقیہ 10 صفحہ نمبر2 پر ملاحظہ فرمائیں

صحت کا شعبہ بلوچستان میں سب سے زیادہ توجہ کا طلب گار ہے، شاہ عرفان

ہمیں چاہیے کہ ہم لوگوں کی علاج معالجے کے منصوبوں میں کام کے معیار کو اپنی ترجیحات میں سرفہرست رکھیں

تربت (خ ن) کمشنر مکران شاہ عرفان غرشین نے گزشتہ روز ڈپٹی کمشنر کیچ میجر الیاس کبزئی کے ہمراہ ٹیچنگ ہسپتال تربت کا دورہ کیا اس موقع پر ڈپٹی پروجیکٹ ڈائریکٹر تربت سٹی ڈولپمنٹ پروگرام منظور بلوچ موجود تھے۔ اس دوران ڈپٹی ڈی۔ ٹی سی ڈی پی منظور بلوچ نے کمشنر مکران کو ہسپتال میں زیر تعمیر ترقیاتی منصوبوں کے بارے میں

بقیہ 13 صفحہ نمبر2 پر ملاحظہ فرمائیں

یوٹیلیٹی اسٹورز پر چینی 68 فی کلو کے حساب سے صارفین کو دی جارہی ہے، عمر لودھی

یوٹیلیٹی اسٹورز کے پاس وافر مقدار میں چینی کا ذخیرہ موجود ہے، انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) ایم ڈی یوٹیلیٹی سٹورز عمر لودھی نے کہا ہے کہ یوٹیلیٹی اسٹورز پر چینی 68 فی کلو کے حساب سے صارفین کو دی جارہی ہے۔ ایک انٹرویو میں ایم ڈی یوٹیلیٹی سٹورز نے بتایا کہ اس وقت بھی یوٹیلیٹی اسٹورز پر چینی 68 فی کلو کے حساب سے صارفین کو دی جارہی ہے، یوٹیلیٹی اسٹورز کے پاس وافر مقدار میں چینی کا ذخیرہ موجود ہے، یوٹیلیٹی اسٹورز پر چینی کی کمی سے متعلق خبروں میں کوئی صداقت نہیں۔ عمر لودھی نے بتایا کہ چینی کی ذخیرہ

بقیہ 14 صفحہ نمبر2 پر ملاحظہ فرمائیں

صوبے کے حقوق پر کسی کو ڈاکہ ڈالنے کی اجازت نہیں دینگے، سردار یعقوب ناصر

حکومت کی غلط پالیسیوں کی وجہ سے پاک چین تعلقات کو خطرہ لاحق ہوگیا ہے، رہنماء (ن) لیگ بلوچستان

چین سی پیک منصوبے کے عیوض سالانہ سات ہزار سکالرشپ پر بلوچستان کے طلباء وطالبات کیلئے مفت تعلیم کی سہولت فراہم کر رہا ہے

لورالائی (این این آئی) پی ڈی ایم کے رہنما و مسلم لیگ (ن) کے مرکزی سینئر نائب صدر سینٹ کے سٹینڈنگ کمیٹی برائے بین الصوبائی رابطہ کے چیئرمین سینیٹر سردار محمد یعقوب خان ناصر نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت کی غلط پالیسیوں کی وجہ سے پاک چین تعلقات کو خطرہ لاحق ہوگیا ہے چین سی پیک منصوبے کے عیوض پاکستانی طلباء کیلئے سالانہ سات ہزار اسکالرشپ پر بلوچستان کے طلباء و طالبات کیلئے مفت تعلیم کی سہولت فراہم کر رہا ہے لیکن بلوچستان کے ایک طالبعلم کو بھی چین میں مفت اور اعلیٰ تعلیم کیلئے نہیں

بقیہ 1 صفحہ نمبر2 پر ملاحظہ فرمائیں

انٹرنیٹ سسٹم کی سہولت ایک ضروری شہ بن چکی ہے، بی این پی

تاجر برادری سمیت عام شہری بھی انٹرنیٹ سروس کے حوالے سے سخت پریشان ہیں

دالبندین (نامہ نگار) بلوچستان نیشنل پارٹی تحصیل دالبندین کے جاری کردہ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ پورے پاکستان میں 4 جی سروس فراہم کرنے والا زونگ کمپنی دالبندین کے عوام کے ساتھ سوتیلی ماں جیسا سلوک کر رہا ہے زونگ 4 جی نہ ہونے کی وجہ سے طالب علموں کو آن لائن کلاسز لینے میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ اسی طرح

بقیہ 2 صفحہ نمبر2 پر ملاحظہ فرمائیں

دالبندین کے لوگوں کیساتھ ہر دور میں ناانصافیاں ہوتی رہی ہے، جمعیت نظریاتی

دالبندین (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع چاغی کے امیر مولانا حافظ شبیر احمد محمد حسنی سینئر نائب امیر محمد خیر بڑیچ امیر دوئم مولانا عبدالجلیل امیر سوئم حاجی عبدالباری شاہوزئی جنرل سیکرٹری مولانا اللہ بخش ناروئی ڈپٹی سیکرٹری رفیق شاہین سیکرٹری دوئم

بقیہ 4 صفحہ نمبر2 پر ملاحظہ فرمائیں

قوم کو اتفاق اور اتحاد کا مظاہرہ کرنا چاہیئے، بابو ابراہیم جتوئی

ہم اپنی قوم کو کسی کے رحم وکرم پر نہیں چھوڑیں گے، تقریب سے خطاب

بولان (رمضان بھٹو) بھاگ شہر میں جتوئی طائفہ عمرانی کے زیر اہتمام جتوئی ہاؤس بھاگ میں پروقار تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ جس میں سندھ اور بلوچستان کے معتبرین اور عمائدین سمیت دیگر مہمان گرامی نے بھی شرکت کی تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا اس کے بعد تمام عمائدین اور معتبرین نے اتفاق رائے سے بابو

بقیہ 3 صفحہ نمبر2 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیراعلیٰ اور کمشنر نصیر آباد کی دلچسپی سے جعفر آباد میں افلاح عامہ کی اسکیمیں جاری ہیں

جعفرآباد (رپورٹ اسماعیل جکھرانی) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان اور کمشنر نصیرآباد عابد سلیم قریشی کی خصوصی دلچسپی کے باعث بلوچستان کے دیگر اضلاعوں کی طرح جعفرآباد میں بھی ہنگامی بنیادوں پر غریب عوام کو صحت کی سہولیات کی فراہمی

بقیہ 5 صفحہ نمبر2 پر ملاحظہ فرمائیں

اوتھل، ضلعی ہیڈکوارٹر اوتھل میں قتل ہونے والے محمد رمضان چندکی نعش کا اے ایس پی اوتھل معائنہ کررہے ہیں

ملک بھر کی طرح سبی میں بھی کرونا ویکسین لگانے کا عمل شروع کر دیا گیا

سبی (خ ن) ملک بھر کی طرح سبی میں بھی کرونا ویکسین لگانے کا عمل شروع کر دیا گیا کرونا ویکسین لگانے کا آغاز ڈپٹی کمشنر سبی ڈاکٹر محمد یاسر بازئی، ڈی ایچ او سبی ڈاکٹر محمد اکبر سولنگی اور ایم ایس سول ہسپتال ڈاکٹر محمد رفیق احمد مستوئی کی سربراہی میں کیا گیا

بقیہ 9 صفحہ نمبر2 پر ملاحظہ فرمائیں

ایران اور پاکستان کے سرحدی علاقے پر ہزاروں لوگوں کا کاروبار وابسطہ ہے، رحیم آغا

باڈر کی بندش سے ہزاروں خاندان بے روزگار ہونے کا خدشہ ہے، صدر انجمن تاجران بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) انجمن تاجران بلوچستان کے صدر رحیم آغا، جنرل سیکرٹری عمران ترین، سینئر نائب صدر حاجی نصرالدین کاکڑ، سرپرست اعلیٰ حاجی عاشق اچکزئی، نائب صدر حاجی یعقوب شاہ کاکڑ، نائب صدر میر محمد رحیم بنگلزئی، ڈپٹی جنرل سیکرٹری محمد حسین ہزارہ، ڈپٹی چیئرمین خان کاکڑ اور انجمن تاجران پنجگور کے صدر حاجی خلیل دھانی، چیئرمین

بقیہ 12 صفحہ نمبر2 پر ملاحظہ فرمائیں

سینٹرل پولیس آفس بلوچستان کوئٹہ کا اعلامیہ

کوئٹہ (خ ن) سینٹرل پولیس آفس بلوچستان کوئٹہ کے ایک اعلامیہ کے مطابق محمد یوسف (ڈی ایس پی / بی ایس-17) ایکٹینگ ڈوژنل کمانڈر بی سی زون سبی کا تبادلہ کر کے ان کی خدمات کو ایڈیشنل آئی جی / کمانڈنٹ بی سی کوئٹہ جبکہ محمد اسماعیل (ڈی ایس پی

بقیہ 11 صفحہ نمبر2 پر ملاحظہ فرمائیں

جمہوریت کی بحالی کیلئے پی ڈی ایم کی تحریک جاری رہے گی، بابت لالا

آئین وقانون پر عمل کیا جائے تو ملک ترقی کی نئی شاہراہ پر گامزن اور آئین کی بالادستی قائم ہوجائیگی، سابق صوبائی وزیر

پشتون قوم کو جان بوجھ کر دہشتگرد کے روپ میں پیش کیا جارہاہے ملک کی آزادی تعمیر وترقی میں پشتونوں کی لازوال قربانیاں ہیں

لورالائی (این این آئی) پی ڈی ایم کے مرکزی رہنما پشتون خواہ ملی عوامی پارٹی کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری سابق صوبائی وزیر عبیداللہ جان بابت لالا نے لورالائی میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں جمہوریت کی بحالی کیلئے پی ڈی ایم کی تحریک جاری رہے گی ملک میں آئین و قانون پر عمل کیا جائے تو ملک ترقی کی نئی شاہراہ پر گامزن اور آئین کی بالادستی قائم ہو جائیگی 26 مارچ کو اسلام آباد لانگ مارچ ہر صورت ہوگا عمران خان کو گھر رخصت کرنے تک پرامن مارچ جاری رہیگا انہوں نے کہ ہماری کسی ادارے سے زاتی

بقیہ 15 صفحہ نمبر2 پر ملاحظہ فرمائیں

سیکرٹری انفارمیشن سہیل رحمان بلوچ سے ڈائریکٹر نور کھیتران کی سربراہی میں ڈی جی پی آر کا وفد ملاقات کررہاہے

قوم کا بچہ بچہ بھاری سودی قرضوں تلے دبا ہوا ہے، مولانا عبدالحق ہاشمی

بلوچستان کے اہل وپڑھے لکھے نوجوان بیروزگار، عوام مہنگائی وبے روزگاری اور بدعنوانی کے آگ میں جل رہے ہیں

حکومت واپوزیشن قوم سے مخلص ہوتی تو آج ملک کی حالت اتنی خراب نہیں ہوتی، امیر جماعت اسلامی بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا ہے کہ حکومت عوام سے کئے وعدے پورے کرے مہنگائی کے سونامی نے غریب عوام کا جینا دوبھر کر دیا ہے بلوچستان کے اہل وپڑھے لکھے نوجوان بیروزگار، عوام مہنگائی وبے روزگاری اور بدعنوانی کے آگ میں جل رہے ہیں۔ امریکہ ویہودیوں کو خوش کرنے، غلامی کا حق ادا کرنے کیلئے اسلامی جمہوری پاکستان پر آئی ایم ایف اور ورلڈ بینک کے تنخواہ داروں کو مسلط کر دیا گیا ہے قرضوں کے بوجھ تلے معیشت کو تباہ اور عوام کو بدحال کیا جارہا

بقیہ 39 صفحہ نمبر2 پر ملاحظہ فرمائیں

راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی نے شیر پاؤ کالونی میں آئیسکو کا دفتر سیل کر دیا

آئیسکو دفتر کے ذمہ گزشتہ بیس سالوں کے 88 لاکھ 31 ہزار روپے واجب الادا تھے

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی نے شیر پاؤ کالونی میں آئیسکو کا دفتر سیل کر دیا۔ آئیسکو دفتر کے ذمہ گزشتہ بیس سالوں کے 88 لاکھ 31 ہزار روپے واجب الادا تھے۔ بدھ کو ڈی جی آر ڈی اے کیپٹن (ر) عبدالستار عیسانی کی ہدایت پر ایل ڈی اینڈ ای ایم نے آئیسکو دفتر سیل کیا۔ ترجمان آر ڈی اے کے مطابق آئیسکو دفتر

بقیہ 42 صفحہ نمبر2 پر ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان اسمبلی کا ریکوزیشن اجلاس جمعہ کو ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کا ریکوزیشن اجلاس جمعہ کو 4 بجے ہوگا، اجلاس میں بلوچستان اسمبلی کے حلقہ پی بی 20 پشین III سے نومنتخب رکن حلف لیں گے اور اجلاس میں امن وامان کی صورتحال، بے روزگاری اور مہنگائی کی ابتر

بقیہ 40 صفحہ نمبر2 پر ملاحظہ فرمائیں

وزارت سائنس کا منصوبوں کی جدید معیار کے مطابق تکمیل کیلئے عسکری تعاون حاصل کرنے کا اعادہ

وفاقی وزیر فواد چوہدری کی ہدایت پر تمام اداروں کے نمائندگان پر مشتمل ایک ورکنگ گروپ کی تشکیل دے دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) وزارت سائنس اینڈ ٹیکنالوجی نے اپنے منصوبوں کی جدید معیار کے مطابق تکمیل کیلئے عسکری تعاون حاصل کرنے کا اعادہ کیا ہے۔ وزارت سائنس اینڈ ٹیکنالوجی میں ٹیکنالوجی کے شعبہ میں سول عسکری انٹرفیس پر اجلاس کا انعقاد ہوا جس کی سربراہی وفاقی وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی فواد چوہدری نے کی۔ اجلاس

بقیہ 43 صفحہ نمبر2 پر ملاحظہ فرمائیں

صحبت پور، آوارہ کتوں نے پانچ سالہ معصوم بچے کو جھنجھوڑ کر زخمی کر دیا

صحبت پور (این این آئی) صحبت پور میں آوارہ کتوں نے پانچ سالہ معصوم بچے سمیر احمد کھوسہ کو جھنجھوڑ کر بُری طرح زخمی کر دیا، میونسپل کمیٹی صحبت پور انتظامیہ کی غفلت کتا مار مہم شروع نہ کرنے کی وجہ سے شہر کے مختلف گلیوں، محلوں اور اردگرد کے علاقوں

بقیہ 41 صفحہ نمبر2 پر ملاحظہ فرمائیں

ڈیرہ اللہ یار میں دس روزہ صفائی مہم کا سلسلہ جاری

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) ڈیرہ اللہ یار میں دس روزہ صفائی مہم کا سلسلہ جاری ہے شہر کے پانچ سے زائد گنجان آبادی کے محلوں کی صفائی مکمل کر لی گئی ٹنوں کے حساب سے کچرہ ٹھکانے لگایا گیا میونسپل کمیٹی کے اشتراک سے انجینئر عبدالمجید بادینی کے

بقیہ 44 صفحہ نمبر2 پر ملاحظہ فرمائیں

بھاگ، جتوئی طائفہ عمرانی کے چیئرمین بابو محمد ابراہیم جتوئی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

صحبت پور، شر برادری کے مسلح افراد کی بغدار برادری پر حملہ فائرنگ سے دوافراد قتل دوزخمی

صحبت پور (این این آئی) پولیس تھانہ شہید ملک محمد علی (چٹن پٹی) کے علاقے بھنڈ میں شر برادری کے مسلح افراد کی بغدار برادری پر حملہ فائرنگ سے دو افراد قتل دو زخمی ملزمان فرار پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاشوں کو ہسپتال منتقل کر دیا۔ لاش ضروری کاروائی کے بعد ورثہ کے حوالے۔ تفصیلات کے مطابق

بقیہ 45 صفحہ نمبر2 پر ملاحظہ فرمائیں

مریم اورنگزیب کا حمزہ شہباز شریف کی ضمانت منظور ہونے پر اظہار تشکر

نیب نیازی گٹھ جوڑ نے حمزہ شہباز کو صرف سیاسی انتقام کا نشانہ بنایا، عمران صاحب کے غرور کا سر آج نیچا ہوا، بیان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی ترجمان مریم اورنگزیب نے حمزہ شہباز شریف کی ضمانت منظور ہونے پر اظہار تشکر کیا اور کہا کہ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ طویل عرصے سے ناحق قید کاٹنے والے حمزہ شہباز کو آخرکار انصاف ملا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ نیب نیازی گٹھ جوڑ نے حمزہ شہباز کو صرف سیاسی انتقام کا نشانہ بنایا، عمران

بقیہ 46 صفحہ نمبر2 پر ملاحظہ فرمائیں

احساس سروے بالکل مفت، عوام جعلسازوں سے محتاط رہیں، ثانیہ نشتر

احساس کفالت پروگرام سے لاکھوں افراد مستفید ہورہے ہیں، حکومتی ایجنڈا ملک سے بے روزگاری کا خاتمہ ہے

اساتذہ گھر پر آکر مفت سروے کریں گے، ایک پیسہ نہیں لیا جائے گا، سروے ڈیجیٹل ہوگا، کوئی بھی فارم نہیں، معاون خصوصی

تحصیل ساہیوال (این این آئی) معاون خصوصی ڈاکٹر ثانیہ نشتر نے کہا ہے کہ احساس کفالت پروگرام کی ٹیمیں گھر گھر سروے کررہی ہیں، احساس سروے الکل مفت ہے، عوام جعلسازوں سے محتاط رہیں۔ خصوصی ڈاکٹر ثانیہ نشتر نے سرگودھا میں احساس کفالت پروگرام کا جائزہ لیا، اس موقع پر ثانیہ نشتر نے کہا کہ احساس کفالت پروگرام سے لاکھوں افراد مستفید ہورہے ہیں، حکومتی ایجنڈا ملک سے بے روزگاری کا خاتمہ ہے۔ معاون خصوصی نے کہا کہ احساس کفالت پروگرام کی ٹیمیں گھر گھر سروے کررہی ہیں، سروے نئے ماڈل کے ذریعے

بقیہ 19 صفحہ نمبر2 پر ملاحظہ فرمائیں

ڈرگ فری سوسائٹی اور منشیات سے بچاؤ سے متعلق آگاہی واک

اسلام آباد انٹرنیشنل فیملی ڈرگ سپورٹ ڈے کے موقع پر ڈی چوک سے پارلیمنٹ ہاؤس تک واک کی گئی

اسلام آباد (این این آئی) ڈرگ فری سوسائٹی اور منشیات سے بچاؤ سے متعلق آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا، اسلام آباد انٹرنیشنل فیملی ڈرگ سپورٹ ڈے کے موقع پر ڈی چوک سے پارلیمنٹ ہاؤس تک واک، میجر جنرل عارف ملک ڈی جی اے این ایف واک کی قیادت کر رہے تھے۔ پارلیمانی سیکرٹری وزارت انسداد منشیات شیخ راشد شفیق بھی

بقیہ 16 صفحہ نمبر2 پر ملاحظہ فرمائیں

تعلیمی شعبے میں تفریق ختم کرنے کیلئے یکساں قومی نصاب کا نفاذ یقینی بنانا ہوگا، صدر عارف علوی

طلبہ میں کردار سازی، تنقیدی اور تخلیقی سوچ فروغ دینے پر توجہ مرکوز کرنا ہوگی، اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے کہا ہے کہ تعلیمی شعبے میں تفریق ختم کرنے کیلئے یکساں قومی نصاب کا نفاذ یقینی بنانا ہوگا۔ صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کی زیر صدارت ایوان صدر میں یکساں قومی نصاب پر اجلاس ہوا جس میں وزیر تعلیم، شفقت محمود، وزیر سائنس وٹیکنالوجی فواد چوہدری نے شرکت کی جبکہ وفاقی وزیر برائے انسانی

بقیہ 17 صفحہ نمبر2 پر ملاحظہ فرمائیں

تحریک انصاف کی مرکزی قائمہ کمیٹی برائے نظم واحتساب نے لیاقت جتوئی کو اظہار وجوہ کا نوٹس جاری کر دیا

کارروائی کیلئے معاملہ سندھ کے مغربی ریجن کی قائمہ کمیٹی برائے نظم واحتساب کو بھجوایا جارہا ہے، نوٹس

اسلام آباد (این این آئی) تحریک انصاف کی مرکزی قائمہ کمیٹی برائے نظم واحتساب نے لیاقت جتوئی کو اظہار وجوہ کا نوٹس جاری کر دیا۔ بدھ کو نوٹس تحریک انصاف کی مرکزی قائمہ کمیٹی برائے نظم واحتساب کے سربراہ سلمان آفتاب کی جانب سے جاری کیا

بقیہ 17 صفحہ نمبر2 پر ملاحظہ فرمائیں

کشمیر کے حوالے سے پاکستان کے بیانیے کو دنیا بھر میں تقویت مل رہی ہے، سردار مسعود خان

برطانوی اور امریکی کانگریس نے بھی کشمیر کے حوالے سے واز بلند کی لوگ مایوسیاں پھیلا رہے ہیں

لاہور (این این آئی) صدر آزاد جموں وکشمیر سردار مسعود خان نے کہا ہے کہ کشمیر کے حوالے سے پاکستان کے بیانیے کو دنیا بھر میں تقویت مل رہی ہے، برطانوی اور امریکی کانگریس نے بھی کشمیر کے حوالے سے آواز بلند کی ہے، کچھ لوگ مایوسیاں پھیلا رہے ہیں، خود مختار کشمیر کی آوازیں تو 1947 سے ہیں مگر مہاراجہ ہری سنگھ اور شیخ عبداللہ بھارت

بقیہ 20 صفحہ نمبر2 پر ملاحظہ فرمائیں

برقی لائنوں کی مرمت کے سلسلے میں بجلی بند رہے گی، کیسکو اعلامیہ

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق برقی لائنوں پر ضروری مرمت کے کاموں کے سلسلے میں 25 فروری کو انڈسٹریل گرڈ اسٹیشن کے ایسٹرن بائی

بقیہ 18 صفحہ نمبر2 پر ملاحظہ فرمائیں

لورالائی میں اے ٹی ایم مشینیں خراب ہونے کے باعث عوام کو مشکلات کا سامنا

لورالائی (این این آئی) لورالائی جو کہ ژوب ڈویژن کا ہیڈکوارٹر اور صوبے کا دوسرا بڑا شہر ہے اس وقت بعض بنکوں کے اے ٹی ایم مشینیں عارضی طور پر خراب ہیں بعض میں کیش کی قلت سے سرکاری

بقیہ 22 صفحہ نمبر2 پر ملاحظہ فرمائیں

جعفر آباد میں کرونا وائرس ویکسینیشن کا آغاز کیا گیا ہے، رزاق خان

سب سے پہلے فرنٹ لائن ورکرز کو ویکسین لگائے جائیں گے، ڈاکٹر قدرت اللہ جمالی

جعفرآباد (نمائندہ امروز) ڈپٹی کمشنر رزاق خان مجک اور ڈی ایچ او ڈاکٹر قدرت اللہ جمالی نے کہاہے کہ جعفرآباد میں کروناوائرس ویکسینیشن کا آغاز کیا گیا ہے سب سے پہلے فرنٹ لائن ورکرز کو ویکسین لگائے جائیں گے محکمہ صحت کی

بقیہ 23 صفحہ نمبر2 پر ملاحظہ فرمائیں

سینیٹ الیکشن میں اتحاد اور حکومتی امیدوار انشاء اللہ کامیاب ہونگے، چودھری پرویز الٰہی

الیکشن جمہوریت کا حسن ہوتا ہے، سیاسی ماحول خوشگوار ہے اتحادی اور حکومت مل کر محنت کر رہے ہیں

لاہور (این این آئی) سپیکر پنجاب اسمبلی چودھری پرویز الٰہی سے پاکستان مسلم لیگ کے سینیٹ کیلئے امیدوار کامل علی آغا نے ان کے چیمبر میں ملاقات کی جس میں ارکان صوبائی اسمبلی ساجد احمد خان بھٹی، میاں شفیع محمد، ڈاکٹر محمد افضل، چودھری احسان الحق، سیکرٹری پنجاب اسمبلی محمد خان بھٹی اور ڈی جی پارلیمانی امور عنایت اللہ لک بھی شریک تھے۔

بقیہ 21 صفحہ نمبر2 پر ملاحظہ فرمائیں

تعلیمی وتدریسی عمل جاری ہو چکا ہے، پرنسپل گورنمنٹ بوائز انٹر کالج کوتوال نواں کلی کوئٹہ

کوئٹہ (این این آئی) پرنسپل گورنمنٹ بوائز انٹر کالج کوتوال نواں کلی کوئٹہ نے ایک اعلامیہ میں کہا ہے کہ تمام طلباء کو مطلع کیا جاتا ہے کہ 22 فروری 2021ء سے کالج کھل گیا ہے اور تمام تعلیمی وتدریسی عمل

بقیہ 25 صفحہ نمبر2 پر ملاحظہ فرمائیں

جبری گمشدگیاں پورے ملک کا مسئلہ ہے

قائمہ کمیٹی نے جبری لاپتہ افراد کمیشن کے چیئرمین کو طلب کر لیا

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق کا شازیہ مری کی زیر صدارت اجلاس ہوا جس میں اظہار خیال کرتے ہوئے شازیہ مری نے کہا کہ آئندہ آن لائن اجلاس میں شرکت کی سہولت ہونی چاہیے، کوروناوائرس کی وجہ

بقیہ 24 صفحہ نمبر2 پر ملاحظہ فرمائیں

اقلیتوں کے حقوق کسی کو غصب نہیں کرنے دینگے، طاہر محمود اشرفی

اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کیلئے منبر ومحراب اپنا کردار ادا کرتا رہے گا، علماء ومشائخ کنونشن سے خطاب

لاہور (این این آئی) وزیراعظم کے نمائندہ خصوصی برائے بین المذاہب ہم آہنگی ومشرق وسطی حافظ محمد طاہر محمود اشرفی نے کہا ہے کہ تمام مدارس ومساجد، عبادتگاہوں میں یکم مارچ تا 30 مارچ تک ایک قوم ایک منزل، امن، اخوت، اعتدال کے عنوان پر استحکام پاکستان کانفرنسیں، سیمینارز اور اجتماعات اور علماء ومشائخ کنونشن ہوں گے۔ وقف املاک ایکٹ

بقیہ 26 صفحہ نمبر2 پر ملاحظہ فرمائیں

سینیٹ الیکشن کے بعد وزیراعظم کیخلاف تحریک عدم اعتماد آسکتی ہے، بلاول

ہمارے ووٹ کم ہیں لیکن حکومت کو ٹف ٹائم دینگے، ڈسکہ ضمنی الیکشن میں ثابت ہوگیا عوام پی ڈی ایم کے ساتھ ہیں

امید ہے سینیٹ انتخابات میں بیلٹ کے معاملے میں الیکشن کمیشن اور عدالت عظمی آئین کو مدنظر رکھتے ہوئے فیصلے دینگے، میڈیا سے گفتگو

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ سینیٹ الیکشن کے بعد وزیراعظم کیخلاف تحریک عدم اعتماد آسکتی ہے، ہمارے ووٹ کم ہیں لیکن ہم حکومت کو ٹف ٹائم دیں گے، ڈسکہ ضمنی الیکشن میں ثابت ہوگیا عوام پی ڈی ایم کے ساتھ ہیں، ہم چاہتے ہیں میثاق جمہوریت پر عمل ہو جو سب کے لیے بہتر ہوگا، پارلیمنٹ ہی وہ جگہ ہے جہاں قانون میں ترمیم لائی جاسکتی ہے، امید ہے کہ سینیٹ انتخابات میں بیلٹ کے معاملے میں الیکشن کمیشن اور عدالت عظمی آئین کو مدنظر رکھتے ہوئے فیصلے دیں

بقیہ 27 صفحہ نمبر2 پر ملاحظہ فرمائیں

کوہلو، ڈویژنل فوریسٹ آفیسر محمد اعظم ضلع کے مختلف علاقوں میں جاری شجرکاری مہم میں حصہ لے رہے ہیں

مزدوروں کے مطالبات حل کیے جائیں گے، چیئرمین بورڈ آف ڈائریکٹرز کیسکو

ملک میں بیروزگاری اور مہنگائی میں اضافے کی وجہ سے شہریوں کا زندہ رہنا مشکل ہوگیا ہے، رمضان اچکزئی

بلوچستان بار کونسل اور چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو وکیلوں اور کیسکو کے ایکسین صاحبان کیخلاف ماورائے قانون اقدامات اٹھانے پر کارروائی کرے

کوئٹہ (پ ر) آل پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز یونین (سی بی اے) بلوچستان کے زیر اہتمام کیسکو ہیڈ آفس میں 60 سال سے اوپر کے ریٹائرڈ آؤٹ سورس انجینئرز کی بطور چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو تعیناتی کے خلاف، گزشتہ دن ژوب میں وکیلوں کی طرف سے ایکسین قلعہ سیف اللہ اور لائن سپرنٹنڈنٹ نذیر قریشی پر حملہ کر کے انھیں زدوکوب کرنے، بعدازاں ایکسین آپریشن ڈویژن قلعہ سیف اللہ اور ایکسین جی ایس او لورالائی، ژوب اور مسافر پور کے فیڈرز بند کرنے کے غیر قانونی اقدامات کرنے اور مزدور مسائل کے حل کیلئے

بقیہ 47 صفحہ نمبر2 پر ملاحظہ فرمائیں